پھر علامہ بوصیری رحمہ اللہ تعالی نے نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی سیادت کو مطلق ثابت کرنے کے بعد ارادہ کیا ہے کہ کچھ تفصیل بیان کردیں اور آپ کا تمام انبیاءِ کرام علیہم الصلاۃ والسلام پر فوقیت رکھنا بیان کریں، کیونکہ آپ صفات کی اصل ہیں، اور محاسن اخلاق کا منبع ہیں، اس خلق سے جس کے بارے میں حدیث وارد ہے: "میزان میں جو چیز سب سے زیادہ وزنی ہوگی وہ حسنِ خلق ہے،" "اور مومنوں میں

عليه الصلوۃوالسلام: حسن الخلق۔

والعلم الذی ورد فیه : یرفع الله الذین آمنوا منكم و الذین واوتوالعلم درجات فی الدنیا من العزة و الهیبة و الكرامة و المحبة و الشریعة و الوقار و الثناء، و فی الآخرة من العطاء و البهاء و الرضاء و اللقاء و الاجر الكثیر و الرحمة و الشفاعة و تضعیف الحسنات، قال علیه الصلاۃ و السلام: ”فضل العالم علی العابد كفضل القمر لیلة البدر علی سائر الكواكب، وعبادة العالم یوما واحدا تعدل عبادة العابد اربعین سنة۔

والكرم الذی ورد فیه : ”السخاء شجرة تنبت فی الجنة، فلا یلج الجنة الا سخی“۔ ”السخی الجهول احب الی الله تعالی من العابد البخیل“۔

افضل ترین ایمان والا وہ ہے جو احسن ترین اخلاق والا ہے،، اور عرض کیا گیا دین کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسنِ خلق۔

اور وہ علم جس کے بارے میں آیت وارد ہوئی ہے: ”اللہ تعالی تم میں سے ان لوگوں کے درجات کو بلند فرماتا ہے، جو ایمان لائے اور انہیں علم دیا گیا، دنیا میں عزت، ہیبت، کرامت، محبت، شریعت، وقار، اور ثناء سے، اور آخرت میں عطا، بہاء، رضا، ملاقات، اجر کثیر، رحمت، شفاعت اور نیکیاں دوگنی کر کے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: عالم کی فضیلت عبادت گذار پر ایسے ہے جیسے چودھویں رات کے چاند کی فضیلت ہے، باقی ستاروں پر، اور عالم کی ایک دن کی عبادت بے علم عابد کی چالیس سال کی عبادت کے برابر ہے۔

اور وہ کرم جس کے بارے حدیث وارد ہوئی ہے: کہ ”سخاوت ایک درخت ہے جو جنت میں اگتا ہے، لہٰذا جنت میں سخی کے سوا کوئی نہ جائے گا،، ”سخی جاہل اللہ تعالی کو کنجوس عبادت کرنے والے سے زیادہ پسندیدہ ہے، اور اگلی بات علامہ نے نئے

فقال مستانفا، و يحتمل العطف على الصلة بحذف العاطف۔

(۳۸)

فَاقَ النَّبِيّٖنَ فِيْ خَلْقٍ وَفِيْ خُلُقٍ
وَلَمْ يُدَانُوْهُ فِيْ عِلْمٍ وَّلَا كَرَمٖ

(فاق) علا (النبيين) كل واحد منهم (فى خلق) كنصر، الصورة الظاهرة، ويدل عليه قوله صلى الله عليه وسلم: "انا املح"

ذكر فى "شواهد النبوة": ان حسنه صلى اللہعليه وسلم و جماله و تناسب اعضائه الشريفة و الطاقة جسمه اللطيف و طيب رائحته وعرقه و نزاهة بدنه المبارك كان على وجه لا يتصور عليه مزيد كما بين فى الاحاديث الصحيحة، قال انس رضى الله تعالى عنه: ما شممت عنبرًا و لا

سرے سے کی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ صلہ پر عطف ہو اور عاطف محذوف ہو۔

(فائق ہوئے) بلندی والے ہوئے (انبیاءِ کرام علیہم الصلاۃ والسلام میں سے) ہر ایک پر (خلقت میں) ظاہری شکل وصورت، کمالاتِ ظاہری، حسنِ صورت وحسنِ سیرت اور اس معنی کے مراد لینے پر نبی کریم کا اپنا ارشاد مبارک راہنمائی کرتا ہے۔: "میں حسنِ نمکین والا ہوں"۔

"شواہد النبوۃ" میں مذکور ہے: کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حسن وجمال، اور اعضاءِ شریفہ کا تناسب اور طاقت، آپ کا جسمِ لطیف، آپ کی خوشبو اور پسینہ کی مہک، آپ کے بدنِ مبارک کی نزہت اس انداز پر تھی کہ ان اوصاف کو اس سے زائد تصور ہی نہیں کیا جا سکتا، جیسا کہ احادیث صحیحہ میں بیان کیا گیا ہے، سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے: "میں نے کبھی کوئی عنبر یا کوئی کستوری رسول اللہ صلی اللہ علیہ

مسکا اطیب من رائحة رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم۔

(وَ) فاقهم (فی خلقٍ) کعنق، السیرة الباطنة، یدل علیه قوله تعالیٰ: وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ○ وذکر فیه ایضًا ان اخلاقه صلی اللّٰہ علیه وسلم من العلم والعفو والجود والشجاعة والحیاء وحسن المعاشرة مع الخلق والشفقة والرأفة والرحمة علی جمیع الخلائق والوفاء بعهد وصلة الرحم والتواضع والعدل والامانة والعفة والصدق والوقار والمروة والزهد فی الدنیا والقناعة وغیر ذلک من الاخلاق الحمیدة والاوصاف الشریفة کان فی کمال الاعتدال بحیث لم یتصور علیه مزید۔

وذکر السید علی الهمدانی فی بعض مصنفاته ان امهات

وسلم کی خوشبو سے زیادی پیاری نہیں سونگھی،،

(اور) آپ ان سب پر جیسے حسنِ خلقت میں بلند و بالا ہیں (اسی طرح آپ اخلاقِ عالیہ میں) بھی ان پر فوقیت رکھتے ہیں، خُلُق کا معنی سیرتِ باطنہ، اس مفہوم پر جو شعر سے سمجھ آرہا ہے آیتِ مبارکہ کی دلالت ہے: اور آپ بلاشک یقیناً عظیم اخلاق والے ہیں ☆ اسی سلسلہ میں نیز مذکور ہے: کہ بلاشک آپ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے اخلاق وعادات یعنی علم، درگزر، معاف کرنا، سخاوت، بہادری، حیاء، مخلوق کے ساتھ حسنِ معاشرت، شفقت، نرم دلی، تمام مخلوق پر مہربانی، اور وفاءِ عہد، صلہ رحمی، عاجزی، تواضع، عدل و انصاف، امانت، پاک دامنی، سچائی، وقار، مروّت، دنیا میں بے رغبتی، قناعت، اور اس کے علاوہ اخلاقِ حمیدہ اور اوصافِ شریفہ کامل طور پر آپ کی ذاتِ اقدس میں تھے کہ ان پر زائد ہونا ان اوصاف کا متصور ہی نہیں ہوسکتا۔

سید علی ہمدانی نے اپنی کسی تصنیف میں ذکر کیا ہے: کہ وہ اوصافِ کمال جو انسانی اخلاق کی خوبیوں میں سے ہیں اور اصلِ کمال ہیں ان میں سے بھی اصل کمال

الاوصاف الكمالية التى هى اصول مكارم الاخلاق الانسانية عشرة، و سائر الصفات الحميدة تنشعب منها و هى: العلم و الحلم و الحياء و السخاوة و التقوى و الشجاعة و العدل و الصبر و الصدق و اليقين و هذه الصفات على الكمال لا توجد فى غير ذات النبى صلى اللّٰه عليه وآله وسلم، و بقدر حصول هذه الحقائق للانبياء و الاولياء والعلماء يحصل لهم بالروح النبوية رابطة معنوية، تكون وسيلة الى قرب الحضرة الصمدية۔

(ولم يدانوه) اى لم يقرب جميع الانبياء النبى فضلًا ان يساووه او يزيدوا عليه (فى علم) من العلوم، كيف و قد قال عليه الصلوة و السلام: "علمت علم الاولين و الآخرين" و لان كمال علمه و عقله و معرفته كان بمثابة لم يوجد فى انسان اصلا بل كان خارجا عن طوق

اوصاف دس ہیں: اور باقی تمام اوصافِ حمیدہ ان سے نکلتے ہیں، اور وہ علم، بردباری، حیاء، سخاوت، تقویٰ، شجاعت، عدل وانصاف، صبر، سچ، اور یقین ہیں، اور یہ صفات کامل طور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی ذاتِ اقدس کے سوا کسی میں نہیں پائے جاتے، انبیاء، اولیاء اور علماء کو ان اوصاف میں جس قدر حاصل ہوں اس سے نبی کریم صلی علیہ وسلم کی روحِ مبارکہ سے رابطہ معنویہ حاصل ہوتا ہے، یہ رابطہ بارگاہِ صمدیت میں......قرب کا وسیلہ بن جاتا ہے۔

(اور وہ آپ کے قریب نہ ہوئے) یعنی تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ان اوصاف میں نہ ہوئے چہ جائے کہ وہ آپ کے برابر ہوتے یا بڑھ جاتے (کسی علم میں) علوم میں سے، اور یہ کیسے ہوسکتا ہے جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میں نے اولین وآخرین کے علم کو جان لیا"، اور اس لئے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم، عقل اور معرفت کا کمال اس حد تک پہنچا ہوا تھا

البشر۔

والدليل عليه انه مع كونه صلى الله عليه وسلم اميا لم يتعلم من احد اصلا، كان اعماله واحواله وشمائله على وجه، لا يفي به علم احد ولا عقله، وكان عالمًا بما في التوراة والانجيل وسائر الكتب المنزلة من غير ان يتعلم من احد او يطالعها او يجالس اهل الكتاب (ولا كرم) كيف وقد قال الله تعالى: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

ثم انه اشار الى ان الانبياء كلهم معترفون بفضله و شرفه عليه، طالبون منه معرفة المعارف و الاسرار، محتاجون اليه احتياج المتعلم (الى المعلم) فقال:

کہ کسی دوسرے انسان میں بالکل نہیں پایا جاسکتا، بلکہ بشری طاقت سے باہر ہے۔

اور اس پر دلیل یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے باوجودیکہ امی تھے، کسی ایک سے بالکل کچھ نہ سیکھا تھا آپ کے اعمال، احوال اور شمائل کا حال یہ تھا کہ ان میں کسی ایک کا علم وعقل پورا نہیں اتر سکتا، آپ اس کے بھی عالم تھے جو کچھ تورات وانجیل میں اور باقی نازل شدہ کتابوں میں تھا، کسی سے سیکھے، بغیر مطالعہ کئے بغیر، اہل کتاب سے بیٹھک کئے بغیر (اور کرم میں) یہ کیسے ہوسکتا ہے جبکہ اللہ تعالی فرماتا ہے: ”ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر،،

پھر شاعر علامہ بوصیری رحمہ اللہ تعالی نے اشارہ کیا اس بات کی طرف کہ انبیاء سارے صلوات اللہ علیہم والتسلیمات آپ فضل وشرف کا اعتراف کرنے والے ہیں، آپ سے معارف اسرار کی معرفت کے طلبگار ہیں، آپ کے اس طرح محتاج ہیں جیسے کوئی طالب علم استاذ کا محتاج ہوتا ہے، تو علامہ نے فرمایا:

٣٩

وَكُلُّهُمْ مِنْ رَسُولِ اللهِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفاً مِنَ الْبَحْرِ أَوْ رَشْفاً مِنَ الدِّيَمِ

(وَكُلُّهُمْ) أي الأنبياء عليهم السلام (مِنْ رَسُولِ اللهِ) المقدام عليهم في عالم الارواح لقوله عليه الصلاة والسلام "كنت نبيا وآدم بين الماء والطين"[١] لا من غيره، إذ لا أكمل حالاً منهم غيره عليه السلام، ووضع المظهر موضع المضمر تفخيما للشان، وهو متعلق بقوله (مُلْتَمِسٌ) خبر لكلهم اى كلهم طالب من رسول الله (غَرْفاً) كفاً من الماء.

(مِنَ الْبَحْرِ) وهو معروف، استعير لجهة الولاية التي هي عبارة عن التوجه الى الله استعارة تصريحية، وذكر الغرف ترشيح اى كلهم طالب من ولايته[٢] المحيطة بجواهر المعارف ولالى الاسرار المشار إليها بقوله عليه الصلوة والسلام.

"لى مع الله وقت، لا يسعنى فيه ملك مقرب ولا نبى مرسل"[٣].

معرفة شئ من المعارف والأسرار، وفيه رمز إلى ان علوم جميع الأنبياء بالنسبة الى علمه عليه الصلاة والسلام بمنزلة كف الماء من البحر.

---

[١] انظر: دلائل النبوة لأبي نعيم ١/٥٢ والمستدرك ٢/٦٠٠ وشرح الشفا للعلامة على القاري ١/٦٤ والخصائص الكبرى ١/٣١ ودلائل النبوة للبيهقي ١/٣٨٨ باب الوقت الذى كتب الذى كتب فيه محمد صلى الله عليه وسلم نبياً.

[٢] فى الاصل "ولاية" والصواب ما اثبت.

[٣] انظر: كتاب اللمع: ١٦١ وعوارف المعارف ٢/١٤٧ وجواهر البحار ١/٣٢٩ وقال العلامة على القارى فى الموضوعات الكبرى: ٢٢٩: معناه صحيح ولكن السند لا يعرف ويذكره الصوفية كثيراً.

اور تمام انبیاء کرام آپ کی جناب میں التماس کرنے والے ہیں آپ کے دریائے کرم سے ایک چلو یا آپکی مسلسل برسنے والی باران رحمت سے ایک قطرہ کا

(وَکُلُّهُمْ) یعنی تمام انبیاء کرام علیہم السلام (مِنْ رَّسُوْلِ اللهِ) عالم ارواح میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے مقدم تھے آپ نے خود فرمایا "میں اس وقت بھی نبی تھا جس وقت آدم (علیہ الصلوٰۃ والسلام) مٹی اور پانی کے درمیان تھے۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غیر سے نہیں مانگتے۔ اس لیے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر کوئی ایسا نہیں مظہر (رسول اللہ) کو مضمر کی جگہ رکھنا عظمت شان کی وجہ سے ہے۔ من رسول اللہ ملتمس کا متعلق ہے۔ اور ملتمسٌ کُلُّهُمْ کے لیے خبر ہے۔ یعنی سب انبیاء کرام علیہم السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے التماس کرنے والے ہیں۔ (غرفاً) پانی کا چلو۔

(مِنَ الْبَحْرِ) یہ مشہور ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو مقام و دنبہ اور ولایت و نبوت حاصل ہے۔ اس کو بیان کرنے کے لیے بحر استعارہ تصریحیہ ہے۔ اور غرفا چلو اس لیے ذکر کیا کہ ہر نبی علیہ السلام بحر نبوت و ولایت کے جواہر و معارف کا طلبگار ہے۔ اس لیے کہ آپ نے خود فرمایا۔

"میرے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور وقت ہے۔ جہاں تک کسی مقرب فرشتے اور نبی و رسول کی رسائی نہیں"۔

یہ حدیث معارف و اسرار میں سے ہے اور اس کے اندر یہ اشارہ ہے کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے علوم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں گویا

(أو رشفاً) والرشف، المص، والمراد القطرة، وفيه إشارة إلى غاية احتياجهم إليه عليه الصلاة والسلام احتياج الطفل إلى المربي۔

(من الديم) كنعم جمع ديمة كنعمة، وهو المطر الكثير الدرور، واستعيرت لجهة النبوة التي هي متعددة بكثرة الشرائع والاحكام منزلة باعتبار كل شريعة منزلة مطر استعارة تصريحية[1]، وذكر الرشف ترشيح اى كلهم طالب قطرة ماء من نبوته التي كالمطر الكثير الدرور ليكون رياض مللهم وأديانهم مخضرة ذا نضارة۔

وفيه إيماء الى أن ما بلغوه من مشكوٰة نبوة عليه الصلوٰة والسلام الى الامم من الشرائع والأحكام بمنزلة قطرة من قطرات المطر بالنسبة الى هذه الشريعه، وفى التعبير عن جهة الولاية النبوية التى هى الأولى من جهة النبوة لاجهة الولاية فى الولى لأنها وجه إلى الله تعالى ومقصودة بالذات فى جميع الأوضاع والأحوال بالبحر الذى هو جار[2] دائماً۔

وعن جهة النبوة التى هى وجه الى الخلق ومقصودة بالغير فى بعض الأحيان بالأمطار التى تكون فى بعض الأزمان وعن المطلوب من الاولى بالغرف ومن الثانية بالرشف من المناسبات مالا يخفى، ويجوز أن يراد من الاولى الثانية ومن الثانية الأولى۔

---

[1] فى الاصل "تصريحة" وهو خطأ والصواب ما اثبت۔

[2] وعبارة ب: التى هى جارية دائما۔

سمندر کے مقابلے میں ہے۔

(رَشفاً) گھونٹ۔ اس سے مراد قطرہ ہے اور اس میں دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کی بارگاہ مصطفویت شدت احتیاج کو بیان کیا۔ جیسا کہ بچہ کو والدین کی ضرورت ہوتی ہے۔

(مِنَ الدِّیَمِ) نِعَمٍ کی طرح دِیْمَۃ کی جمع ہے۔ نعمہ کی طرح۔ سخت موسلا دھار بارش۔ اس استعارے کو اس لیے ذکر کیا۔ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت تمام شریعتوں اور احکام کو جامع ہے۔ اور شریعت کا نزول بارش کے نزول سے استعارہ تصریحیہ ہے اور پھر رشف کو ذکر کیا۔ کہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام گویا نبوت کے پانی کے قطروں کے طالب ہیں۔ جس طرح بارش کے قطروں کے طلب گار ہوتے ہیں۔ تاکہ ان اقوام اور ادعیان کے باغ سرسبز و شاداب ہو۔

اور اس کے اندر اس بات کی طرف اشارہ ہے۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے جگمگاتے ہوئے سورج سے (شریعت) دیگر شریعتوں اور احکام نے بارش کے قطروں کی طرح فیض لیا۔ اور نبوی ولایت کی تعبیر صرف نبوت سے اولیٰ ہے۔ اس لیے نبوی ولایت صرف اور صرف ذات الٰہی کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور تمام حالات میں اللہ تعالیٰ ہی مقصود بالذات ہوتا ہے۔ گویا ایسا سمندر ہے، جو ہر وقت جاری رہتا ہے۔

اور اس جہت نبوت سے جو مخلوق کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔ اور بعض اوقات میں غیر مقصودی ہوتی ہے۔ اس بارش کی طرح ہے جو بعض اوقات میں برستی ہے۔ اوّل سے غرف چلو، اور دوسری سے رشف قطرہ یا گھونٹ مراد ہے۔ یہ مناسب آپ پر مخفی اور پوشیدہ نہیں ہے۔ اور یہ ممکن ہے کہ اس کے برعکس مراد ہو۔

"وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا"[1] فتدبر!

ثم[2] عطف قوله "ملتمس" بياناً لغاية أدبهم معه عليه الصلاة والسلام عند حضورهم عنده[3] ولذا روعى فى المعطوف جانب المعنى تقريراً للسابق۔

٤٠

وَوَاقِفُونَ لَدَيْهِ عِنْدَ حَدِّهِمِ
مِنْ نُقْطَةِ الْعِلْمِ أَوْ مِنْ شَكْلَةِ الْحِكَمِ

(وَوَاقِفُونَ) من الوقوف (لَدَيْهِ) أى النبى صلى الله عليه وسلم (عِنْدَ حَدِّهِمِ) المعين الذى لا يجاوزونه أصلاً ملتمسين (مِنْ نُقْطَةِ الْعِلْمِ) اى من النقطة التى هى علمه عليه الصلاة والسلام تحصيل الحقائق والمعارف الالهية، ولما كان النقطه سبب التميز[4] بين الحروف، ناسب أن يعبر بها عن العلم الذى هو سبب[5] التمييز بين الرجال، (أو) لمنع الخلو، ملتمسين۔

(مِنْ شَكْلَةِ الْحِكَمِ)[6] اى من الشكلة التى هى حكمة وشرائعه طرق إمضاء الاوامر والنواهى، ولما كانت الشكلة التى هى كتبة الحركات والنقطة مبينة للمقصود ناسب ان يعبر بها عن الشرائع[7] التى تبين ماينفع فى الدارين ومايضر۔

ثم فرع على ما ذكر من كونه عليه الصلاة والسلام افضل الخلق فى الصورة والسيرة قوله۔

---

[1] سورة البقرة، الآية ١٤٨؛ [2] وعبارة ب: عطف قوله ملتمس [3] فى الاصل، عنه والتصريب من ب۔

[4] كذا فى الاصل وفى "ب" التمييز [5] قد وردت فى الاصل كلمة: سبب، بالتكرار

[6] فى الاصل "شكله" وهو تحريف [7] كذا فى الاصل وفى ب، الشريعة۔

"اور ہر ایک کے لیے توجہ کی ایک سمت ہے کہ وہ اسی طرف پھرتا ہے"۔ غور فرمائیں۔
پھر "ملتمس" کا عطف بیانیہ ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ادب کی وجہ سے۔
پھر معطوف میں معنی کی رعایت کرتے ہوئے اپنی سابقہ بات کو پختہ کیا۔

۴۰

تمام انبیاء کرام علیہم السلام دربار رسالت میں نقطہ علم کی صورت یا اعراب حکمت کے مطابق اپنے حدود و منصب پر براجمان ہیں۔

(وَوَاقِفُوْنَ) وقوف کھڑا ہونا۔ (لَدَیْہِ) یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (عِنْدَ حَدِّھِمْ) وہ مقررہ حد جس سے مانگنے والے تجاوز نہیں کر سکتے۔ (مِنْ نُقْطَۃِ الْعِلْمِ) یعنی وہ نقطہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا علم شریف ہے۔ جو کہ حقائق اور معارف الٰہیہ کا حصول ہے۔ اور یہ نقطہ دیگر حروف کے اندر تمیز کا سبب ہے۔ "اَوْ" منع الخلو کے لیے ہے یعنی سوال کرتے ہوئے۔

(مِنْ شَکْلَۃِ الْحِکَمِ) وہ اعراب جو حکمت اور شریعت ہیں۔ یعنی اوامر اور نواہی ہیں اور جب شکلہ سے اعراب مراد ہیں۔ اور نقاط مقصود کو واضح کرتا ہے، مناسب ہی معلوم ہوتا ہے کہ شکلہ سے شریعت مراد لیں۔ وہ شریعت مطہرہ جن سے نافع اور خود دینے والے امور معلوم ہوں۔

پھر اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سیرت و صورت کے لحاظ سے افضل ہونے کا ذکر فرمایا:۔

۞

٤١

فَهُوَ الَّذِی تَمَّ مَعْنَاهُ وَصُورَتُهُ
ثُمَّ اصْطَفَاهُ حَبِیباً بَارِئُ النَّسَمِ

(فَهُوَ) النبی صلی اللہ علیہ وسلم (الَّذِی تَمَّ) کمل (مَعْنَاهُ) کمالاته المعنوية (وَصُورَتُهُ) الظاهرة ای الذی کمل کمالاته الظاهرة والباطنة منحصر فیه صلی اللہ علیه وسلم (ثُمَّ) للاستبعاد بین المضمونین (اصْطَفَاهُ) اختاره، عطف علی "تم" (حَبِیباً) مفعول ثان بتضمین معنی الجعل أی اختاره جاعلاً له حبیباً، ماخوذ من قوله علیه الصلاة والسلام۔

"ألا أنا حبیب الله ولا فخر"[1]

(بَارِئُ النَّسَمِ) موجد الخلق، والله تعالیٰ خالق من حیث أنه[2] مقدر، وباری من حیث أنه مخترع موجد، ومصور من حیث أنه مرتب صُوَرَ المخترعات والنسم جمع نسمة کحسنة بمعنی النفس بتحریک العین أو الانسان اوذی الروح۔

٤٢

مُنَزَّهٌ عَنْ شَرِیکٍ فِی مَحَاسِنِهِ
فَجَوْهَرُ الْحُسْنِ فِیهِ غَیْرُ مُنْقَسِمِ

(مُنَزَّهٌ) خبر بعد خبر لقوله فهو ای مبعد (عَنْ شَرِیکٍ فِی مَحَاسِنِهِ) کمالاته المعنوية والصورية، جمع حسن علی خلاف القیاس (فَجَوْهَرُ) حقیقة (الحسن)

---

[1] اخرجه الترمذی من حدیث ابن عباس فی أبواب المناقب ٢٠٢/٢ باب ماجاء فی فضل النبی صلی الله علیه وسلم والدارمی، ١٦، باب ما اعطی النبی (ص) من الفضل وشرح الشفا ٤٤٧/١۔

[2] کذا فی الاصل وفی ب: هو۔

۴۱

آپ کی ذات مقدسہ ظاہری اور باطنی کمالات میں مکمل ہے۔اور جن کو
خالق ارواح نے محبوب بنایا۔

(فَهُوَ) یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔(الَّذِیْ تَمَّ) جو مکمّل و کامل و اکمل ہو۔(مَعْنَاهُ) معنوی کمالات۔(وَصُوْرَتُهُ) وہ ظاہری صورت مبارکہ جس کے اندر ظاہری اور باطنی کمالات جمع ہیں۔صلی اللہ علیہ وسلم۔(ثُمَّ) یہ بعد (دوری) کیلئے ہے۔دو مضمونوں کے اندر (اصْطَفَاهُ) ان کو چن لیا۔یہ ثم پر عطف پر

(حَبِیْبًا) مفعول ثانی ہے۔اس لیے کہ اس کے اندر جعل (بنانے) کا معنیٰ ہے۔
یعنی آپ کو چن کر اور بنا کر حبیب منتخب فرمایا۔اور یہ لفظ حدیث پاک سے ماخوذ ہے۔
"خبردار میں اللہ کا حبیب ہوں اور میں یہ فخریہ نہیں کہتا۔"

(بَارِئُ النَّسَمِ) مخلوق کو بنانے والے۔اللہ تعالیٰ اس حیثیت سے خالق ہے۔کہ وہ پیدا کرنے والا ہے اور ایجاد کرنے والا ہے۔اور اس حیثیت سے مصور ہے۔کہ نئی چیزوں کی صورتیں بنایا ہے۔اور لفظ نسم نسمۃ کی جمع ہے۔حسنۃ کی طرح۔یا تو عین کی حرکت سے اس کا معنیٰ نفس ہے۔یا انسان اور یا ذی روح (جاندار) ہے۔

۴۲

آپ کی ذات مبارکہ اپنے اوصاف جلیلہ میں ہر شرکت سے منزہ ہے اور
جوہر حسن آپ کے سوا کسی میں بھی نہیں۔

(مُنَزَّهٌ) شاعر کے قول ہو۔خبر کے بعد خبر ہے۔یعنی دور ہیں۔(عَنْ شَرِیْكٍ فِیْ مَحَاسِنِهٖ) آپ کے ظاہری اور باطنی کمالات۔محاسن کا لفظ حسن کا خلاف قیاس جمع ہے۔(فَجَوْهَرُ

الكائن (فِيْهِ) صلى الله عليه وسلم (غَيْرُ مُنْقَسِمِ) إذ لم يصل أحد من الخلائق الى حد خلقه فمن توهم أنه[1] مضمون خيالى فقد غفل، وكذا من قال: ان فيه شائبة ادعاء الالهية ولذا اردفه "بدع" فتدبر!

ولما ذكر نبذا من أوصافه عليه الصلاة والسلام التى لا توجد فى الانبياء فضلاً عن غيرهم، خاف أن يفرط المخاطب ويقع فى الغلط كما غلط النصارى فقال:

٤٣

دَعْ مَا ادَّعَتْهُ النَّصَارَى فِى نَبِيِّهِمِ
وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ مَدْحاً فِيْهِ وَاحْتَكِمِ

(دَعْ) اى اترك وهو مأخوذ من قوله عليه الصلوٰة والسلام: لا تطرونى كما أطرت النصارى عيسى ابن مريم، إنما انا عبد الله، فقولوا عبد الله و رسوله[2] (مَا) الذى (ادَّعَتْهُ النَّصَارَى) جمع نصران كسكران و سكارى، وهم[3] قوم عيسى عليه الصلاة والسلام، سموا أنفسهم بذلك لادعائهم أنهم ناصروه (فِى) شان (نَبِيِّهِمِ) من ظنهم اتحاد اللاهوت بالناسوت أو الحلول فيه اى فى عيسى عليه السلام.

قال الامام الغزالى حجة الاسلام: أن القول بالاتحاد باطل، لان قول

---

[1] كذا فى الاصل وفى ب: إنه.

[2] أخرجه الترمذى من حديث عمر بن الخطاب فى الشمائل: ٣٢ باب ما جاء فى تواضع رسول الله صلى الله عليه وسلم والدارمى: ٥، ٣٢ باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: لا تطرونى، وشرح الشفا للعلى القارى ١/٢٨٩

[3] كذا فى الاصل وفى ب: هو.

حقیقت۔ (الحسن) موجود (فیہ) صلی اللہ علیہ وسلم۔ (غیر منقسم) اس لیے کہ مخلوق میں کوئی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت و صورت تک نہیں پہنچ سکتا۔ جس نے یہ سمجھا کہ یہ محض خیالی مضمون ہے اور غافل ہے۔ اور اس لیے کسی نے کہا کہ اس میں الوہیت کے دعویٰ کا شائبہ ہے۔ اس لیے شاعر نے سفر کا آغاز (دَعْ) چھوڑ۔ سے کیا۔ غور فرمائیں۔

اور جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان اوصاف جمیلہ کا بیان ہوا جو دیگر انبیاء کرام علیہم السلام میں نہیں پائی جاتیں۔ شاعر نے گمان کیا کہ کہیں عیسائیوں کی طرح مخاطب افراط میں نہ پڑ جائے۔

۴۳

عیسائیوں والی تعریف (ابن اللہ ہونا) چھوڑ! اس کے سو حکم لگا کر اور فیصلہ کر کے جو نعت کہیں۔ آپ کہہ ڈالیں۔

(دَعْ) چھوڑ دیں۔ اور یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد پاک سے لیا گیا ہے۔ مجھے اس طرح (حد سے) نہ بڑھاؤ جس طرح عیسائیوں نے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو حد سے بڑھایا۔ بیشک میں اللہ کا بندہ ہوں لہٰذا مجھے اللہ کا بندہ اور رسول کہو۔

(ما) وہ۔ (ادعتہ النصاریٰ) نصران کی جمع ہے۔ سکران اور سکاریٰ کی طرح اور یہ عیسیٰ علیہ السلام کی قوم ہے۔ انہوں نے خود کو اس لیے نصاریٰ کہا کہ بزعم خویش وہ عیسیٰ علیہ السلام کے مددگار تھے (فی) شان۔ (نبیھم) ان کا گمان تھا کہ لاہوت اور ناسوت یکجا ہو گئے۔ یا دونوں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اندر حلول کر چکے ہیں۔

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ لاہوت و ناسوت کے متحد

القائل ان العبد صار هو الرب، كلام متناقض فى نفسه، يجب أن ينزه الرب عن أن يجرى اللسان فى حقه بأمثال هذا المحال[1].

ونقول قولاً مطلقاً ان قول القائل، ان شيئاً صار شيئاً آخر، محال على الاطلاق لانا نقول.

اذا عقل زيد وحده وعمرو وحده[2].

ثم قيل،

ان زيداً صار عمرواً،

واتحد به، فلا يخلو عند الاتحاد إما ان يكون كلاهما موجودين او معدومين أو أحدهما موجوداً والآخر معدوماً ولا يمكن قسم وراء هذه الاربع.

فان كان موجودين لم يصر أحدهما عين الآخر بل عين كل واحد منهما موجود وإنما يتحد مكانهما، وذلك لا يوجب الاتحاد.

فان العلم والارادة والقدرة قد يجتمع فى ذات واحدة ولا يتباين محالها[3].

فلا يكون القدرة هى العلم.

وإن كانا معدومين فما اتحدا بل عدما، ولعل الحادث شئى ثالث.

وان كان احدهما موجوداً والآخر معدوماً فلا اتحاد، اذ لا يتحد موجود

---

[1] انظر: المرشد الامين للامام الغزالى: ٢٣

[2] وفى الاصل فى الموضعين: جده، والصواب ما اثبت.

[3] وردت فى ب: محالها.

ہونے قول باطل ہے۔ اس لیے کہ بندہ یہ کہتا ہے کہ بندہ رب بن گیا۔ یہ کلام فی نفسہٖ متناقص ہے۔ کیونکہ اس محال کے ممکن ہو جانے کی صورت میں لازم آئے گا کہ کہ اللہ تعالیٰ اس بات سے منزہ اور اعلیٰ ہے۔ اس کے حق میں بات کی جاتے۔ ہم مطلق بات کہتے ہیں۔ اس لیے کہ کہنے والا کی اس بات سے ایک چیز دوسری بن گئی۔ اور مطلقاً ناممکن اور محال ہے۔ مثلاً ہم کہتے ہیں:۔

"جب زید اور عمر کو الگ الگ سمجھ لیا"

پھر کہا جائے:۔

"زید عمرو بن گیا اور وحدت بن گیا۔

پس یہ وحدت تین صورتوں سے خالی نہیں ہو گا۔ یا تو دونوں موجود ہوں گے، یا موجود نہیں ہوں گے، یا ایک موجود ہو گا۔ اور دوسرا معدوم ہو گا۔ چوتھی قسم اس کے علاوہ نہیں بن سکتی۔

جب دونوں موجود ہوں کہ ایک دوسرے کا عین نہیں بن سکتا۔ بلکہ ہر ایک الگ الگ موجود ہے اور دونوں ایک مکان میں متحد ہیں۔ اس سے دونوں کا وحدت لازم نہیں آتا۔

اس لیے کہ علم، ارادہ، قدرت ایک ذات میں جمع ہوتی ہے اور اس کا ناممکن ہونا نہیں۔ پس قدرت ہی علم نہیں۔

۲۔ اور اگر دونوں معدوم ہوں۔ پس یہ وحدت نہیں۔ بلکہ معدوم ہیں۔ اور شاید حادث تیسری چیز ہو۔

۳۔ اور اگر ان میں سے ایک چیز موجود اور دوسری معدوم ہو۔ تو یہ وحدت نہیں

بمعدوم، فالاتحاد بين الشيئين مطلقاً محال۔

وهذا جارٍ[1] فى الذوات المتماثلة فضلاً عن المختلفة فانه يستحيل ان يصير هذا السواد ذلك السواد كما يستحيل ان يصير هذا السواد ذلك البياض أو ذلك العلم والتباين بين الرب والعبد اعظم من التباين بين السواد والعلم، فأصل الاتحاد إذن باطل، فكيف يتصور ان يقال، إن الرب حل فى العبد او العبد فى الرب، تعالى رب الارباب عما يقول الظالمون!!! وكذا الحلول، لأن المفهوم منه امران۔

احدهما النسبة التى بين الجسم والمكان الذى يكون هو فيه و ذلك لا يكون الا بين الجسمين، فالبرئ[2]۔

عن الجسميه يستحيل فى حقه ذلك، والثانى النسبة التى بين العرض والجوهر، فإن العرض يكون قيامه بالجوهر، فقد يعبر عنه بأنه حال فيه وذلك محال على كل ما قوامه بنفسه، فدع عنك ذكر الرب تعالى فى هذا المعرض فان كل ما قوامه بنفسه يستحيل أن يحل فيما قوامه بنفسه۔

الا بطريق المجاورة الواقعة بين الاجسام۔

فلا يتصور الحلول بين العبدين، فكيف يتصور بين العبد والرب

---

[1] وردت فى ب، جاء۔

[2] فى الاصل "فالرى" والتصريب من "ب"

ہے۔اس لیے کہ موجود کا معدوم کے ساتھ متحد ہونا محال ہے۔اس لیے دو چیزوں کے درمیان وحدت محال ہے۔

یہ اصول ذوات متماثلہ میں رائج ہے۔یہ بات تو اختلاف سے بالا ہے۔کہ یہ کالاپن وہ کالاپن بن جائے۔جس طرح کہ یہ محال ہے کہ یہ کالاپن وہ سفیدی بن جائے۔یا وہ علم اور تباین اللہ تعالیٰ اور بندے کے درمیان تو کالے پن اور علم کے درمیان تباین وتضاد سے بھی بڑھ کر تضاد ہے۔پس اب یہاں تو وحدت محال ہے۔تو کیسے یہ کہنے کا تصور کیا جاسکتا ہے کہ رب تعالیٰ نے بندے کے اندر حلول کیا۔یا بندے نے رب تعالیٰ کے اندر حلول کیا۔اللہ تعالیٰ رب الارباب ظالموں کے اس قول سے بلند و بالا ہے۔اور اسی طرح حلول بھی۔اس لیے کہ اس سے دو امر سمجھ میں آتے ہیں۔

۱۔پہلی وہ نسبت جو جسم اور موجودہ مکان کے اندر ہوتی ہے اور یہ اتحاد دیکھا ہونا دو جسموں کے درمیان ہی متصور ہے۔تو اس سلسلے میں جسمیت سے بری ہونا محال ہے۔

۲۔دوسری وہ نسبت ہے جو عرض اور جوہر کے درمیان ہوتی ہے۔عرض کا قیام جوہر کے ساتھ ہوتا ہے۔یوں کہا جائے گا۔کہ عرض نے جوہر کے اندر حلول کیا ہوا ہے۔اور جوہر از خود قائم ہے۔آپ اس حوالے سے اللہ تعالیٰ کا ذکر چھوڑ دیں۔ہر وہ چیز جو قائم بنفسہ ہو۔اس کا قائم بنفسہ چیز کے اندر حلول کرنا محال اور ناممکن ہوتا ہے۔

دو بندوں کے درمیان حلول کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔پس رب تعالے اور

واذا بطل الاتحاد والحلول فحيث[1] يطلق الاتحاد، يقال:

هولا يكون الا بطريق التوسع والتجوز اللائق بعادة الصوفيه والشعراء

فإنهم لأجل تحسين مواقع الكلام من الأفهام يسلكون سبيل الاستعارة

كقول الشاعر:

أنا من أهوى ومن أهوى أنا[2]

وذلك مأول عنده فإنه لايعنى به أنه هو تحقيقاً، بل كأنه هو، فإنه مستغرق الهم به، فيعبر عن هذه الحالة بالاتحاد على سبيل التجوز، وعليه ينبغى ان يحمل قول ابى يزيد رحمة الله تعالىٰ حيث قال:

"انسلخت من نفسى كما ينسلخ الحية من جلدها، ثم نظرت فإذا هو أنا"

ويكون معناه ان من ينسلخ من شهوات نفسه وهواها وهمها فلا يبقى فيه متسع لغير الله تعالى ولا يكون له همة سوى الله تعالى حتى صار مستغرقاً به يصير كأنه هو، لا أنه تحقيقاً۔

وكذا قوله إن صح عنه.

سبحانى ما أعظم شأنى.

اما ان يكون جارياً على لسانه فى معرض الحكاية عن الله تعالى واما ان يكون قد شاهد كمال حظه من صفة القدس فى الترقى بالمعرفة[3] عن الموهومات والمحسوسات

---

[1] فى الاصل "بحيث" والصواب ما اثبت۔

[2] هذا البيت ذكره العارف أبو نصر السراج فى كتاب اللمع: ص: ٤٣٨ وهو

انا من اهوى ومن اهوى انا ۔۔۔ فإذا ابصرتنى ابصرتنا

نحن روحان معاً فى جسد ۔۔۔ البس الله علينا البدنا

[3] فى الاصل "بالمعرفته" والصواب ما اثبت۔

بندے کے درمیان حلول کا تصور کیسے جا سکتا ہے۔ جب وحدت اور حلول دونوں باطل ہو گئے۔ پھر کہاں سے اتحاد ہے۔ اس سلسلے میں یہ کہا گیا۔ اس اتحاد سے مراد مجازاً اتحاد ہے۔ جس طرح کہ صوفیاء کرام اور شعراء کی عادت ہے۔ کہ سمجھانے کی خاطر استعارہ کو استعمال کر کے کلام کو خوبصورت بناتے ہیں۔ شاعر نے کہا:۔

میں انکی خواہش اور وہ میری خواہش سے ہے۔

اور اس کی اُن کے نزدیک تاویل کی گئی ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ حقیقتاً یہ ایک دوسرے کے خواہشات بن چکے ہیں۔ بلکہ گویا وہ اسی خیال میں مستغرق ہو گیا ہے۔ تو اس حالت کو مجازاً وحدت کیا گیا۔ اور اسی پر ابو یزید رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو محمول کیا جس میں انہوں نے فرمایا:

میں نفس کی چادر سے اس طرح خارج ہوا۔ جس طرح کہ سانپ اپنے چمڑے سے نکل جاتا ہے پھر میں نے دیکھا تو میں وہ (اللہ تعالیٰ) تھا۔

اس کا معنی یہ ہے کہ جو شخص نفس کی شہوتوں، خواہشات اور فکروں سے نکل گیا۔ تو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور اس کے لیے کشش نہیں رکھتا۔ اور اس کے سوا اس کی فکر نہیں ہوتی۔ جہاں تک وہ یاد الٰہی میں مستغرق ہو جاتا ہے۔ گویا کہ وہ بندہ اللہ کا قرب حاصل کر کے وہ بن جاتا ہے۔ نہ کہ حقیقتاً اللہ بن جاتا ہے۔

اور اسی طرح یہ قول بھی اگر صحیح ہو۔

میں پاک ہوں میری شان کتنی بلند ہے۔

تو یہ قول ان کے زبان پر اللہ تعالیٰ کی شان بیان کرنے کے لیے جاری ہو گیا ہو گا۔ یا موہومات اور محسوسات سے معرفت کی بلندیوں کی وجہ سے حق تعالیٰ کے

وبالهمة عن الحظوظ والشهوات، فأخبر عن قدس نفسه وقال، سبحانى، ورأى عظم شان نفسه بالإضافة إلى شان عموم الخلق فقال، ما أعظم شانى وهو مع ذلك يعلم أن قدسه (وعظم شأنه[1]، بالإضافة إلى الخلق ولا نسبة له إلى قدس الرب تعالى وعظم شأنه، ويكون قد جرى هذا اللفظ فى سكر وغلبات حال، فان الرجوع الى الصحو واعتدال الحال يوجب حفظ اللسان عن الألفاظ المؤهمة، وحال السكر لا يحتمل ذلك.

فإن جاوزت، هذين التاويلين إلى الاتحاد فذلك محال قطعاً، فلا تنظر إلى مناسب الرجال حتى تصدق بالمحال بل ينبغى أن تعرف الرجال بالحق لا الحق بالرجال، وكذا قول من قال، أنا الحق، اما أن يكون معناه معنى قول الشاعر، أنا من أهوى.

واما أن يكون قد غلط فى ذلك كما غلط النصارى.

فإن قلت، كلمات الصوفية بناء على مشاهدات، انفتحت لهم فى طور الولاية، والعقل يقصر عن درك ذلك، وما ذكرتموه تصرف ببضاعه العقل فاعلم أنه لا يجوز أن يظهر فى طور الولاية ما يحكم العقل باستحالته[2]، نعم يجوز ان يظهر ما يقصر العقل عنه بمعنى أنه لا يدرك[3] بمجرد العقل مثاله، أنه يجوز ان يكاشف الولى بأن فلانا سيموت غداً، وهذا لا يدرك ببضاعة العقل بل يقصر العقل عنه، ولا يجوز أن يكاشف بأن الله تعالى غداً سيخلق

---

[1] ما بين القوسين سقط من الاصل والتكملة من ب.

[2] فى الاصل: باستحالة، والصواب ما اثبت من: ب [3] وفى ب، بدركه.

صفات کمال کا مشاہدہ کر کے کیا ہوگا۔ یا اپنے پاک صاف نفس کے اندر طہارت و پاکیزگی کے انوار دیکھ کر اپنے آپ کے بارے کیا ہوگا۔ اعظم شانی کا جملہ دوسری مخلوق کی نسبت کیا ہوگا۔ اس وجہ سے کہ وہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ سے بھی بلند ہے۔ ممکن ہے کہ یہ قول سکر اور غلبہ حال کی وجہ سے کہا ہو۔ پس حال اعتدال کی طرف رجوع اور الفاظ موہومہ سے زبان کو محفوظ رکھنا حال سکر میں نہیں ہوسکتا۔

اگر ان تاویلات کو وحدت اور حلول کے لیے جواز بنایا جائے۔ تو یہ بالکل محال ہے۔ لوگوں کے مناصب کی طرف نظر نہ کریں۔ اس طرح کہ محال بھی ممکن ہو جائے بلکہ چاہیے کہ حق کے ذریعے لوگوں کو پہچانا جائے۔ کہ حق کو لوگوں کی وجہ سے پہچانا جائے۔ اور یہ قول بھی انہی اقوال کی طرح ہے۔ جس نے کہا کہ انا الحق۔ میں حق ہوں، اگر اس کا معنی قول شاعر کی طرح ہو۔ یعنی انا من اھوی میں اسکے خواہشات ہوں۔

اور یا عیسائیوں کے غلط اور باطل عقیدہ کی طرح ہو۔

اگر یہ کہا جائے کہ صوفیائے کرام کے ملہمات مشاہدات پر مبنی ہیں۔ انکو ولایت میں ایسے رستے مل جائیں گے۔ کہ عقل ان کو سمجھنے سے قاصر و عاجز ہوگی۔ اور جو تم نے عقلی استطاعت سے اس تصرف کو بیان کیا۔ پس جان لینا چاہیے۔ کہ ولایت کے بارے ایسی باتیں کہنا جو عقل کے لیے محال اور ناممکن ہوں۔ ناجائز و ناروا ہیں۔ ہاں اگر عقل اس کے سمجھنے اور ادراک سے قاصر ہو۔ ان کا ظاہر کرنا جائز ہے۔ مثلاً ولی یہ کہے۔ کہ فلاں بندہ کل مرے گا۔ اب یہ بات عقل کے ذریعے معلوم نہیں کی جاسکتی بلکہ عقل اس کے ادراک سے قاصر ہے۔ اور اس طرح کشف سے بتانا کہ کل اللہ تعالیٰ اس جیسا دوسرا انسان پیدا فرمائے گا۔ جائز نہیں۔ اس لیے کہ یہ عقلاً محال ہے۔ نہ

مثل نفسه، فإن ذلك يحيله العقل، لا أنه يقصر عنه، وأبعد من ذلك ان يقول، سيجعلني الله مثل نفسه۔

وأبعد من ذلك أن يقول، إن الله تعالى يصير في نفسه أي أصير أنا هو، لأن معناه، اني حادث والله تعالى يجعلني قديماً، ولست خالق السموات والارض، والله يجعلني خالقهما، وهذا معنى قوله "نظرت فإذا أناهو" إن لم يأول، ومن صدق بمثل هذا فقد انخلع عن غريزة العقل ولم يتميز عنده ما يعلم عما لا يعلم، فليصدق بأنه يجوز أن يكاشف ولي بأن الشريعة باطلة وانها وإن كانت حقاً فقلبها[1] الله تعالى باطلة، وأنه جعل جميع اقاويل الانبياء كذباً، فإن انقلاب الصدق كذباً ليس بأبعد من انقلاب الحادث قديماً، ومن لا يفرق بين ما أحاله العقل وبين ما لا[2] يناله فهو أخس من أن يخاطب، فليترك وجهله، انتهى۔

(وَاحْكُمْ) عطف على "دع" يعني بعد المجاوزة عما لا يوصف به غير الله تعالى كن حاكماً (بِمَا شِئْتَ) من الفضائل والكمالات ذاهباً الى منتهى فكرك (مَدْحاً) حال كونك مادحاً (فيه) اى النبي صلى الله عليه وسلم متعلق "باحكم" (وَاحْتَكِمِ) عطف على "احكم" اى كن حاكماً على سبيل المبالغة والقصد والاعتماد۔

---

[1] وفي ب: فقبلها۔

[2] سقطت في الاصل والتكملة من ب۔

یہ کہ اس سے عقل قاصر ہے۔ اور یہ بات تو اس سے بھی زیادہ ہے کہ جلد ہی اللہ تعالیٰ مجھے اپنے مثل بنائے گا۔

اور پھر یہ قول ان تمام اقوال سے بہت بعید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے نفس میں حلول کر گیا۔ یعنی میں وہ (اللہ تعالیٰ) ہوگیا۔ (نعوذ باللہ) اس کا مفہوم یہ ہوگا کہ مجھ حادث کو اللہ تعالیٰ نے قدیم بنا دیا۔ اور زمین و آسمان کا خالق نہیں ہے۔ اور اللہ تعالےٰ نے مجھے خالق السمٰوت والارض بنایا۔ اور یہی معنی اس قول کا ہے۔ "میں نے دیکھا تو میں وہ (اللہ) تھا۔" اگر اس کی تاویل نہ کی جائے۔ اور جس نے ان جیسی باتوں کو سچ جانا۔ وہ عقل کی طبعیت سے خارج ہوا۔ اور وہ تمیز نہ کر سکا کہ علم اور لاعلمی کیا ہے اس آدمی کی حماقت یہاں تک پہنچ سکتی ہے۔ کہ کہے کہ ولی کے کشف کے ذریعے بتایا۔ کہ شریعت باطل ہے۔ اگرچہ شریعت مطہرہ حق بھی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اب اس کو باطل کر دیا۔ اور تمام انبیاء کرام علیہم السّلام کے اقوال و فرامین نعوذ باللہ جھوٹ پر مبنی ہیں۔ اس لیے کہ سچ کا جھوٹ میں تبدیل ہونا میں حادث کا قدیم میں تبدیل ہونے سے بعید نہیں ہے۔ کہ بندہ رب بن جائے۔ اور جو آدمی محال عقلی اور نہ سمجھنے والے امر میں فرق اور تمیز نہیں کر سکتا۔ وہ مخاطب کرنے کا اہل نہیں۔ کہ اس سے بات کی جائے۔ ایسے آدمی سے کنارہ کرنا چاہیے۔

(وَاَحْکُمُ) یہ دَعْ پر عطف ہے۔ یعنی اس کی غصب الوہیت سے ہٹ کر کھل کر تعریف کی جائے۔ (بماشت) منتہا کے فکر تک ان کے کمالات و فضائل بیان کریں (مدحاً) تعریف کرتے ہوئے (فیہ) یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ فیہ باحکم کا متعلق ہے۔ (وَاحْتَکِمِ) یہ لفظ احکم پر عطف ہے۔ یعنی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

٤٢

فَانْسُبْ إِلَى ذَاتِهِ مَا شِئْتَ مِنْ شَرَفٍ
وَانْسُبْ إِلَى قَدْرِهِ مَا شِئْتَ مِنْ عِظَمِ

(فَانْسُبْ إِلَى ذَاتِهِ) صلی اللہ علیہ وسلم (مَا شِئْتَ) مفعول "اُنْسُبْ" ای الذی شئته (مِنْ شَرَفٍ) من الامور التی تتعلق بالحسن الظاهری ذاهباً الی اقصی غایتک لان دقائق حسنه وجماله لانهایة لها، فالمدح هنا هو الاعتراف بالعجز عن الادراك كما قال:

مَا إِنْ مَدَحْتُ مُحَمَّداً بِمَقَالَتِي   لٰكِنْ مَدَحْتُ مَقَالَتِي بِمُحَمَّدٍ

(وَانْسُبْ إِلَى قَدْرِهِ) مرتبته صلی اللہ علیہ وسلم (مَا شِئْتَ مِنْ عِظَمٍ) كعنب مما يتعلق بالخلق الذی هو الحسن الباطنی الذی لانهاية له، كيف وقد قال الله تعالى:

وَإِنَّكَ لَعَلىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ[1]۔

وقال عليه الصلاة والسلام۔

ادبنی ربی فاحسن تادیبی[2]۔

وقالت عائشة رضی الله عنها، لما سئلت عن خلقه: "كان خلقه القرآن"۔

---

[1] سورة القلم، الآية ۴۔

[2] راجع: شرح الشفا لعلی القاری ۱/۱۴۳ وعوارف المعارف ۳/۸۱ وشرح المواهب للزرقانی ۳/۱۰۱ والوفا لابن الجوزی ۲/۵۶۴ وكتاب اللمع ۳۱، والدرر المنتشرة ۴۵۔

[3] اخرجه مسلم فی صحیحه ۱/۸۵ وابوداود فی السنن ۵/۵۹ كتاب السنة والحاكم فی المستدرک ۲/۴۴۹ باب دلائل النبوة وانظر، دلائل النبوة لابی نعیم ۱/۵۷ ودلائل النبوة للبیهقی ۱/۲۳۱۔

کی تعریف و توصیف میں حاکم بن کر ارادے، اعتماد اور مبالغے سے کام لو۔

۴۴

تعظیم و توقیر سے اپنی نسبت اس ذات با برکات کی طرف کر جتنا تو چاہے
اور عظمتوں سے اُن کے مرتبہ کی طرف نسبت کر۔

(فَانْسُبْ اِلٰی ذَاتِہٖ) صلی اللہ علیہ وسلم۔ (مَاشِئْتَ) اُنْسُبْ کا مفعول ہے۔ یعنی وہ جو تُو چاہے (مِنْ شَرَفٍ) وہ امور جن کا تعلق ظاہری حسن سے ہے۔ خوب انتہائے کمال تک جا کر بیان کریں۔ اس لیے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حُسن و جمال کی انتہا، ہم انسانوں کے لیے نہیں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح و نعت عجز کا اعتراف ہے۔ کہ آپ ہمارے درک و فہم سے برتر و بالا ہیں۔ جیسا کہ کسی نے کہا۔

مَیں نے اپنے مقالے کے ذریعے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف نہیں کی، بلکہ میں نے اپنا مقالہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح و نعت کو خوبصورت بنایا۔

(وَانْسُبْ اِلٰی قَدْرِہٖ) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ کی طرف۔ (مَاشِئْتَ مِنْ عَظِیْمٍ) عِظَمٍ عِنَبٍ کی طرح یعنی وہ خلق جو حسن باطنی سے متعلق ہے۔ جس کی انتہا نہیں اور انتہا کیوں ہو، کہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

"اور بے شک آپ اخلاق کے بلند مرتبے پر فائز ہیں"۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

"مجھے اللہ تعالیٰ نے ادب سکھایا اور اچھا ادب سکھایا"۔

اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ جب ان سے آپ کے اخلاق کے بارے پوچھا گیا: کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق قرآن تھا"۔

ثم أنه لما آثر كلمة "ما" المفيدة للعموم اورد عليه دليلاً فقال :

۴۵

فَإِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَيْسَ لَهُ

حَدٌّ فَيُعْرِبَ عَنْهُ نَاطِقٌ بِفَمِ

(فَإِنَّ فَضْلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ) صلى الله عليه وسلم اى شرفه وعظمة وعلو درجته السنية ومرتبته البهية (لَيْسَ لَهُ) اى لفضله وشرفه (حَدٌّ) نهاية معينة حتى يمكن أن يصل اليه أحد بل كل ما يصل اليه فكر أحد ورأيه فمرتبته فوق ذلك كيف وقد قال الله تعالىٰ :-

وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْماً يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ[1]

(فَيُعْرِبَ) منصوب بتقدير "أن" فى جواب النفى اى يظهر ويبين و يكشف (عَنْهُ) اى عن ذلك الحد (نَاطِقٌ بِفَمِ) اى متكلم بفم أيا كان غير مختص بواحد بل كل من يتصور منه التكلم بالفم نوصفه بالفم على طرز قوله تعالىٰ :

وَمَا مِنْ دَابَّةٍ فِى الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ[2]

ثم اكد عدم تناهى فضله[3] قوله :-

---

[1] سورة النساء، الاية : ۱۱۳

[2] سورة الأنعام، الاية : ۳۸

[3] وورد فى ب : نضائله -

چونکہ کلمہ ما عموم کا فائدہ دیتا ہے۔ اس پر بطور دلیل ذکر کیا۔ پھر فرمایا۔

۴۵

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل ومحامد حدود سے ماوراہیں۔ فصیح زبان بولنے والا بیان نہیں کرسکتا۔

(فَاِنَّ فَضْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ) یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شرافت، عظمت، بلند درجہ اور عالی مرتبہ۔ (لَیْسَ لَہٗ) آپ کی فضیلت وشرافت۔ (حَدٌّ) مقررہ حد۔ اور جہاں تک کسی مفکر کی فکر پہنچتی ہے۔ آپ اس سے بلند وبالا ہیں۔ اور کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالے نے فرمایا:۔

"اور تیرے اوپر اللہ تعالیٰ کا بڑا فضل وکرم ہے۔ اپنی رحمت اُنکے ساتھ خاص کرتا ہے جن کو چاہتا ہے اور اللہ فضل عظیم کا مالک ہے۔

(فَیُعْرِبَ) ان مقدرہ کی وجہ سے منصوب ہے۔ نفی کے جواب میں۔ یعنی ظاہر ہوتا ہے۔ (عَنْہُ) یعنی اس حد سے۔ (نَاطِقٌ بِفَمٍ) زبان سے کلام کرنے والا۔ یعنی صرف ایک شخص سے مختص نہیں، بلکہ اس لیے ہرایک منہ اور زبان سے بات کرتا ہے۔ اِسلیے فم یعنی منہ کا ذکر کیا۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اور نہیں کوئی زمین میں چلنے والا اور نہ کوئی پرندہ کہ اپنے پروں پر اُڑتا ہے۔

پھر اس کے بعد غیر متناہی فضیلت کو تاکید سے بیان کیا۔

٤٦

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَهُ آيَاتُهُ عِظَمًا
أَحْيَ اسْمُهُ حِيْنَ يُدْعَى دَارِسَ الرِّمَمِ

(لَوْ نَاسَبَتْ) مناسبةً بالمساواة أو بالقرب (قَدْرَهُ) مفعول "ناسبت" أى رتبته السنية ومنزلته البهية (آيَاتُهُ) فاعله أى معجزاته (عِظَمًا) من حيث العظمة والشرف لا من حيث الذات بل من حيث الدلالة على النبوة أو من حيث الذات بحمل الاضافة على الاستغراق يعنى لو ناسبت معجزاته مرتبته لصارت معجزاته أن :-

(أَحْيَ اسْمُهُ) صلى الله عليه وسلم (حِيْنَ يُدْعَى) اسمه المبارك لأىّ عرض كان (دَارِسَ الرِّمَمِ) مفعول "احى" أى العظام البالية ودروسها زيادة فى البلى وهى جمع رمة كقطعة وقطع ولكن ليس كذلك، فعلم ان معجزاته ليست كمرتبته بل مرتبته أجل وأعظم من الذات أو الدلالة :

ويؤيد هذا المعنى ما قاله بعض العلماء فى قوله تعالى :

يكاد زيتها يضئ ولو لم تمسسه نار[1]

من أنه مثل ضربه الله تعالى لنبيه صلى الله عليه وسلم، انه يقرب منظره أن يدل على نبوته وإن لم يقرء القرآن[2] واليه اشار ابن رواحة[3]

[1] سورة النور، الآية ٣٥: [2] راجع، الشفا للقاضى ١/١٥٩ والتفسير الكبير ٢٣/٢٣٧ وتفسير روح البيان ٣/١٢٧ و جواهر البحار ١/٩٧ وتفسير الطبرى ١٨/١٠٦ وشواهد النبوة : ١٩ وشرح الشفا ١/٤٠ -

[3] هو عبد الله بن رواحة بن ثعلبة الخزرجى الانصارى يكنى أبا محمد، أحد النقباء، شهد بدرا وأحدا والخندق، من الشعراء المحسنين، استشهد فى غزوة سنة ٨ هـ. ترجمته فى:- اسد الغابه ٣: ١٥٦ والاصابة ٢ : ٢٩٤ والاستيعاب ٢ : ٢٨٤ -

اگر آپ کی قدر و منزلت کو معجزات کے برابر دیکھتا، تو آپ کے نام پاک سننے سے مردہ ہڈیوں میں جان آتی۔

(لَوْ نَاسَبَتْ) یہ نسبت یا تو برابری کی ہے یا قرب کی۔ (قَدْرَهٗ) ناسبت کا مفعول ہے۔ یعنی آپ کا عظیم مرتبہ اور قدر و منزلت۔ (آيَاتُهٗ) فاعل۔ آپ کے معجزات۔ (عظما) عظمت اور شرافت ذات کی وجہ سے نہیں بلکہ دلالت بلوت کی وجہ سے۔ یا ذات کی وجہ سے استغراق کے طور پر۔ یعنی اگر آپ کے معجزات کو آپکے مراتب سے نسبت کی جائے۔ تو وہ معجزات بن جائے۔

(اَحْيٰ اسْمُهٗ) صلی اللہ علیہ وسلم۔ (حِيْنَ يُدْعٰى) آپ کا اسم گرامی جس مقصد کے لیے ہو۔ (دَارِسَ الرِّمَمِ) احی کا مفعوم ہے۔ یعنی بوسیدہ ہڈیاں جن کی بوسیدگی زیادہ ہے۔ رِمم رمة کی جمع ہے۔ قطعة اور قطع کی طرح۔ لیکن اس طرح نہیں ہے۔ معلوم ہوا۔ کہ آپ کے معجزات آپ کے مرتبے کی طرح نہیں بلکہ آپ کا مرتبہ بہت بلند اور عظیم ہے ذات سے یا دلالت سے۔

اور اس کی تائید علماء کرام کے اس قول سے ہوتی ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے بارے کہا گیا۔

یہ قتال اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بیان فرمائی۔ تاکہ وہ منظر قریب ہو۔ اور اس کی نبوت پر دلالت کرے۔ اگرچہ قرآن نہ پڑھے۔ اور اس کی طرف ابن رواحہ نے اشارہ کیا۔

لو لم تكن فيه آيات مبينة
لكان منظره ينبيك بالخبر[1]

ثم اشار الى ما هو من لوازم غاية الفضل فقال:

٤٧

لم يمتحنا بما تعي العقول به
حرصاً علينا فلم نرتب ولم نهم

(لم يمتحنا) أي لم يختبرنا ولم يكلفنا عليه الصلاة والسلام (بما) بشئ (تعي) تعجز (العقول به) بذلك الشئ بأن لم تتمكن من الخروج عن عهدته من التكاليف الشاقة من قتل النفس في التوبة، واخراج ربع المال في الزكاة وقرض موضع النجاسة كما كان لبني اسرائيل، كيف وقد أتى صلى الله عليه وسلم بالحنيفية[2] السهلة البيضاء[3].

(حرصاً) مفعول له اي لم يختبرنا بذلك لأجل شفقته (علينا) يدل على ذلك قوله تعالى عز وجل:-

عزيز عليه ما عنتم حريص عليكم بالمومنين رؤف رحيم[4]

وقوله عليه الصلاة والسلام: أنا أولى بالمومنين[5] من انفسهم، فمن توفي

---

[1] انظر: التفسير الكبير ٢٣: ٣٢٧، والبيان والتبيين ١: ٢٥١، وفي البيان والتبيين: "لكانت بداهته" مكان "لكان منظره" [2] في الاصل "الخفية" والتصويب من "ب"

[3] اشارة الى قوله صلى الله عليه وسلم: احب الدين إلى الله الحنيفية السمحة" انظر: شرح السنة ٤/ ٤٧ باب الاخذ بالقصد في قيام الليل وغيره من الأمور، وصحيح البخاري ١/ ٨٦ في الايمان: باب الدين يسر، ومسند احمد ١/ ٢٣٦، والأدب المفرد للبخاري: ٢٨٦ والثاني من حديث عائشة عند احمد ٦/ ١١٦ بلفظ: اني ارسلت بحنيفية سمحة.

[4] سورة التوبة، الاية: ١٢٨ [5] ومثله ما جاء في كتاب الله من قوله تعالى: النبي أولى بالمومنين من أنفسهم" سورة الأحزاب الاية ٦.

پھر انتہائے فضیلت کے لوازمات کی طرف اشارہ کیا۔ اور فرمایا۔

۴۷

جن چیزوں سے عقول عاجز آئیں۔ ان امور سے ہمارا امتحان نہیں لیا۔
آپ ہماری ہدایت پر حریص ہیں، نہ ہمیں شک میں ڈالو، اور نہ آنکھیں بند کرکے شریعت پر چلے۔

(لَمْ یَمْتَحِنَّا) یعنی ہمیں نہ تو آزمایا۔ اور نہ تکلیف دی۔ صلی اللہ علیہ وسلم (بِمَا) کسی چیز کے ساتھ (تَعْیَ) عاجز ہوتا۔ (الْعُقُوْلُ بِہٖ) اس چیز کے ساتھ۔ اس لیے کہ انسان کا اُن تکالیف شاقہ سے نکلنا ممکن نہ تھا۔ مثلاً توبہ کے اندر نفس کا قتل کرنا۔ زکوٰۃ کے اندر مال کا چوتھائی حصہ دینا۔ اور نجات کی جگہ کا کاٹنا۔ جس طرح کہ بنی اسرائیل پر لازم تھا۔ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح فطرت کے عین تعلیمات لائے اور کس قدر آسان وسہل ہیں۔

(حِرْصًا) مفعول لہٗ ہے۔ یعنی ہمیں اپنی بے پناہ شفقت اور محبت کی وجہ سے نہ آزمایا۔ اس پر اللہ تعالیٰ کا فرمان گواہ ہے۔ "جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمہاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ "میں مومنین کو ان کی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہوں۔ جب اُن میں کوئی قرض دار مرتا ہے۔ اس کا ادا کرنا میرے ذمہ کرم پر ہے۔ اور جو مومن مال چھوڑ کر مرتا ہے تو اس کا مال اس کے وارثوں

من المؤمنين وترك ديناً، فعلى قضاوه، ومن ترك مالا فلورثته.[1]

وقوله عليه الصلاة والسلام: "لكل نبى دعوة مستجابة يدعوها فاريد إن شاء الله تعالى أن اختبئ دعوتى شفاعة لأمتى يوم القيامة".[2]

(فَلَمْ نَرْتَبْ) اى لم نقع فى الريبه والشك من الارتياب (وَلَمْ نَهِمِ) نتحير من الهيم وهو التحير.

ثم أنه بعد ما أشار إلى أنه ليس لفضائله وكمالاته حد ونهاية ليدركها أحد، أكده ليتكرر ويتقرر بقوله:

٤٨

أَعْيَى الْوَرَى فَهْمُ مَعْنَاهُ فَلَيْسَ يُرَى
لِلْقُرْبِ وَالْبُعْدِ مِنْهُ * غَيْرُ مُنْفَحِمِ

(أَعْيَى) أعجز (الْوَرَى) الخلق كلهم (فَهْمُ) إدراك (مَعْنَاهُ) كمالاته المعنوية المشار إليها بقوله: ﴿إِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ﴾[3]

من صدق الحديث والوفاء بالعهد وأداء الأمانة وترك الخيانة وحفظ الجوار ورحمة اليتيم ولين الكلام وبذل السلام وحسن العمل وقصر الأمل وحب الاخرة وحفظ الجناح وكمال العلم والعقل والعفو والجود والشجاعة والحياء وحسن المعاشرة مع الخلق والتواضع والعدل والعفة والوقار والمروة والزهد فى الدنيا والقناعة وغير ذلك من الأخلاق الحميدة والاوصاف الشريفة

[1] أخرجه ابن حبان فى "صحيحه" من حديث جابر فى باب الاعتصام بالسنة ١/١٢٥ ومسلم فى صحيحه ١/٢٢٧ وابن ماجه فى سننه ١/١٧ باب اجتناب البدع والجدل.
[2] أخرجه البخارى من حديث ابى هريرة فى الدعوات ٤/١٢٥ باب لكل نبى دعوة مستجابه ومسلم فى صحيحه ١/١٣٥ فى الايمان، باب اختباء النبى صلى الله عليه وسلم دعوة الشفاعة لامته والدارمى: ٣٢٨ باب أن لكل نبى دعوة.
[3] سورة القلم، الآية: ٤.

* وفى بعض النسخ للقصيدة: فيه.

کے لیے ہے۔

اور اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:۔

"ہر نبی کے لئے ایک دعا ہوتی ہے جو وہ مانگتا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ اپنی دعا کو اٹھا رکھوں جو آخرت میں میری اُمت کی شفاعت ہو"۔

(فَلَمْ نَرْتَبْ) یعنی ہم شک میں پڑے ہی نہیں۔ (وَلَمْ نَهِمْ) ہم اس محبت پر حیران ہیں۔

اس کے بعد شاعر نے اس بات کی طرف اشارہ کیا۔ کہ آپکے فضائل وکمالات کی حد اور انتہا نہیں۔ اور ہر ادراک وفہم سے بالا و برتر ہیں۔ اس بات کو تاکید، تکرار پختگی کے ساتھ یوں بیان کیا۔

۴۸

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت سمجھنے میں مخلوق عاجز ہو گئی۔ اور ہر قریب و بعید آپ کے سامنے عاجز ولاجواب ہو گیا۔

(اَعْیٰ) عاجز کیا۔ (اَلْوَرٰی) تمام مخلوق۔ (فَهْمُ) ادراک اور سمجھ۔ (مَعْنَاهُ) کمالات معنویہ۔ جن کی طرف اس ارشاد پاک میں اشارہ ہے۔

"بے شک آپ اخلاق حسنہ کے بلند مرتبے پر فائز ہیں"۔

سچی بات، وعدہ پورا کرنا، امانت ادا کرنا، خیانت کا ترک، پڑوسیوں کی حفاظت، یتیم پر رحمت، نرم گفتگو، سلام کہنا، حسن عمل، اُمید کی دل شکنی، محبت آخرت، عقل، عفو، سخاوت، شجاعت اور اس کے سوا دوسرے امور جو اخلاق حسنہ اور اوصاف کریمہ جن کو احاطہ شمار میں لانا ممکن نہیں۔ ان سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم

مما لا يدخل تحت العدّ والإحصاء -

(فَلَيسَ) الخلق (يُرَى) يعلم[1] أحداً من المخلوقين (لِلقُرْبِ) وقت قربه منه صلّى الله عليه وسلّم زماناً أو مكاناً أو مرتبة (وَالبُعْدِ مِنْهُ) كذلك -

(غَيرَ مُنفَحِمٍ) ساكت عن ادراك حقيقته[2]، عاجز عن بيان مجمل ما فيه فضلاً عن تفصيله قائلاً بأن هذا خارج عن طوق البشر وإنما هو شأن خالق القوى والقدر إذ ليس الشأن يرى أحد فى الكون والمكان وقت قربه منه وبعده منه كذلك غير منفحم ساكت عاجز عند الاستعلام من كشف كمالاته[3] ومعترف بقصوره ونقصانه لدى الاستفهام عن بيان حاله، ويجوز أن يكون يرى من رؤية[4] البصر والنائب قوله غير منفحم -

٧٩

كَالشَّمْسِ تَظْهَرُ لِلعَيْنَيْنِ مِنْ بُعُدٍ
صَغِيرَةً وَّتُكِلُّ الطَّرْفَ مِنْ أَمَمِ

(كَالشَّمْسِ) أى هو صلّى الله عليه وسلّم كالشمس فى عجز القريب والبعيد عن ادراك الحقيقة وهذا كالدليل على ما فى البيت السابق (تَظْهَرُ لِلعَيْنَيْنِ مِنْ بُعُدٍ) كعنق جملة مستانفة لبيان حال الشمس أو حال (صَغِيرَةً) قدر المراة خلاف ما هى عليه فى نفس الأمر (وَتُكِلُّ) بالضم اى توضع فى الكلال والعى (الطَّرْفَ) العين (مِنْ أَمَمٍ) قرب -

يعنى أن حاله صلّى الله عليه وسلّم كحال الشمس فكما لا يدركها كما

---

[1] سقطت فى الأصل والتكملة من ب -

[2] وردت فى ب، حقيقة -

[3] وردت فى ب، كماله -

[4] فى الأصل "رونة" والصواب ما اثبت -

بدرجہ اتم متصف تھے۔

(فَلَیْسَ) مخلوق۔ (یُدْرِی) مخلوق میں ایک جانتا ہے۔ (لِلقُرْبِ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانے، مکان یا مرتبے کے لحاظ سے قرب (وَالْبُعْدِ مِنْہُ) اسی طرح۔

(غَیْرُ مُنْحَمِ) حقیقت کو سمجھنے سے ساکت، اور بیان مجمل کی وضاحت سے عاجز، اور تفصیل سے بیان کرنا انسانی بساط سے باہر ہے۔ یہ خالق کی شان ہے۔ کون ومکان میں یہ شان اور کسی کے پاس نہیں۔ اس طرح کون ومکان میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی آپ کی حالت قرب وبعد کو نہیں دیکھ سکتا۔ باقی ہر کوئی اپنی کمی اور نقص کا اعتراف کرنے والا ہے۔ کہ آپ کی عزت وعظمت کو بیان کیا جا سکے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ یہاں روایت سے مراد آنکھ سے دیکھنا مراد ہو۔ اور اس قول غیر منفحم کا نائب ہے۔

۴۹

آپ صلی اللہ علیہ وسلم سورج کی طرح بظاہر دور لگتے ہیں۔ لیکن دیکھنے میں
دور ونزدیک ہر نظر میں خیر کر دیتے ہیں۔

(کَالشَّمْسِ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سورج کی طرح ہیں۔ قرب اور بعد کی حقیقتوں کو سمجھنے سے ادراک عاجز ہے اور یہ سابقہ بیت میں دلیل کی طرح ہے۔ (تَظْھَرُ لِلْعَیْنَیْنِ مِنْ بُعُدٍ) بُعُدٌ غَنَقٌ کی طرح شمس کے حال کو بیان کرنے کے لیے جملہ مستانفہ ہے۔ اور یہ حال ہے۔ (صَغِیْرَۃٌ) آئینے کے اندازے کے مطابق جو نفس امر اس پر ہے۔ (وَتُکِلُّ) بیش کے ساتھ ہے۔ عاجزی اور درماندگی کی جگہ رکھا گیا۔ (الطَّرْفَ) آنکھ۔ (مِنْ اَمَمٍ) نزدیک۔

یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حال سورج کی طرح ہے۔ جس طرح سورج

هی فی نفس الأمر القریب والبعید کذلك هو علیه الصلاة والسلام البعید منه لایعلمه کماهو، بل یحسبه أنه رجل کسائر الرجال، والقریب منه کذلك، بأنه فانٍ فی ذاته، مستور تحت سطوات انواره، متحیر من دقائق حسنه وحقائق حاله. کما حکی عن علی رضی الله عنه أنه سئل عن خلقه علیه الصلاة والسلام فقال: إن الله تعالی مع انه وصف نعم الدنیا بالقلة بقوله تعالی:

قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ[1]

وقال:

وَإِنْ تَعُدُّوا نِعْمَةَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا[2]

فکیف نبین خلقه مع أنه قال فی حقه:

وَإِنَّكَ لَعَلَى خُلُقٍ عَظِيمٍ[3]

ثم أنه بعد ما أشار إلی أن کمالاته علیه الصلاة والسلام لا یدرکها القریب والبعید علی الإطلاق.

أشار إلی الاستبعاد عن أن یدرکها قوم محجوبون بحجب الغفلات بقوله:

---

[1] سورة النساء، الآیة: ٧٧

[2] سورة النحل، الآیة: ١٨

[3] سورة القلم، الآیة: ٤

نفس الامر میں قرب اور بعد کے لحاظ سے نہیں سمجھا جا سکتا۔ اس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے بہت دور ہیں کہ کوئی آپ کو کما حقہ، پہچان سکے۔ بلکہ انسان یہ گمان کرتا ہے کہ آپ دیگر انسانوں کی طرح ہیں۔ اور قریب الفہم بھی یہی ہے۔ حالانکہ صلی اللہ علیہ وسلم ذات نور الٰہی میں مستور اور اس کی ذات میں فانی ہے۔ اور حسن وحال کے حقائق دقائق میں گم ہے۔ جس طرح کہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ جب سوال ہوا کہ نبی کریم کے اخلاق کیا تھے؟ تو فرمایا: اس کے باوجود کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا کی نعمتوں کو قلیل اور کم فرمایا:

"فرمائیے دنیاوی ساز و سامان تھوڑا ہے"۔

اور فرمایا:۔

"اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو۔ تو شمار نہیں کر سکو گے"۔

پھر ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق عالیہ کو کیسے بیان کر سکتے ہیں۔ کہ آپ کے حق میں فرمایا:۔

"اور بے شک آپ اخلاق عالیہ کو کیسے بیان کر سکتے ہیں"۔

پھر اس کے بعد اشارہ کیا کہ آپ کے کمالات و فضائل اور محامد و خصائل قطعاً قرب اور بُعد کی سمجھ سے بلند و بالا ہیں۔

شاعر نے اس طرح اشارہ کیا کہ وہ قوم جو مختلف علاقوں اور حجابات میں محجوب ہو۔ وہ کہا جائے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت شان کیا ہے۔

☆

٥٠

وَكَيْفَ يُدْرِكُ فِي الدُّنْيَا حَقِيْقَتَهُ
قَوْمٌ نِيَامٌ تَسَلَّوْا عَنْهُ بِالْحُلُمِ

(وَكَيْفَ) استفهام انكاری ای لا (يُدْرِكُ فِي الدُّنْيَا) التی هی دار الغفلات والجهالات ومعدن الكدورات والشهوات (حَقِيْقَتَهُ فِي الدُّنْيَا) ذاته صلی الله علیه وسلم المستجمعة لمكارم الأخلاق ومحاسن الأفعال المؤدبة بتأديب "أدبني ربي فأحسن تأديبي" [١]

(قَوْمٌ نِيَامٌ) نائمون فی نوم الغفلات والجهالات، متدنسون بلوث اللذات والشهوات محجوبون بحجب العلائق البدنية وعوائق التدبيرات كما قال عليه السلام:

"الناس نيام إذا ماتوا انتبهوا" [٢]

(تَسَلَّوْا) صفة قوم خلوا (عَنْهُ) ای عن غم إدراك حقيقته (بِالْحُلُمِ) بسبب الأمور المشتبهه بالاحلام فی أنها صور ومثال لاكشف حقيقة وتبيان حال۔

ويحتمل أن يراد بالقريب الصحابة رضی الله عنهم وبالبعيد التابعون ومن يلونهم، فالمعنى أنه إذا لم يدركها الذين حظوا لشرف صحبته او صحبة من صحبه أو بقرب العهد بزمانه والذين قال فيهم عليه الصلاة والسلام۔

خير القرون قرنی ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم [٣]

كيف يدركها قوم محرومون عن ذلك، ومحكوم عليهم بقوله عليه

---

[١] أخرجه السيوطی الدرر المنتثرة ٥١، عن علی رضی الله عنه وانظر ايضا: كشف الخفاء ٧٠/١ وتمييز الطيب من الخبيث: ١٢ وفيض القدير ٢٢٤/١ وعوارف المعارف ٨١/٣ وكتاب اللمع: ٣١، والوفا ٤٥٦/٢۔

[٢] وهو من كلام علی رضی الله عنه انظر الدرر المنتثرة، ١٩٧ [٣] أخرجه الترمذی من حديث عبد الله بن مسعود فی ابواب المناقب ٢٢٦/٢ باب ما جاء فی فضل من رأى النبی صلی الله علیه وسلم ومسلم فی الجامع الصحيح ١٨٤/٧ باب فضل الصحابة ثم الذين يلونهم والبخاری من حديث عمران بن الحصين فی كتاب الصحابة ١٨٩/٤ باب فضائل النبی صلی الله علیه وسلم وابوداود فی سننه ٢٩٧/٤ فی كتاب السنة، باب فضل أصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم وصاحب الحلية ٧٨/٢۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقت کو کیا کوئی سمجھے۔ کہ لوگ خواب غفلت میں سو رہے ہیں۔

(وَكَيْفَ) استفہام انکاری ہے۔ یعنی نہیں۔ (يُدْرِكُ فِي الدُّنْيَا) وہ جو غفلت و جہالت کا گھر اور کدورات اور شہوات کا مرکز ہے۔ (حَقِيْقَتَهُ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات عالیہ جو مکارم اخلاق اور محاسن افعال کی مستجمع ہے۔ اور رب تعالیٰ نے بہتر ادب کی تعلیم دی۔ (قَوْمٌ نِيَامٌ) جہالتوں اور غفلتوں کی نیند سونے والی قوم شہوتوں اور لذتوں کے میل کچیل سے آلودہ، بدی تعلق داریوں کے پردوں میں ڈھکے ہوئے اور تدبیروں کے حجابات میں پوشیدہ جیساکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"لوگ سوئے ہوئے ہیں جب مریں گے تو بیدار ہو جائیں گے"۔

(تَسَلَّوْ) قوم کی صفت۔ جدا ہوئے۔ (عَنْهُ) حقیقت کے سمجھنے کے غم سے۔ (بِالْحُلُمِ) امور مشتبہہ کی وجہ سے جھوٹے خواب جو محض تصاویر اور امثال ہیں۔ نہ حقیقت اور نہ حال بیان اور کرتے ہیں۔

اور ممکن ہے کہ قریب سے صحابہ رضی اللہ عنہم مراد ہوں۔ اور بعید سے تابعین اور اس کے بعد لوگ مراد ہوں۔ معنی ہے کہ جو لوگ آپ کی صحبت اور معیت سے فیضاب ہوئے۔ یا جو لوگ صحابہ سے فیضیاب ہوئے۔ یا جن لوگوں نے قریب کا زمانہ پایا۔ جن کے بارے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا:۔

"سب سے بہتر میرا زمانہ ہے پھر جو اس سے ملے پھر جو اس سے ملے"۔

انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں جانا۔ تو یہ محروم اور محکوم لوگ کیسے

الصلاة والسلام :

ثم يفشو الكذب .

ويحتمل أن يكون المعنى أنه إذا لم يدركها من حظي بلقائه ومشاهدته مع ان تلقى آثار فيصه وبركته، كيف يدرك فى الدنيا حقيقته كما هى، قوم نيام غيب من مشاهدته ولقائه، وتسلوا عنه اى خلوا عن غم معرفته بالحلم اى برؤيتهم إياه عليه الصلاة والسلام فى المنام، ورويته وإن كانت حقاً ثابتاً لكن لا يدرك به حقيقته كما هى، لقوله عليه الصّلاة والسلام : من رأنى فى المنام فقد رانى، فان الشيطان لا يتمثل بي[1] يعنى صلّى الله عليه وسلّم، من رانى فى وقت النوم فقد راى ذاتي[2] فإنه تمثل له ذاتى بصورة مناسبة لهدايته، فإن الشيطان لا يتمثل بي اى بشئ مني و فى صورة مضافة إلى، ولا يُخدع الرائى بالقاء[3] انه رسول الله صلّى الله عليه وسلّم .

فعلى هذا من رأى إنساناً فى النوم واعتقد أنه رسول الله صلّى الله عليه وسلّم فقد راى النّبى صلّى الله عليه وسلّم فى اى صورة كانت، وهذا مذهب الأكثر، وهو المعقول المقبول عند العقول أيضاً، لأن الله تعالى جبله رحمةً للعالمين وهادياً للضالين وحافظاً عن وساوس الشياطين، وإذا تنور العالم بنور

---

[1] اخرجه مسلم فى صحيحه ٧/٥٤ فى كتاب الرؤيا، باب قول النبى صلّى الله عليه وسلم من رانى فى المنام فقد رأنى والدارمى فى سننه ٢/٧٣ باب فى رؤية النبى (ص) فى المنام والترمذى فى الشمائل ٤٠٣ باب ماجاء فى رؤية رسول الله صلّى الله عليه وسلّم فى المنام، وأبو داؤد فى سننه ٤/٢٨٧ فى كتاب الرويا . [2] نفس المراجع .

[3] فى الاصل "بالفاء" والتصريب من ب .

پہچانیں گے۔ کہ خود آپ نے فرمایا:۔

"پھر جھوٹ پھیل جائے گا۔

ممکن ہے اس کا معنی یہ ہو۔ کہ جب اس نے دنیا کے ہوتے ہوئے اسکو حاصل نہیں کیا۔ باوجود اس کے فیض و برکت کے آثار کو پایا۔ دنیا میں اس کی حقیقت کو کیسے پاتے۔ سوئی ہوئی قوم آپ کے مشاہدے اور ملاقات سے دور ہے۔ اور انکی معرفت کی فکر سے خالی ہے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب کے اندر نہیں دیکھا۔ اگر آپ کو حق دیکھا ہوتا پھر بھی اس کو حقیقت کا پتہ نہیں لگتا۔ جس طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا۔ اس لیے کہ شیطان میری مثال میں نہیں آسکتا۔ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے خواب میں مجھے دیکھا اس نے میری ذات کو دیکھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات کو مناسب شکل میں ہدایت کے لیے مشکل بنایا جاتا ہے اور شیطان میری شکل میں نہیں آسکتا۔ نہ کسی خبر اور نہ میری طرف منسوب صورت میں۔ اور نہ دیکھنے والے کو میری ملاقات کی وجہ سے دھوکا دیا جاسکتا ہے۔

اس بات کو بنیاد بنا کر جس نے انسان کو نیند کے اندر کو دیکھا۔ اور یہ اعتقاد کیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ تو اس کے حقیقتاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ خواہ کیوں صورت ہی ہو۔ اور یہی اکثر کا مذہب ہے۔ اور یہی مفعول عند العقول ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالی نے آپ کو رحمۃ اللعالمین بنایا۔ گمراہوں کیلئے ہدایت اور شیطانی وسوسوں سے حفاظت آنے والے ہیں۔ جب پورا عالم آپ کے نور سے منور ہوا۔ اور فرشتوں سے آپ کا نام نامی سن کر شیطانوں کو رجم کیا گیا۔ کاہنوں کی

وجوده ورجعت الشياطين من الاستماع من الملائكة وهدمت بنيان الكهنة فكيف يتصور ان يضل الشيطان مؤمناً فی صورته، كذا فی بعض شرح الشمائل [١]۔

واعلم ان من رآه فی المنام وتيقن فيه انه رسول الله صلی الله عليه وسلم وهو يطابق صورته فی حال حياته، علم أنه متابع له فی جميع ما ينسب إليه عليه الصلاة والسلام، وإن لم يطابق من جميع الوجوه أو، بعضها، علم أنه غير متابع له فی الجميع او فی البعض۔

والحاصل أن من رآه مطابقاً أو غير مطابق فی الكل او فی البعض لا يكون رؤيته إلا صورةً منسوبةً اليه عليه الصلاة والسلام۔

هذا لما كان العلم بتفصيل ما فيه عليه الصلاة والسلام غير ممكن أشار الى العلم الإجمالی فقال:

٥١

فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ فِيْهِ أَنَّهُ بَشَرٌ
وَأَنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللهِ كُلِّهِمِ

(فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ) ای محل يبلغ العلم هنا لديه وينتهی فهمنا إليه (فِيْهِ) فی شأنه صلی الله عليه وسلم (أَنَّهُ بَشَرٌ) ان نعتقد كونه بشراً ناظراً الى قوله: "دع ما ادعته" (وَأَنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللهِ كُلِّهِمِ) وكونه افضل مخلوق الله كلهم ناظراً

[١] أنظر: جواهر البحار ١/٣٥٢ والشفا للقاضی ١/٢٤٦ وشواهد النبوة: ٥٨ واشرف الرسائل الی فهم الشمائل: ٢٧٨ والخصائص الكبری ٢/٢٥٨ باب اختصاصه صلی الله عليه وسلم بان رؤيته فی المنام حق وشرح الشفا على القاری ١/٧٥١ الاتحاف الربانية بشرح الشمائل المحمدية: ٣٠٦۔

عمارتیں گر گئیں پس یہ کیسے ممکن ہے کہ شیطان آپ کی صورت مبارکہ میں گمراہ کر سکے۔ بعض شروح شمائل میں اسی طرح ہے۔

جب کوئی آپ کو نیند کے اندر دیکھے۔ اور یقین کرے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور وہ صورت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری صورت مبارکہ مشابہہ ہے۔ وہ دیکھنے والا جان لے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلیمات پر عمل کرنے والا ہے اور اگر وہ صورت مبارکہ مکمل طور پر آپ کی حیات کے مطابق نہیں۔ یا تھوڑا سا مشابہہ ہے۔ جان لے کہ وہ بالکل تابع نہیں یا معمولی تابع ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جس شخص نے خود کو ان کے مطابق یا غیر مطابق مکمل طور پر یا جزوی طور پر دیکھا۔ یہ حقیقتاً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا۔ بلکہ ایک منسوبہ صورت دیکھی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علم مبارک کی تفصیل بیان کرنا ناممکن ہے۔ اس لیے اس شعر میں اشارہ کیا۔

۵۱

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے ہمارے علم کا منتہا یہ ہے کہ آپ بشر ہیں، حالانکہ تمام مخلوقات سے برتر و بالا ہیں۔

(فَمَبْلَغُ الْعِلْمِ) ہمارے علم و فہم کی انتہا جہاں پر ہے (فِيهِ) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں۔ (أَنَّهُ بَشَرٌ) ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بشر ہیں۔ دع ما ادعتہ کی طرف اشارہ ہے جو پہلے گذر چکا ہے۔ (وَأَنَّهُ خَيْرُ خَلْقِ اللهِ كُلِّهِمْ) تمام مخلوق الٰہی سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم برتر ہونا اس قول سے ثابت ہے۔ (وَاحْكُمْ بِمَا شِئْتَ) کہ نبی کریم

الى قوله "واحكم بما سئت" لقوله صلى الله عليه وسلم "انا اكرم الاولين والاخرين عند الله ولا فخر"[1].

واما قوله صلى الله عليه وسلم "لا تفضلو فى على يونس ابن متى"[2] فيحتمل ان يكون ذلك منه صلى الله عليه وسلم قبل العلم بالتفصيل او تواضعاً او نفياً للتفضيل فى نفس النبوة، هكذا قيل، ويحتمل أن يكون المراد والله تعالىٰ اعلم ان تفصيله عليه الصلاة والسلام على جميع الأنبياء عليهم السلام مفصلاً بطريق التعداد، ولما كان غير ممكن لعدم العلم بالجميع انما الممكن بطريق الإجمال، منع عليه الصلاة والسلام أن يفضل على واحد أو اثنين أو جماعة مثلاً لأنه لا يفيد الاجمال ولا التفصيل بل يوهم التخصيص.

٥٢

وَكُلَّ اىِ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا
فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُوْرِهٖ بِهِمِ

(وَكُلَّ آيٍ) جمع آية وهى العلوم والحكم والمعجزات بالرفع والنصب (اَتَى الرُّسُلُ) والمراد بالرسل القدر المشترك ليعم الحكم أو معناه الحقيقى والثبوت فى غيرهم بالطريق الاولى (الْكِرَامُ بِهَا) الباء للتعدية، صفة، (فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ) تلك الآيات (مِنْ نُوْرِهٖ) علمه صلى الله عليه وسلم (بِهِمِ) بالرسل يعنى ما اتصلت الآيات

---

[1] اخرجه الترمذى من حديث ابن عباس ابواب المناقب ٢/٢٠٢ باب ماجاء فى فضل النبى صلى الله عليه وسلم.

[2] راجع: صحيح البخارى ٤/١٩٤ كتاب الانبياء، باب قول الله تعالى: وان يونس لمن المرسلين والجامع الصحيح ٢/١٠٣ كتاب الفضائل والدارمى: ٣٦٩ وابو داؤد ٥/٥١ كتاب السنة، باب فى التخيير بين الانبياء.

صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک اولین و آخرین مخلوق سے بہتر ہوں، اس پر فخر نہیں۔

اور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا یہ فرمان کہ مجھے یونس ابن متی علیہ السّلام پر فضیلت نہ دو۔ احتمال یہ ہے کہ اس کا معنی یہ ہو کہ اُن کو آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم پر علمی یا تواضعی فضیلت حاصل ہے۔ یا صرف نبی ہونے میں فضیلت ثابت کرنے کی نفی ہو۔ اسطرح یہ بھی احتمال ہے کہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی افضلیت دیگر انبیاء کرام علیہم السّلام پر ثابت ہے۔ جبکہ تمام فضیلت عدم علم کی وجہ سے غیر ممکن ہے۔ اس لیے اجمالاً ممکن ہے۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم نے منع فرمایا کہ ان کو ایک، دو یا جماعت پر فضیلت دی جائے۔ یہ بات نہ تو اجمال کا فائدہ دیتی ہے اور تفصیل کا فائدہ۔ بلکہ یہاں تحقیق کا وہم پایا جاتا ہے۔

۵۲

وہ تمام معجزات جو انبیاء کرام علیہم السّلام کو حاصل ہوئے۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی فیض اور نورانیت سے ہے۔

(وَکُلُّ آیٍ) آیت کی جمع ہے اس سے علوم، حکمتیں اور معجزات مراد ہیں۔ رفع اور نصب دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ (اَتَی الرُّسُلُ) یہاں رسل عظام سے قدر مشترک مراد ہے تاکہ حکم عام ہو۔ یا اس کا معنی حقیقی ہو جائے۔ اور ان کے سوا میں بطریق اولیٰ ثابت ہو۔ (الْکِرَامُ بِھَا) باء تعدیہ کیلئے ہے صفت ہے۔ (فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ) یہ نشانیاں۔ (مِنْ نُوْرِہٖ) آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے نُورِ مبارک سے۔ (بِھِمْ) رسل عظام علیہم الصلوٰۃ والسّلام کے ساتھ یعنی ان کو علوم، حکمتیں اور معجزے آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی واسطہ جلیلہ اور علوم کی برکت

بهم إلا " من نوره" ، فقوله " من نوره" فى التقدير مؤخر وإن قدم وأخر بهم لرعاية القافية -

والحاصل أن الانبياء والرسل عليهم السلام اقتبسوا أنوار العلم والحكمة من مشكوٰة نبوته عليه الصلاة والسلام فى عالم الارواح لأنه صلى الله عليه وسلم لما وجد بوجود روحانى بُشروا به[1] وعلم بأنه نبى بالفعل بخلاف آدم وسائر الانبياء عليهم السلام لأنهم ما لم يظهروا[2] بصور جسمانية عنصرية فى عالم الشهادة لم يتصفوا بالنبوة ، ثم حكم له صلى الله عليه وسلم بأن يبلغ الشرائع والاحكام بأيدى الانبياء الذين هم نوابه فى عالم الارواح الى الخلائق بحسب وجودهم طبقة بعد طبقة كما أن علياً ومعاذ بن جبل رضى الله عنهما بلغا الاحكام إلى أهل اليمن بنيابته عليه الصلاة والسلام فى عالم الأشباح ، فكان الشرائع كلها شريعة وصلت إلى الخلائق على أيدى نوابه ، و هذا معنى قوله عليه السلام ،كنت نبيا وآدم بين الماء والطين "[3].

ثم لما وجد عليه الصلاة والسلام بوجود جسمانى عنصرى عالم الشهادة نسخ الشرائع التى اقتضاها فى عالم الأرواح لأن اختلاف الأمم فى الاستعدادات والقابليات يقتضى اختلاف الشرائع ولهذا قال عليه الصلاة والسلام: "لو كان موسى حياً لما وسعه الا اتباعى"[4] هكذا ذكره فى

---

[1] سقطت من الاصل والتكملة من ب .

[2] فى الاصل " يظهر " وهو خطأ والصواب ما اثبت -

[3] انظر، دلائل النبوة للبيهقى ۱/۳۸۸ ودلائل النبوة لأبى نعيم ۱/۵۴ والخصائص الكبرى ۱/۳ باب خصوصية النبى صلى الله عليه وسلم بكونه اوّل النبيين فى الخلق وشرح الشفا لعلى القارى ۱/۶۴ -

[4] راجع: مسند الامام احمد ۴/۱۳۷ ومدارج النبوة ۲/۷ والموضوعات الكبرى : ۲۹۲ -

سے ملیں۔ من نورہ تقدیراً مؤخر ہے۔ اگرچہ آگے ہے۔ قافیہ کی رعایت کیوجہ سے بھم کو مؤخر کیا۔

خلاصہ کلام یہ ہے انبیاء کرام اور رسل عظام علیہم السلام کے علم وحکمت کے انوار عالم ارواح میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چراغ نبوت سے حاصل کیے۔ اس لیے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے روحانی وجود کے ساتھ ان کو خوشخبریاں دی گئیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بخلاف سیدنا آدم و دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کے بالفصل نبی ہیں۔ اس لیے جب تک جسد عنصری کے ساتھ دنیا میں تشریف نہ لائے۔ اس وقت تک وصف نبوت سے متصف نہیں ہوئے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا کہ احکام و شرائع دیگر انبیاء علیہم السلام کے ہاتھ بھیج دیں۔ اس لیے کہ یہ لوگ عالم ارواح سے مخلوق کی طرف تیرے نائب ہیں۔ اپنے مرتبے کے لحاظ سے۔ جس طرح کہ سیدنا حضرت علی اور سیدنا سید حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام اہل یمن کی طرف آپ کی نیابت میں پہنچائے۔ تمام شریعتیں حقیقت میں آپ کی شریعت ہے۔ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائبوں کے ہاتھ مخلوق تک پہنچائی گئیں۔ اور یہی معنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد پاک کا ہے "کہ میں اسوقت بھی نبی تھا جبکہ آدم (علیہ السلام) مٹی اور پانی کے درمیان تھے۔

پھر جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس عالم ظاہر میں جسد عنصری کے ساتھ تشریف لائے۔ تو باقی شریعتیں منسوخ ہو گئیں۔ اس لیے امتوں کا اختلاف استعداد اور قابلیت کے اختلاف کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اسی لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اگر موسیٰ علیہ السلام آج زندہ ہوتے تو میری اطاعت کے سوا اُن

ثم أشار الى ما يوضع السابق و يقربه إلى الأفهام بقوله -

٥٣

فَإِنَّهُ شَمْسُ فَضْلٍ هُمْ كَوَاكِبُهَا
يُظْهِرْنَ أَنْوَارَهَا لِلنَّاسِ فِي الظُّلَمِ

(فَإِنَّهُ) اى النبى صلى الله عليه وسلم (شَمْسُ فَضْلٍ) اى العلوم والشرائع و الاحكام (هُمْ) اى الرسل عليهم السلام (كَوَاكِبُهَا) اى الشمس وكوكب الشمس الذى يستفيد منها النور وما هو الا القمر، فجمعه إما لأن اختلاف الأحوال يوجب تعدداً ما فى الذات وإما لأن المشبه به متعدد -

(يُظْهِرْنَ) اى الرسل المشبهون بالكواكب (أَنْوَارَهَا) اى الشمس يعنى الانبياء يظهرن شرائعه واحكامه صلى الله عليه وسلم (لِلنَّاسِ) خصوا[٢] بالذكر لأنهم لم يبعثوا إلى غيرهم (فِي الظُّلَمِ) جمع ظلمة كتهم و تهمة، فكما ان القمر يستفيد النور من الشمس ويظهر للعالم فى الليالى المظلمة كذلك الانبياء عليهم السلام يستفيدون الشرائع والاحكام والعلوم[٣] والمعارف[٤] منه عليه الصلوٰة والسلام ويظهرون للناس الكائنين فى ظلمات الجهل والضلالات -

ولما ذكر من متعلقات الخلق والخلق ما يعجز عن إدراكه العقل عجز

---

[١] انظر: شواهد النبوة ٢٦١

[٢] فى الأصل "خصو" بدون الألف والصواب ثباتها -

[٣] فى الاصل "العلو" والتصويب من "ب"

[٤] فى الاصل، سور التمن، والتصويب من ب -

کو چارہ نہ ہوتا۔

اس کے بعد سابقہ کلام کی وضاحت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا،

۵۳

آپ صلی اللہ علیہ وسلم فضل الٰہی کے سورج ہیں اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام کسب نور کرنے والے ستاروں اور سیاروں کی مانند۔ جو رشد ہدایت سے دنیا والوں کو اجالا دیتے ہیں۔

(فَاِنَّهٗ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (شَمْسُ فَضْلٍ) علوم، شرائع اور احکام (ھُمْ) انبیاء کرام علیہم السلام۔ (کَوَاکِبُھَا) سورج وہ سیارہ ہے جس سے نور حاصل کیا جاتا ہے۔ کواکب کو جمع اس لیے استعمال کیا کہ مختلف حالتیں تعدد فی الذات کو لازم کرتی ہیں۔ اور یا یہ کہ مشبہ بہ متعدد ہیں۔ (یُظْہِرْنَ) انبیاء کرام علیہم السلام ستاروں کے مشابہ ہیں۔ (اَنْوَارَھَا) سورج۔ یعنی انبیاء کرام علیہم السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام اور شرائع کو بیان اور ظاہر کرتے ہیں۔ (لِلنَّاسِ) ان کو ذکر کر کے خاص کر دیا۔ اس لیے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کو ان ہی کی طرف مبعوث کیا گیا۔ (فِی الظُّلَمِ) ظلمت کی جمع جس طرح کہ تہم اور تہمت۔ جس طرح چاند سورج سے نور لیتا ہے اور دنیا پر اندھیری راتوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس طرح انبیاء کرام اور رسل عظام علیہم السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شرائع احکام اور علوم و معارف کا نور حاصل کرتے ہیں، اور گمراہی و ضلالت کے اندھیروں میں کائنات میں بسنے والے انسانوں کے لیے وہی روشنی اور نور ظاہر کرتے ہیں۔

جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق حسنہ اور صورت مبارکہ کے اوصاف

(۵۴)

اَکْرِمْ بِخُلْقِ نَبِیٍّ زَانَہٗ خُلُقٌ
بِالْحُسْنِ مُشْتَمِلٍ بِالْبِشْرِ مُتَّسِمٖ

(اکرم بخلق نبی) عظیم الشان، رفیع المکان عن ان یدرکه احد فی الکون و المکان، و ایثار تنکیرہ مع ان الظاهر تعریفه للاشعار بقصور الادراکات عن معرفته یعنی ما احسن صورته الظاهرة التی ورد فیها: "کان رسول الله صلی الله علیه وسلم فخما مفخما یتلألأوجهه تلألؤ القمر لیلة البدر"O"رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم فی لیلة اضحیان وعلیه حلة حمراء، فجعلت انظر إلیه و إلی القمر، فلهوعندی احسن من

اللہ کی شان! کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات مبارکہ کتنی کریمانہ ہیں کہ اسے اخلاق حسنہ نے اور زیادہ خوبصورت کردیا ہے، وہ اخلاقِ حمیدہ جو خندہ روئی کے ساتھ مل کر خوب مشہور ہیں۔

(نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادات مبارکہ کتنی کریمانہ ہیں) عظیم الشان، بلند مکان و بلند مرتبہ اس طرح کہ کون ومکان میں کوئی اسے نہیں پاسکتا، نبی کے لفظ کو نکرہ لانے کو ترجیح کیوں دی ہے جب کہ ظاہر اس کا معرفہ ہونا ہے، اس کی وجہ یہ ہے خبر دینا ہے کہ کوئی اس کی معرفت کو نہیں پاسکتا، ہر کوئی اس سے قاصر ہے، یعنی کیا ہی حسین ہے ظاہری صورت جس کے بارے حدیث وارد ہے: "نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بڑی شان وعظمت والے تھے، آپ کا چہرۂ انور چودھویں کے چاند کی طرح چمکتا تھا☆ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا چاندنی رات میں اور آپ پر سرخ رنگ کی چادر مبارک تھی، تو میں کبھی آپ کو دیکھتا اور کبھی چاند کو دیکھتا، تو یقیناً نبی کریم

القمر" ○ "اذا تكلم رئی کالنور یخرج من بين ثناياه صلی اللہ علیه وسلم" ○ (زانه) صفة لقوله "بخلق نبی" ای زين ذلك الخلق (خلق) ای خلق قال فيه سبحانه و تعالی: وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ○

قال الجنيد رحمه الله تعالى: "سمی خلقه عظيماً لأنه لم يكن له همة سوى الله تعالى۔ قال الواسطی: "لأنه جاء بالكونين عوضاً عن الحق" وقيل: "لأنه عليه الصلاة و السلام عاشر الخلق بخلقه و باينهم بقلبه" وقيل: "لاجتماع مكارم الأخلاق فيه، كيف وقد قال الله تعالى: خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ ○ و قيل وجد انه حلاوة المطالعة على السرّ، و قيل "لأنه قبل فنون ما اسدی اليه من نعمة احسن مما قبله

چاند سے زیادہ حسین تھے ☆ جب آپ کلام کرتے تھے آپ کے چہرۂ انور کی طرف دیکھا جاتا گویا نور ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے والے دانتوں سے نکلتا تھا ☆ (زانہ) خلق نبی کی صفت ہے، معنیٰ ہے وہ خلق مزین کر دیا گیا، اور اللہ تعالی سبحانہ وتعالی نے فرمایا ہے: اور آپ بلاشک عظیم اخلاق پر ہیں۔

سیدنا جنید رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: آپ کے اخلاق کو عظیم کہا گیا کیونکہ آپ کی ہمت وارادہ اللہ کے سوا کوئی نہیں تھا۔ واسطی نے کہا: اس لئے کہ آپ حق سے کونین کا عوض لے کر آئے۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے: آپ کا مخلوق سے معاشرتی تعلق اخلاق پر مبنی ہے اور آپ اپنے دل کے ساتھ لوگوں سے میل جول رکھتے تھے ☆ ایک قول یہ ہے کہ آپ میں اخلاقی خوبیاں پورے طور پر جمع تھیں، اور ایسا کیوں نہ ہو کہ اللہ تعالی ارشاد فرماتا ہے: "اے محبوب درگزر فرماؤ! نیکی کا حکم دو اور جاہلوں بے علموں سے منہ پھیر لو،، یعنی انہیں معاف فرمادو! ایک قول یہ ہے کہ راز پر مطلع ہونے کی مٹھاس پانے کا نام اخلاق ہے، ایک قول یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تمام نعمتوں کے فنون کو

غیره من الانبیاء و الرسل علیهم السلام" و قیل: "لأنه لم یؤثر فیه جفاء الخلق" و لذا قال صلی الله علیه و سلم: "لما کسرت رباعیته و أدمی وجهه المبارك اللهم اهد قومی فأنهم لا یعلمون،، حیث لم یؤثر فیه سوء صنیعهم، فلم یمنعه عن إرادته الخیر لهم۔

ومن اخلاقه صلی الله علیه وسلم ما روی عن انس بن مالك رضی الله تعالی عنه انه قال: خدمت رسول الله صلی الله علیه وسلم عشر سنین، فما قال لی أفٍّ قط و ما قال لی لشیء صنعته، لم صنعته، و لا لشیء ترکته لم ترکته" ○ و منه انه صلی الله علیه وسلم یعود المریض و یشهد

قبول فرمایا جو آپ کی نذر کی گئیں جنہیں آپ سے پہلے دیگر انبیاء ورسل علیہم الصلاۃ والسلام نے قبول کیا، ایک قول یہ ہے: "آپ پر جو مخلوق کی جفا کاری تھی اسے کوئی وقعت نہیں دی گئی،، اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب آپ کا دانت مبارک شہید ہوا اور آپ کا چہرۂ انور خون آلود ہوا: "اے اللہ میری قوم کو ہدایت دے کہ یہ جانتے نہیں، اس جگہ آپ نے ان کے برے فعل کو ترجیح نہیں دی بلکہ اپنے رب سے ان کے لئے ارادۂ خیر کا اظہار فرمایا، لہٰذا اللہ تعالی نے آپ کو ان کے بارے میں ارادۂ خیر سے منع نہیں فرمایا۔

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اخلاقِ کریمانہ سے ہے وہ جو سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ نے روایت کیا ہے: آپ نے فرمایا: میں نے دس سال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی تو آپ نے کبھی مجھے اف تک نہیں کہا، اور مجھے کسی شے کے بارے جو میں کی یہ نہ کہا: کہ اسے کیوں کیا اور نہ اس وقت جب میں نے کسی کام کو چھوڑ دیا تو یہ کہا کہ کیوں چھوڑا؟،، اس اخلاق ہی کا نظارہ ہے کہ آپ بیمار کی عیادت کرتے، جنازہ پر تشریف لے جاتے، حمار پر سوار ہو جاتے، غلام کی دعوت قبول

الجنازة و یرکب الحمار ویجیب دعوة العبد" ○ومنہ انہ صلی اللہ علیہ و سلم یسوق اصحابہ و یبتدر من لقی بالسلام ○ ومنہ انہ صلی اللہعلیہ وسلم یفلی ثوبہ و یحلب شاتہ و یخدم نفسہ"۔

ومنہ انہ صلی اللہعلیہ وسلم لم یکن فاحشًا و لا متفحشًا و لا صخابًا فی الاسواق ولا یجزی بالسیئۃ السیئۃ و لکن یعفو و یصفح" ○ ومنہ انہ صلی اللہعلیہ وسلم ما ضرب بیدہ شیئًا قط الا ان یجاھد فی سبیل اللہ و لا ضرب خادمًا و لا امراۃً ○ ومنہ انہ صلی اللہعلیہ و سلم " کان دائم

فرماتے، آپ اپنے صحابہ کو جانوروں کا مالک بنا دیتے اور جس سے ملتے اسے سلام میں پہل کرتے، آپ کی ایک شان یہ ہے، آپ کے کپڑوں کو کوئی مکروہ[ا] چیز اگر آجاتی تو آپ خود ہی اسے الگ کر لیتے، اپنی بکری کا دودھ دھو لیتے، اور اپنا کام خود کر لیتے۔ نیز یہ بھی آپ کی اخلاقِ حمیدہ کا حصہ ہے کہ آپ فحش گو تھے نہ بری باتوں کو ظاہر کرنے والے تھے، نہ ہی آپ بازاروں میں بلند آواز کرتے، جیسے کوئی چلا کر بولے، اور نہ ہی آپ برائی کا بدلہ برائی سے دیتے، لیکن آپ درگزر فرماتے اور معاف فرما دیتے تھے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کو اپنے ہاتھ سے نہیں مارا مگر یہ کہ آپ جہاد فی سبیل اللہ میں ہوں، نہ آپ نے کسی خادم کو مارا اور نہ کسی عورت کو۔ آپ

[ا] معنی یہ ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کپڑے کی خود دیکھ بھال کرتے اور اس میں کوئی پھٹن وغیرہ ہوتی تو اسے خود ہی سی لیتے، اور کوئی کانٹا وغیرہ لگا ہوتا تو نکال لیتے، اس لفظ سے جوئیں وغیرہ نکالنا مراد نہیں ہے، کیونکہ جوں تعفن کی جگہ ہوتی اور رسول اللہ صلی علیہ وسلم کی طبیعت کے ساتھ تعفن کا کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پسینہ بہت زیادہ آیا کرتا تھا اور آپ کے پسینہ مبارکہ سے خوشبو آتی تھی، یہی وجہ ہے کہ شارحین نے شفاء شریف کی شرحوں میں لکھا ہے کہ آپ تو نور تھے، لہٰذا جس نے جوؤں والا معنی مراد لیا ہے اس نے خطا کی ہے، واللہ تعالی اعلم وعلمہ اتم، قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی

البشر، سهل الخلق، لين الجانب، ليس بفظ ولا غليظ "O و منه" انه صلى الله عليه وسلم ما سئل قط، فقال لا "۔

ومنه " انه صلى الله عليه وسلم " كان اسخى الناس لا يبيت عنده دينار و لا درهم، و ان فضل ولم يجد من يعطيه و يأتيه الليل، لا ياوى الى منزله حتى يبرأ منه" و لا ينال من الدنيا اكثر ما يكون قوت عامه من أيسر ما يجد من التمر و الشعير، ويضع ما عدا ذلك فى سبيل الله، لا يسأل شيئًا الا يعطى، ثم يخصف النعل و يرقع الثوب و يخدم فى مهنة اهله ۔

و منه " انه صلى الله عليه و سلم يقبل الهدية و لو انها جرعة لبن او فخذ ارنب و يكافى عليها و ياكلها و لا يستنكر عن اجابة الامة

ہمیشہ خوش خلق، خندہ رو، آسان عادات واطوار والے، نرمی اختیار کرنے والے تھے، سخت طبیعت، تندمزاج نہیں تھے۔ نیز آپ سے جب بھی مانگا گیا آپ نے کبھی بھی نہ نہیں کی۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام لوگوں سے بڑھ کر سخی تھے، آپ کے پاس دینارو درہم رات نہیں گزارتے تھے اگر چہ بچ رہے اور آپ ایسے شخص کو نہ پائیں جسے دیں اور آپ کو رات ہو جائے تو آپ اپنے گھر میں آرام فرما نہیں ہوتے حتی کہ اس سے بری ہو جائیں، اور آپ نے دنیا سے اس سے زیادہ نہیں لیا کہ وہ آپ کے سال کی روزی ہو جو کچھ بھی آسانی سے میسر ہوتا خواہ کھجور ہو یا جو ہوں، اور جو کچھ اس کے سوا ہوتا آپ اسے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے، کوئی آپ سے نہ مانگتا مگر آپ اسے عطا فرماتے، پھر آپ نعلِ پاک کو خود گرہ لگا لیتے، کپڑے کو خود سی لیتے اور اپنے گھر والوں کے کام کاج میں تعاون کرتے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نذرانہ قبول کر لیا کرتے تھے، اگر چہ ایک

والمسلمین "و منه ماروی عن رجل من العرب قال: "زحمت رسول الله صلی الله علیه وسلم یوم حنین، و فی رجلی نعل کثیفة، فوطئت بها علی رجل رسول اللهﷺصلی الله علیه وسلم، فنفحنی نفحة بسوط فی یده فقال: اوجعتنی، قال: فبت لنفسی لائما اقول او جعت رسول اللهﷺصلی اللهﷺعلیه وسلم، قال: فبت بلیلی کما یعلم الله، فلما اصبحنا اذا رجل یقول: این فلان ابن فلان قال: قلت هذا و الله الذی کان منی بالامس قال: فانطلقت وانا مخوف فقال لی: انك وطئت بنعلك علی رجلی بالامس فاوجعتنی، فنفحتك نفحة بالسوط فهذه ثمانون نعجة فخذ بها"۔

گھونٹ دودھ یا خرگوش کی ران ہی ہواور اسی پر کفایت فرماتے اور اسے تناول فرماتے، لونڈی اور مسلمانوں کی دعوت سے عار نہ محسوس فرماتے، عرب کے آدمی سے روایت ہے اس نے کہا: جنگِ حنین کے دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اکٹھا ہو گیا اور میرے پاؤں میں سخت جوتا تھا تو اس کے ساتھ میرے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پاؤں روندا گیا تو آپ نے مجھے اپنے ہاتھ والے کوڑے کے ساتھ ہلکا سا مارا، اور فرمایا تو نے مجھے تکلیف دی ہے، راوی کہتے ہیں: میں نے رات اپنے آپ کو ملامت کرتے ہوئے گزاری، میں کہتا تھا: تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھ دیا ہے، تو میں نے رات ایسے گزاری کہ میرا اللہ ہی جانتا ہے، تو جب صبح ہوئی تو ایک آدمی کہہ رہا تھا فلاں ابن فلاں کہاں ہے؟ وہ راوی کہتے ہیں میں نے کہا میں یہ ہوں۔ اللہ کی قسم کل جو ہوا مجھ سے ہوا، تو میں ڈرتا ہوا چل کر حضور کی باہ میں حاضر ہوا آپ نے مجھے فرمایا: تو نے کل اپنے جوتے سے میرا قدم روندا، تو مجھ دکھ دیا، تو میں نے تجھے کوڑا ہلکا سا مارا، لہٰذا یہ 80 بکریاں ہیں انہیں لے لو!

ومنه ماروی عن عائشة رضی اللهﷺعنها انها قالت: استاذن رجل

علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و انا عندہ، فقال: بئس ابن العشیرۃ او اخو العشیرۃ، ثم اذن لہ فألان لہ القول فلما خرج قلت: یارسول اللہ، قلت ما قلت ثم النت لہ القول، فقال: یاعائشۃ! ان من شرالناس من ترکہ الناس او ودعہ اتقاء فحشہ"۔

الی غیرذلک من الاخلاق التی لا یعلمھا احد علی التفصیل عدا خالق القری و القدر (بالحسن مشتمل) صفۃ نبی و کذا قولہ (بالبشر متسم) ای نبی مشتمل بالحسن لا بغیرہ و متسم ای مشتھر بالبشر ای طلاقۃ الوجہ لا بغیر کما روی عن عبد اللہبن الحارث قال: "مارایت أحدًا أکثر تبسما من رسول اللہ صلی اللہعلیہ وسلم" وما روی: "کان رسول اللہ صلی اللہعلیہ وسلم دائم البشر"۔

ایک روایت وہ بھی ہے جو سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے ہے، آپ فرماتی ہیں، ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت طلب کی اور میں آپ کے پاس تھی، تو آپ نے فرمایا: برادری کا بیٹا کیا برا ہے، یا کہا برادری کا بھائی کیا برا ہے، پھر آپ نے اسے اجازت دی تو اس سے نرمی کے ساتھ بات چیت فرمائی، پھر جب وہ چلا گیا، میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فرمایا جو فرمایا، پھر آپ نے اس سے نرمی سے بات چیت فرمائی، تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! بلاشک شریرترین آدمی وہ ہے جسے لوگ اس کی فحش گوئی کی وجہ سے چھوڑ دیں۔

اس کے علاوہ کئی اخلاق ایسے ہیں جنہیں تفصیلی طور پر سوائے مخلوق اور تقدیر کے خالق کوئی بھی نہیں جانتا۔ (حسن پر مشتمل ہے) یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ہے اور اسی طرح علامہ بوصیری کا قول (بالبشر متسم) ہے یعنی نبی کریم صلی اللہ

باقی آئندہ صفحہ پر دیکھیے!

(۵۵)

كَالزَّهْرِ فِيْ تَرَفٍ وَّالْبَدْرِ فِيْ شَرَفٍ
وَالْبَحْرِ فِيْ كَرَمٍ وَّالدَّهْرِ فِيْ هِمَمِ

(كالزهر) اى النور، صفة نبي او خبر محذوف (في ترف) لقوته و طيب رائحته، قال انس رضى الله عنه: مامسست خزأولاحريرأولاشيئى كان الين من كف رسول الله صلى الله عليه و سلم "ولا شممت مسكا قط و لا عطرًا كان اطيب من عرق رسول الله صلى اللهعليه وسلم۔

بقیہ گزشتہ صفحہ) علیہ وسلم حسن والے ہیں کسی اور مخالف حسن چیز والے نہیں اور ہنس مکھ خندہ روئی میں آپ مشہور ہیں اور خندہ روئی کے خلاف صفت سے آپ محفوظ ہیں، جیسا عبداللہ بن حارث سے روایت ہے آپ نے فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کسی کو مسکراتے نہیں دیکھا، اور وہ بھی روایت ہے کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ خوش روئی والے تھے، خوشی والے تھے۔

(۵۵) آپ صلی اللہ علیہ وسلم تازگی میں پھول کی طرح، بزرگی میں چودھویں کے چاند کی طرح، بخشش وعطا میں سمندر کی طرح، اور ہمت میں زمانے کی طرح ہیں۔

(زہرہ) یعنی کلی، پھول، شگوفہ، کی طرح نبی کریم صلی علیہ وسلم کا وصف بیان کررہے ہیں یا پھر یہ محذوف کی خبر ہے (تازونعمت، مراد تازگی ولطافت) اپنی طاقت وقوت اور بہترین خوشبو کی وجہ سے، سیدنا انس رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں: میں نے کوئی ریشم باریک یا موٹا نہیں چھوا نہ ہی کوئی اور شے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں سے زیادہ نرم ہو، اور نہ ہی مین نے کوئی کستوری یا عطر سونگا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پسینہ مبارکہ سے زیادہ پیاری خوشبو والا ہو۔

(و)ك (البدر فى شرف) فكما "ان للبدر" شرفا على سائر الكواكب الليلية فى كمال الضياء كذلك النبى صلى الله عليه وسلم له شرف على سائر الخلق فى الحسن والبهاء، روى "كان يتلألأ وجهه تلألؤ القمر ليلة البدر" وك (البحر فى كرم) جود و سخاوة فكما ان البحر نفعه عام لعامة الخلق كذا النبى صلى الله عليه وسلم نفعه عام لعامة الخلق كيف وقد قال الله تعالى: " وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ "

و قد ورد: ما سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئًا قط فقال لا (و)ك (الدهر فى همم) فكما ان الدهر همه لا نهاية لها فكذالك همه صلى الله عليه وسلم لانهاية لها بل همه اجل من همم الدهر كما قال حسان بن ثابت فى مدحه صلى الله عليه وسلم:

بزرگی میں چودھویں رات کے چاند کی طرح ہیں کیونکہ اس چودھویں کے چاند کو کمالِ روشنی میں باقی رات کے تاروں پر ایک فوقیت حاصل ہے، اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ انور چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا تھا، اور آپ جود و سخا میں سمندر کی طرح ہیں کہ جیسے سمندر کا نفع عام مخلوق کے لئے عام ہے اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نفع ساری مخلوق کے لئے عام ہے، اور یہ کیسے نہ ہو جب کہ اللہ تعالی فرماتا ہے: "اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو مگر تمام جہانوں کی رحمت بنا کر"،

اور یہ بات پہلے گزر گئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کبھی کوئی چیز نہیں مانگی گئی، جو آپ نے عطا نہ کی ہو، اور ہمتوں میں آپ زمانے کی طرح ہیں، تو جیسے زمانے کی ہمتوں کی کوئی حد و انتہاء نہیں ہے اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمتوں کی کوئی حد یا انتہاء نہیں ہے۔ بلکہ آپ کی ہمتیں زمانے کی ہمتوں سے بڑھ کر ہیں، جیسے کہ سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے آپ کی مدح میں فرمایا:

له همم لا منتهى لكبارها   وهمته الصغرى أجل من الدهر

له راحة لو ان معشار جودها   على البر كان البراندى من البدر

و الأولان من هذه التشبيهات راجعان الى الخلق والأخيران إلى الخلق والمقصود منها تقريب كمالاته إلى الأفهام و إلا فكيف يشبه حاله صلى الله عليه وسلم بما وجوده طفيل وجوده عليه اكمل التحيات وافضل الصلوات۔

ثم دفع مايتوهم من وصفه بكمال البشاشة وطلاقة الوجه من عدم المهابة بقوله:

آپ کی ہمتیں ایسی ہیں کہ ان کی بڑی بڑی ہمتوں کی انتہاء نہیں جب کہ آپ کی چھوٹی ہمت زمانے سے بھی عظیم تر ہے۔ آپ کا ہاتھ ایسا غنی ہے کہ اگر آپ کے ہاتھ کی عطا کا دسواں حصہ نیکی پر ہو تو نیکی چودھویں رات کے چاند سے بھی زیادہ روشن تر ہو جائے۔ (ایک جگہ یہاں بر سے مراد صحراء و دشت لیا گیا ہے اور بدر کی جگہ بحر ہے، اس صورت میں معنی یہ ہوگا کہ اگر دشت و صحراء کو آپ کے جود و سخا کا دسواں حصہ دیا جائے تو وہ سمندر سے زیادہ سخی اور فیاض ہو جائے۔ قاری محمد یاسین قادری شطاری ضیائی)

ان تشبیہات میں سے پہلی دونوں مخلوق کی طرف راجع ہیں اور آخری دونوں مخلوق اور مقصود کی طرف راجع ہیں، اسی سے ہے آپ کے کمالات کو فہموں کے قریب کرنا اور اگر نہیں تو پھر آپ کے حال کو اس کے ساتھ کیسے تشبیہ دی جا سکتی ہے جس کا وجود آپ کے وجود کے طفیل ہے۔ آپ پر کامل ترین سلام اور افضل ترین درود ہوں۔

(۵۶)

كَأَنَّهُ وَهُوَ فَرْدٌ مِنْ جَلَالَتِهِ
فِي عَسْكَرٍ حِينَ تَلْقَاهُ وَفِي حَشَمِ

(كأنه) اى النبى صلى الله‌عليه وسلم (وهو فرد) ليس معه احد، حال من اسم كأن أومن المستكن فى خبره (فى جلالته) لأجل جلالته و عظمته و مهابته، علة للجملة التشبيهية كائن (فى عسكر) عظيم خبر كأن (حين تلقاه) أى النبى صلى الله‌عليه وسلم، و التعبير بالمضارع استحضارًا لتلك الصورة البديعة و هو ظرف للخبر (وَ) كائن (فى حشم) كثير و المقصود تشبيه منفردًا بنفسه المباركة مصحوبًا بعسكر عظيم و حشم

---

۵۶) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جلالت شان اور عظمت میں یکتا وتنہا ہیں تو ان سے خواہ تنہائی میں ملاقات کرے تجھ پر ان کی ہیبت یوں طاری ہو جائے گی، جیسے کہ آپ لشکر میں یا ایک بہت بڑی جماعت میں ہیں۔

گویا آپ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم، اکیلے اور یکتا ہیں اور آپ کے ساتھ کوئی نہیں، کان کے اسم یا خبر میں پوشیدہ ضمیر سے حال ہے، فی جلالتہ کا معنی ہے آپ کی جلالت، عظمت، اور ہیبت کی وجہ سے، یہ لفظ جملہ اول جس میں تشبیہ ذکر کی گئی ہے اس کی علت ہے، آپ لشکر عظیم میں ہوں، فی عسکر کان کی خبر ہے اس کی صفت مقدر ہے جو عظیم ہے اس کا معنی ہے لشکر عظیم میں، جس وقت تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرے، یہاں لفظ تلقاہ کو مضارع لانے کا مطلب یہ ہے اس صورتِ جدید کو جس کی کوئی مثال نہیں ہے، ذہن میں حاضر کرنا ہے اور یہ خبر کا ظرف ہے، فی حشم کا متعلق کائن مقدر ہے، اس کی صفت محذوف ہے، جو کثیر ہے، مقصود آپ کی

جسیمٍ فی الجلالة و الوجاهة و المهابة و العظمة :

ولیس من اللہ بمستنکر
ان یجمع العالم فی واحد

(۵۷)

كَاَنَّمَا اللُّؤْلُؤُ الْمَكْنُوْنُ فِیْ صَدَفٍ
مِنْ مَعْدِنَیْ مَنْطِقٍ مِنْهُ وَ مُبْتَسَمِ

(کانما اللؤلؤ) الدر (المکنون) المستور (فی صدف) قید به لانه یکون فیه فی کمال الصفاء و البهاء، ناش (من معدنی منطق) محل نطق کائن (منه) صلی اللہ علیه و سلم و هو اللسان (ومبتسم) و مکان تبسم

ذات مبارکہ کو جو منفرد ہے تشبیہ دیتا ہے، عظیم لشکر اور بڑی جماعت کے ساتھ ہونے کی حالت کے ساتھ، جلالت شان، وجاہت، ہیبت اور عظمت میں۔

اور اللہ تعالی سے ناممکن نہیں ہے کہ وہ جہان کو ایک میں جمع فرمادے۔

۵۷) یوں لگتا ہے جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی گویائی اور تبسم کی دو کانوں کے درمکنون یعنی سیپ میں چھپے ہوئے موتی ہیں، جو آپ گفتگو کے الفاظ اپنے دھانِ اقدس سے صادر فرماتے ہیں اور آپ کے دانت مبارک ظاہر ہوتے ہیں۔

لؤلؤ یعنی موتی مکنون یعنی چھپا ہوا سیپ میں یہ سیپ کی قید لگانے سے اس بات کو واضح کرنا مقصود ہے کہ سیپ میں جو موتی ہوتا ہے وہ کمال صفائی والا اور چمک دار ہوتا ہے، اور قیمتی، جو پیدا ہوتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقامِ گفتگو سے اور وہ زبان حق ترجمان ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقامِ تبسم یعنی دونوں ہونٹ مبارک سے، شاعر نے موتی کو انتہائی صفائی اور چمک میں نبی

منه صلى الله عليه و سلم اعنى الشفتين المباركتين، شبه الدر الذى يكون فى غاية الصفاء و البهاء بكلامه المهذب المنقح الموجب لثروة الحياة لأبدية و المثمر للعقبى السرمدية و بأسنانه المباركة اللامعة كالبرق كما روى أنه صلى الله عليه وسلم "اذا تبسم ضاحكًا افتر عن مثل سنا البرق و عن مثل حب الغمام" و اذا تكلم رئى كالنور يخرج من ثناياه، وهذا التشبيه كما فى قوله:

وبدا الصباح كأن غرته
وجه الخليفة ثم يمتدح

ثم انه بعد ما اشار الى امتيازه فى الخلق والخلق على من سواه فى الحياة، اشار الى انه ممتاز عمن سواه بعد الممات ايضًا فقال:

کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مہذب، پاکیزہ تر، دولتِ حیاتِ ابدی اور آخرت کی سرمدی زندگی اس کا نتیجہ ہے کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور آپ کے بجلی کی طرح چمکدار مبارک دانتوں کے ساتھ تشبیہ دی ہے جیسا کہ آپ سے مروی ہے: کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسکراتے تو آپ کے دانت مبارک بجلی کی طرح چمکتے، اور اولوں کی طرح سفید ظاہر ہوتے، اور جب آپ گفتگو فرماتے یوں دیکھا جاتا جیسے آپ کے سامنے والے دانتوں سے نور نکلتا ہے، اور یہ تشبیہ ایسے ہی ہے جیسے شاعر کا قول ہے:

صبح روشن ہوئی اس کی چمک گویا خلیفہ کا چہرہ ہے، پھر اس کی مدح کی جاتی ہے۔

پھر شاعر نے آپ کے اخلاق وخلقت میں اپنے سے علاوہ پر امتیاز کو ذکر کرنے کے بعد اور اس طرف اشارہ کرنے کے بعد کہ آپ اپنے ماسوا سے بعد از وصال بھی ممتاز ہیں فرمایا:

(۵۸)

لَاطِيبَ يَعْدِلُ تُرْبًا ضَمَّ اَعْظُمَهٗ
طُوبٰى لِمُنْتَشِقٍ مِنْهُ وَمُلْتَثِمٖ

(لاطيب) في العالم (يعدل) يسوي نفسه (تربا) اى بترب (ضم) جمع (اعظمه) صلى الله عليه وسلم صفة تربا بل يرى نفسه بالنسبة اليه كالتراب بالنسبة الى الطيب اذ لا قيمة له بالنسبة إلى تراب روضته المقدسة المطهرة الميمونة المباركة، وهذا ماخوذ من قول فاطمة رضى الله تعالى عنها في مرثيته صلى الله عليه وسلم:

صبت علی مصائب لو انها صبت علی الایام صرن لیالیا
ماذا علی من شم تربة احمد ان لا یشم مدی الزمان غوالیا

---

۵۸) کوئی بھی خوشبو آپ کے جسم سے ملی ہوئی مٹی کے برابر نہیں ہے، مبارک اسے جو آپ کی خاک قبر یا جسم اطہر کو سونگھنے والا اور چومنے والا ہے۔

جہاں میں کوئی بھی خوشبو اس مٹی کے برابر نہیں جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اطہر سے ملی ہوئی ہے، مٹی اگر خود کو دیکھے تو مٹی ہی ہے بنسبت خوشبو کے کیونکہ خوشبو کی جو قیمت ہے وہ مٹی کی قیمت نہیں ہو سکتی، مٹی خوشبو کے مقابل تو بے قیمت ہے، لیکن خوشبو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسمِ اطہر سے ملی ہوئی مٹی کے مقابل بے قیمت ہے، جبکہ روضۂ مبارکہ پاکیزہ، کی مٹی کے مقابل بھی اس خوشبو کی کوئی وقعت نہیں، یہ بات سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے درجِ ذیل اشعار سے ماخوذ ہے، جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں سیدہ نے کہے۔

مجھ پر ایسی مصائب انڈیل دی گئی ہیں کہ اگر وہی مصائب دنوں پر ڈال دی

وذکر " الاعظم " تعبیر ان الکل باعظم اجزائه و الا فجسد ه المبارك الآن کما کان فی حال الحیاة لقوله صلی الله علیه وسلم :" ان الله حرم علی الارض أن تأکل اجساد الأنبیاء» بل قد یحیی صلی ا لله علیه وسلم فی القبر لقوله صلی الله علیه وسلم :"ما من احد یسلم علی الا رد الله علی روحی حتی ا رد علیه السلام "۔

(طوبی) حالة جمیلة کائنة (لمنتشق) و فی بعض النسخ "لمستنشق " ای لشام من " انتشقت الریح و ا ستنشقتها " ؛ شممتها (منه) ای من ذلك التراب المیمون (وملتثم) مقبل ذلك التراب من

جائیں تو وہ راتیں بن جائیں، اس شخص کو کیسے تکلیف ہو سکتی ہے جس نے اللہ کے رسول احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کی مٹی سونگھی تو وہ اگر ساری زندگی کسی اور قیمتی خوشبو کو نہ سونگھے تو کونسی اچنبے کی بات ہے۔

علامہ بوصیری نے اعظم کا ذکر کیا، جس کا معنی ہڈیاں ہے کیونکہ اس میں اعتبار اس چیز کا ہے کہ آپ کے جسم اطہر کے اجزاء میں سے ہڈیاں بول کر کل مراد ہے ورنہ آپ کا جسم اقدس اب بھی اسی طرح سلامت ہے جیسے زندگی کی حالت میں تھا کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے: "بے شک اللہ تعالی نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء کے اجسام کو کھائے،، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر میں یقیناً زندہ ہیں کیونکہ آپ نے خود فرمایا: "کوئی شخص مجھ پر سلام نہیں کہتا مگر اللہ تعالی میری روح کو مجھ پر لوٹا دیتا ہے حتی کہ میں اس کو سلام کا جواب دیتا ہوں۔

طوبی سونگھنے والے کی خوبصورت حالت کو بیان کرتا ہے، خوشبو پھیلی تو میں نے اسے سونگھا یعنی اس برکتوں والی مٹی کو میں نے سونگھا ملتثم، کا معنی ہے اس مٹی کو چومنے والا کیونکہ یہ لفظ التثام سے ہے اور التثام کا معنی ہے تقبیل یعنی چومنا۔

الالتثام و هو التقبيل۔

ثم شرع فی بیان المعجزات وما ظهر قبل الولادة وعند الولادة فقال:

(۵۹)

أَبَانَ مَوْلِدُهُ عَنْ طِيبِ عُنْصُرِهِ
يَا طِيبَ مُبْتَدَءٍ مِنْهُ وَمُخْتَتَمِ

(أبان) اتضح و أبنته أوضحته يتعدى و لا يتعدى اى كشف (مولده) زمان ولادته صلى الله عليه وسلم (عن طيب) طهارة و نزاهة (عنصره) اصله (يا) النداء للتعجب (طيب مبتداء) زمان ابتداء كائن (منه) صلى الله عليه و سلم (و مختتم) و زمان اختتام منه، نحن عاجزون عن معرفتك كما انت۔

پھر علامہ بوصیری معجزات اور جو کچھ ولادت سے پہلے یا ولادت کے وقت ظہور پذیر ہوااس کو بیان کرنے میں شروع ہو رہے ہیں: تو انہوں نے کہا:

(۵۹) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانۂ ولادت نے آپ صلی اللہ وسلم کی پاکیٔ فطرت سے بہت ساری عجیب باتوں کو ظاہر کردیا جس سے آپ کی خوشبوءِ ولادت اور خوشبوءِ وصال اور حسنِ پاک بھی ظاہر ہو چکا ہے۔

اس نے ظاہر کیا، وضاحت کی، تو نے بیان کیا یا تو نے وضاحت کی، یہ لفظ ابان متعدی اور غیر متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، معنی ہے کہ آپ کے ولادت کے زمانہ نے آپ کے عنصر (اصل) مبارک کی پاکی، ستھرائی، اور نزہت کو بیان کیا، یا ندائیہ ہے جو تعجب کے لئے ہے (طیب مبتدء) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتداء کا زمانہ، (ومختتم) آپ کے اختتام یعنی وصال کا زمانہ، ہم آپ کی معرفت سے عاجز ہیں

ثم طيبه صلى الله عليه وسلم على ماذكر بعضه ماروت صفية بنت عبد المطلب انها قالت: "كنت في ليلة ولادته قابلته فشاهدت أن نوره غلب على نور السراج، وشاهدت تلك الليلة ست علامات أحدها: أنه لما خرج سجد - وثانيها: أنه رفع رأسه فقال: لا إله إلا الله إني رسول الله، ثالثها: أنه اضاء البيت بنوره، رابعها: إني أردت أن اغسله فهتف هاتف يا صفية لا تتعبي نفسك فاني أخرجته مغسولاً طيباً طاهراً، خامسها: انى (اردت ان ارى) أنه ابن او ابنة فرأيت مختونا مقطوع السرة، سادسها اردت ان البسه لفافة فرءيت على ظهره خاتم النبوة مكتوب فيه لا إله الله محمد رسول الله"۔

جیسا کہ آپ ہیں۔

پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خوشبو جیسا کہ بعض نے ذکر کیا ہے، وہ ہے جو سیدہ صفیہ بنتِ عبدالمطلب نے روایت کی، کہ سیدہ فرماتی ہیں: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی رات آپ کی دایہ تھی، تو میں نے دیکھا کہ آپ کا نور چراغ کے نور پر غالب تھا، اور میں نے اس رات چھ علامات کا مشاہدہ کیا:

۱۔ جب آپ شکم مادر سے باہر تشریف لائے تو آپ نے سجدہ کیا۔

۲۔ میں نے دیکھا آپ نے سر اٹھایا اور فرمایا: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ ۳۔ آپ کے نور سے گھر روشن ہو گیا۔

۴۔ میں نے ارادہ کیا انہیں غسل دوں، تو میں نے آواز سنی کوئی غیب سے پکار رہا تھا، اے صفیہ تو اپنے آپ کو مشکل میں نہ ڈال، میں نے اسے غسل دیا ہوا طیب وطاہر پیدا کیا ہے۔ ۵۔ میں نے چاہا کہ دیکھوں لڑکا ہے یا لڑکی تو میں نے آپ کو ختنہ شدہ اور ناف کٹا ہوا دیکھا۔ ۶۔ میں نے چاہا کہ انہیں چادر اڑا دوں تو میں نے دیکھا آپ کی پشت مبارک پر خاتمِ نبوت تھی، اس میں لکھا ہوا تھا: لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

وبعضه ماروی عن عائشة رضی الله عنها "أنها قالت لما أرادواغسل النبی صلی الله علیه وسلم قالوا : لا ندری أنجرد رسول الله صلی اللهعلیه وسلم من ثیابه کما نجرد موتانا أم نغسله وعلیه ثیابه؟ فلما اختلفوا ألقی الله تعالی علیهم النوم حتی ما منهم رجل إلا و ذقنه فی صدره، ثم کلمهم مکلم من ناحیة البیت لا یدرون من هو، إغسلوا النبی صلی اللهعلیه و سلم وعلیه ثیابه، فقاموا فغسلوه وعلیه قمیصه یصبون الماء فوق القمیص و یدلکونه بالقمیص"۔

وما روی "عن علی رضی الله تعالی عنه أنه قال: ما رأیت وقت

اور کچھ وہ باتیں ہیں جنہیں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہ نے روایت کیا: سیدہ نے فرمایا: جب صحابہ کرام علیہم الرضوان نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دینے کا ارادہ فرمایا، تو کہنے لگے ہمیں نہیں معلوم کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے اتاریں یا نہ جیسا کہ ہم اپنے مردوں کے کپڑے اتارتے ہیں، یا ہم آپ کو کپڑوں میں ہی غسل دے دیں؟ جب اختلاف ہوا تو اللہ تعالی نے ان پر نیند طاری کردی حتی کوئی بھی آدمی ان میں سے جو تھا اس کی ٹھوڑی اس کے سینہ میں تھی، پھر کسی کلام کرنے والے نے ان سے گھر کے کونے سے کلام کی، انہیں نہ معلوم ہوسکا کہ وہ کون ہے؟ اس نے کہا: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دو کہ آپ کے کپڑے آپ کے جسم اطہر پر ہی رہیں تو صحابہ اٹھے اور آپ کو غسل دینے لگے اس حال میں کہ آپ کے کپڑے آپ کے جسم پر ہی تھے، آپ کے اوپر پانی آپ کی قمیص کے اوپر سے ہی ڈال رہے تھے، اور قمیص کے ساتھ آپ کے جسم کو ملتے تھے۔

اور وہ جو سیدنا علی رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے: کہ آپ نے فرمایا: میں نے آپ کے جسمِ اطہر کو دھوتے وقت وہ میل وکچیل وغیرہ نہ دیکھی جو دیگر مردوں میں

غسل بدنه المبارك ما للأموات من درن ووسخ وغيره فقلت: بأبي وأمي أطيبك حيا وميتا"۔

وما روى عنه أنه سئل عن سبب كمال فهمه وحفظه فقال: لما غسلت رسول الله صلى الله عليه وسلم بقي قطرة ماء في عينيه صلى الله عليه وسلم، ولم أجوز إراقته على الأرض، فشربت فصار بذلك فهمي وحفظي كاملاً وفائقاً۔

وبعضه ما أشار إليه الناظم قدس سره بقوله:

(٦٠)

يَوْمَ تَفَرَّسَ فِيهِ الْفُرْسُ أَنَّهُمْ
قَدْ أُنْذِرُوا بِحُلُوْلِ الْبُؤْسِ وَالنِّقَمِ

ہوتی ہے، تو میں نے کہا: آپ زندہ بھی کیا ہی پاکیزہ اور طیب تھے اور اب بعد از وصال بھی۔

اور وہ جو انہی سے روایت ہے، کہ آپ سے آپ کی کمال سمجھ اور حافظہ سے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: جب میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو غسل دیا تو ایک قطرہ آپ کی آنکھوں میں ٹھہر ارہا، اور میں نے اسے زمین پر گرانا جائز نہ جانا، لہٰذا میں نے اس قطرہ کو پی لیا، اس سے میرا حافظہ اور سمجھ اس قدر کامل اور فائق ہوگئی ہے۔

اور صاحبِ قصیدہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے اس وصفِ خاص کی طرف اپنے درجِ ذیل شعر میں بھی اشارہ فرمایا ہے:

٦٠) یہ وہ دن ہے جس میں انہیں (اہلِ فارس کو) ذلت وحقارت کا ان پر نازل ہونا معلوم ہو چکا اور ان کی حکومت کا زائل ہونا معلوم ہو چکا ہے (کیونکہ انہوں نے

(يوم) بدل من مولده، كثيرًا مايطلق اليوم ويراد به مطلق الوقت وهو المراد ههنا (تفرس) صفة يوم إى عملوا بالفراسة (فيه) فى ذلك اليوم (الفرس) كالقفل الفارسيون (انهم) مفعول "تفرس" (قد انذروا) خوفوا (بحلول) نزول (البؤس) الشدة والعذاب (والنقم) كالنعم جمع نقمة كنعمة وهى المصيبة يعنى علموا نزول الهوان والحقارة بهم وزوال مملكتهم لمشاهدتهم أموراً غريبة لم يشاهدوها أصلاً۔

(٦١) وَبَاتَ اِيْوَانُ كِسْرٰى وَهُوَ مُنْصَدِعٌ
كَشَمْلِ اَصْحَابِ كِسْرٰى غَيْرَ مُلْتَئِمِ

ایسے عجیب وغریب امور کا مشاہدہ کیا ہے جنہیں اس سے پہلے انہوں نے بالکل نہیں دیکھا تھا) وہ بڑے عذاب، اور انتقام سے ڈرائے گئے ہیں۔

یوم کا لفظ مولدہ سے بدل ہے، یوم کا لفظ بہت زیادہ مطلق استعمال ہوتا ہے، اور اس سے مراد مطلق وقت ہوتا ہے، اور یہ ہی یہاں مراد ہے، تفرس یوم کی صفت ہے معنی ہے، انہوں نے اس دن میں فراست سے کام لیا، فرس، قفل کی طرح ہم وزن ہے مراد اس سے فارسی لوگ ہیں، انھم یہ تفرس کا مفعول ہے، قد انذروا کا معنی ہے ڈرائے گئے، سختی اور شدت وعذاب کے نزول کی وجہ سے، اور نِقَم، نِعَم کی طرح ہے جمع نِقْمَة کی جیسے نعمۃ اور نقمہ مصیبت ہے، یعنی انہیں ذلت وحقارت کا ان پر نازل ہونا معلوم ہو چکا اور ان کی حکومت کا زائل ہونا معلوم ہو چکا ہے کیونکہ انہوں نے ایسے عجیب وغریب امور کا مشاہدہ کیا ہے جنہیں اس سے پہلے انہوں نے بالکل نہیں دیکھا تھا۔

(٦١) ایوان کسری اس طرح پارہ پارہ ہوئے جیسے کسریٰ کا لشکر بکھرا جو پھر ملنے

(وَ) يوم (بات) فيه (إيوان) في الصحاح : الاوان والايوان ؛ الصفة العظيمة ، وجمع الأول أُوُن مثل خِوَانٍ خُوُنٌ ، الثاني إيوانات و أواوين لأن أصله اوان ، فأبدلت من إحدى الواوين ياء ، وفي الدستور : أَيوان ، بفتح الهمزة (كسرى) بكسر الكاف و فتحها ، اسم جنس لملوك الفرس كما أن قيصر اسم ملوك الروم وهو معرب خسرو و المراد ههنا نوشيروان بن القباد العادل ، (و هو منصدع) حال من الايوان أي منشق ومنكسر (كشمل) خبر "بات" أي مثل تفرق ۔

(اصحاب كسرى) الذي بعث رسول الله صلى الله عليه وسلم

والانہیں ہے۔

اور جس دن میں ایوانِ کسری ٹوٹ کر پارہ پارہ ہوئے (ایوان: صحاح لغت کی کتاب ہے، جس میں اوان اور ایوان ہے، عظیم اس کی صفت ہے، اس کے پہلے وزن کی جمع، اُوُن ہے جیسے، خوانٌ خُوُنٌ ، دوسرا وزن ہو تو وہ ایوانات اور اواوین کے وزن پر جمع لایا جاتا ہے، کیونکہ اس کی اصل اوان ہے، کیونکہ اس کی اصل اوان ہے پھر ایک واو کو یاء سے بدل دیا گیا ہے، اور دستور میں ہے: ایوان ، ہمزہ کے زبر کے ساتھ) کسری کاف کے زبر اور زیر دونوں کے ساتھ استعمال میں ہے۔ یہ لفظ فارس کے بادشاہوں کا اسمِ جنس ہے جیسا کہ روم کے بادشاہوں کا نام قیصر ہے اور یہ خسرو سے عربی بنایا گیا ہے، اور یہاں مراد نوشیرواں بن قباد عادل ہے، یہ لفظ منصدع ایوان کا حال ہے معنی ہے اس حال میں کہ وہ ٹوٹنے والا ہے، کشمل بات کی خبر ہے معنی ہے جدا ہونے کی مثل۔

(کسری کی فوج) کسری وہ ہے جس کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا خط سیدنا عبداللہ بن حذافہ سہمی کو دے کر بھیجا اور اسے حکم دیا کہ یہ خط عظیم

بكتابه اليه مع عبد الله بن حذافة السهمي و أمره أن يدفعه إلى عظيم البحرين فدفعه عظيم البحرين اليه فلما قرءه مزقه فدعا عليهم رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يمزقوا كل ممزقٍ أى فرقهم الله تفريقًا تامًا، و اسمه خسرو الذى زوجته شيرين، فاجاب الله تعالى دعاء نبيه فيهم، فقام ابن خسرو شيرويه فشق بطن أبيه ليتزوج بشيرين لغلبة عشقه بها، فلما دفن خسرو قال شيرويه: تعالى اتزوجك، فقالت: اصبر لادخل قبر أبيك وأودعه، فدخلت القبر وأخذت سيفاً ووضعت مقبضه على جرح خسرو ووضعت بطنها على طرف السيف واعتمدت على السيف حتى دخل السيف فى بطنهاوخرت على خسرو ميتة۔

والشمل من الأضداد يقال: جمع الله شمله أي ما تشتت من أمره

البحرین کو دے، آپ نے وہ خط اس تک پہنچا دیا، پھر آپ نے پڑھ کر سنایا اس نے سننے کے بعد اسے پھاڑ دیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے خلاف دعا مانگی، کہ اللہ تعالیٰ اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے، اس کا نام خسرو تھا اس کی بیوی شیریں تھی، اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی دعا کو قبول فرمایا: خسرو کا بیٹا شیرویہ اٹھا اس نے اپنے باپ کا پیٹ پھاڑ تا کہ شیریں سے شادی کر لے، کیونکہ اسے شیریں یعنی اپنی ماں سے محبت کا غلبہ تھا، جب خسرو دفن کر دیا گیا تو شیرویہ نے شیریں سے کہا: آمیں تجھ سے شادی کروں! اس نے کہا صبر کرتا کہ میں تیرے باپ کی قبر میں داخل ہوں اور اسے الوداع کروں، لہٰذا وہ قبر میں داخل ہوئی اور اپنی تلوار کے دستہ کو اس کے زخم پر رکھا اور دوسری طرف سے اپنے پیٹ کے ساتھ تلوار لگائی حتی کہ اس کے پیٹ میں داخل ہوگئی اور وہ مر کر خسرو کے اوپر گر گئی۔

شمل کا لفظ اضداد میں سے ہے یعنی ایسے لفظوں میں سے جن کے معانی مخالف اور دوہرے ہوتے ہیں، کہا جاتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کے شیرازہ کو جمع فرمادے،

وفرق الله شمله أي ما اجتمع من أمره كالبين للفراق و الوصال، (غير ملتئم) مجتمع، حال من "اصحاب"۔

(۶۲)

وَالنَّارُ خَامِدَةُ الْاَنْفَاسِ مِنْ اَسَفٍ
عَلَيْهِ وَالنَّهْرُ سَاهِي الْعَيْنِ مِنْ سَدَمِ

(وَ) يوم (النار) التى يعبدها الفرس وقد مضى عليها ألف سنة لم تخمد أصلاً (خامدة) ساكنة (الأنفاس) اى الألهاب فيه (من اسف) لأجل تأسف و حزن (عليه) أي كسرى مع ما توجه إليه من انشقاق الايوان (و

یعنی اس کے کام و معاملہ میں سے جو کچھ بکھر کر متفرق ہو چکا ہے اسے جمع فرماوے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے: اللہ تعالی اس کے شیرازہ کو بکھیر دے یعنی جو کچھ جمع ہے اسے جمع نہ رہنے دے، یعنی اتحاد ختم کر دے، جیسے: لفظ بین کا معنی وصل بھی ہے اور جدائی بھی ہے، غیر ملتئم یہ لفظ اصحاب کا حال ہے، معنی ہے: جمع نہ ہونے والا یا نہ ملنے والا، نہ ملا ہوا۔

۶۲) اور آگ کے شعلے ساوہ نہر کے خشک ہونے پر افسوس کی وجہ سے بجھ گئے، اور نہر اس پر غم اور ندامت کی وجہ سے اپنے چشمہ اور بہنے کی جگہ کو بھول گئی اور دوسری جگہ بہنے لگی۔

اس آگ کا دن جس آگ کو فارسی مجوسی لوگ پوجتے تھے، اور اس پر انہیں ہزار سال گزر گیا اور اتنا عرصہ بالکل اس کے شعلے نہ بجھے، اس کا بجھنا کسری پر غم کی وجہ سے تھا اس کے ساتھ ایوان کسری کے ٹوٹنے کا واقعہ بھی ہو چکا تھا، اور نہر چشمے سے بہہ نکلنے سے ساکن ہوگئی یا معنی یہ ہے کہ وہ چشمے کو بھول گئی کہ وہ اپنی گزرگاہ کے علاوہ بہنے

النهر ساهي) ساكن (العين) الينبوع عن الجريان أو غافل العين بأن جرى في غيرمرة وخرّ بناء كسرى غير مرة ، (من سدم) لأجل ندم وحزن عليه و ما توجه اليه ، و سدم كندم۔

(٦٣)

وَسَاءَ سَاوَةَ اَنْ غَاضَتْ بُحَيْرَتُهَا
وَرُدَّ وَارِدُهَا بِالْغَيْظِ حِيْنَ ظَمِيْ

(و) يوم (ساء) أحزن فيه، ساء،يسوء،سوءاً، بالفتح، نقيض سره والاسم السوء بالضم وقرئ عليهم دائرة السوء يعني الهزيمة والشر، أهل (ساوة) مفعول "ساء" وهي مدينة بين الهمدان والرى من مدنهم (ان

لگی، کسری کی عمارت ایک سے زائد بار ٹوٹ کر گری، اس لئے کہ اس پر ندامت وشر مندگی اور غم کی وجہ سے اور کسری کے محل ٹوٹنے کی وجہ سے ایسا ہوا اور جس طرف اس کی توجہ ہوئی، اور سدم ندم کی طرح ہے۔

٦٣) اور ساوہ کے رہنے والوں کو غم زدہ کردیا اس کی بحیرہ نہر کے پانی کے جذب ہوکر خشک ہونے نے اور اس نہر پر آنے والے پیاس کی وجہ سے غصہ کے ساتھ واپس لوٹ جاتے ہیں۔

اور جس دن میں غم زدہ کردیا (ساء یسوء، سوءا سے ہے اس کا معنی غم زدہ کرنا ہے، یہ سرور کی نقیض یعنی ضد ہے، اور اس کا اسم سُوءٌ ہے، اور یہ پڑھا جاتا ہے کہ ان پر بری گردش یعنی شکست وشر ہے) ساوہ سے پہلے اہل کا لفظ محذوف ہے، معنی ہے ساوہ والوں کو غم زدہ کردیا، اور یہ ساء کا مفعول ہے، اور یہ ساوہ ایک شہر ہے، ہمدان اور ریّ کے درمیان یہ کافروں کے شہروں میں سے تھا، ان غاضت ساء کا فاعل ہے، اور بحیرہ

غاضت) نقصت فاعل "ساء" (بحيرتها) أى ماء بحيرة ساوة (ورد) صرف ، قرئ معلومًا ففاعله ضميره الراجع إلى " أن غاصت " و مجهولًا (واردها) أى داخل البحيرة متلبساً (بالغيظ) الغضب حيث لم يجد فيها ماءًا (حين ظم) عطش ،ظرف ردّ وواردها ،و ظمى من الظماء، قلبت همزته ياءًا و أسكنت لضرورة القافية ۔

ثم بين خمود النار وجمود الماء بوجه لطيف تخييلي :

(۶۴)

كَأَنَّ بِالنَّارِ مَا بِالْمَاءِ مِنْ بَلَلٍ

حُزْنًا وَبِالْمَاءِ مَا بِالنَّارِ مِنْ ضَرَمِ

سے پہلے لفظ ماء محذوف ہے معنی ہے ساوہ شہر کی نہر کے پانی نے خشک ہوکر شہر والوں کو غم زدہ کردیا۔ اور رُدَّ کا معنی ہے پھیر دیا گیا، اسے معروف بھی پڑھا گیا ہے اس صورت میں ضمیر اس کے اندر اس کا فاعل ہوگی جو راجع ہوگی ان غاضت کی طرف اور اگر مجہول ہو تو پھر اس کا فاعل واردھا ہے یعنی بحیرہ میں داخل ہونے والا اس حال میں کہ اسے اس لئے غصہ وغضب ہے کہ اس نے اس میں پانی نہیں پایا اور، ظم بمعنی پیاس ہے، اور ردّ اور واردھا کا ظرف ہے، اور ظمی ظماء سے ہے ہمزہ کو یا سے بدل دیا گیا ہے، اور ضرورت قافیہ کے لئے ساکن کردیا گیا ہے۔

پھر صاحبِ قصیدہ بردہ نے آگ کے بجھنے اور اور پانی کے جامد ہونے کے درمیان ایک لطیف تخیلی وجہ کو بیان کیا ہے:

۶۴) گویا بوجہِ غم آگ کی کیفیت وہ ہوگئی ہے جو پانی کی ہوتی ہے کہ وہ تر کرتا ہے اور پانی کی کیفیت وہ ہوگئی ہے جو آگ کی ہے کہ وہ جلا رہا ہے۔

(كان) التصق (بالنار ما) الذي ثبت (بالماء من بلل ندى من بله يبله بالضم نداه، وفي الحديث: "بلوا أرحامكم و لو بالسلام" أي ندوها بالصلة يعني أن النار أخذت طبيعة الماء من الرطوبة فطفئت۔

(حزنا) مفعول له أي طفئت حزناً على عابديها وعامله هو "طفئت" المفهوم من سياق الكلام لا الظرف المستقر لعدم اتحاد الفاعل الموجب لتقدير اللام على ما هو المشهور۔

قال الرضي: "و بعض النحاة لايشترط تشاركهما في الفاعل" و هو الذي يقوى في ظني وان كان الأغلب هو الأول، و الدليل على جواز عدم التشارك قول أمير المؤمنين علي رضی اللہ تعالى عنه في نهج البلاغة:

گویا آگ کے ساتھ وہ کیفیت مل گئی ہے جو پانی کے لئے ثابت ہے یعنی تری، گیلا پن، بلل ،بلّہ ،یبلّہ سے ہے، جس کا معنی تر ہونا یا تر کرنا ہے، اور حدیث شریف میں ہے: اپنے رحموں کو تر رکھو اگر چہ سلام کے ساتھ ہی سہی، معنی یہ ہے کہ صلہ رحمی کر کے اسے تروتازہ رکھو، شعر کے جملہ کا معنی ہوا کہ آگ نے پانی کی طبیعت لے لی ہے یعنی گیلا کرنا اور وہ بجھ گئی ہے۔

حزنا مفعول لہ ہے معنی ہوا آگ بجھ گئی اپنے عابدوں پر غم کرتے ہوئے، اور اس کا عامل طفئت ہے جو سیاقِ کلام سے سمجھا جارہا ہے، ظرف مستقر نہیں ہے کیونکہ فاعل کا اتحاد نہیں ہے، جو لام کی تقدیر کا موجب ہے جیسا کہ مشہور ہے۔

رضی کہتے ہیں: اور بعض نحوی اس دونوں کے فاعل میں شریک ہونے کی شرط نہیں لگاتے، اور یہ ہی وہ بات ہے جو میرے گمان میں قوت والی ہے، اگر چہ زیادہ غالب پہلی بات ہے، اور شراکت کے نہ ہونے پر دلیل نہج البلاغہ میں امیر المؤمنین رضی اللہ تعالی عنہ کا ارشاد مبارک ہے:

"فاعطاه "الله" النظرة استحقاقا للسخطة و استتماما للبلية" و إنجازًا للعبدة" والمستحق للسخط ابليس والمعطى للنظرة هو الله تعالى۔

ولا يجوز أن استحقاقا حالا من المفعول لأن استتماما اذن يكون حالا من الفاعل و كذا انجازا للعدة ولا يعطف حال الفاعل على حال المفعول انتهى۔

اقول: وفيه بحث إذ قد صرح فى أول بحث الحال بعكسه فقال:

"يجوزعطف أحد حالى الفاعل و المفعول على الآخر كقولك: زيدًا ما شيا وراكبا "(و) التصق (بالماء ما) الذى ثبت (بالنار من ضرم) كندم، اشتعال والتهاب يعني أن الماء أخذ طبيعة النار فجمد حزناعليهم۔

تو اللہ تعالی نے اسے مہلت دی غصہ اور ناراضگی کا مستحق ہونے کی وجہ سے اور آزمائش کو پورا کرنے کے لئے، گنتی کو پورا کرنے کے لئے، اور مستحقِ غصہ ابلیس ہے اور عطا کرنے والا اللہ تعالی ہے۔

اور یہ بات جائز نہیں ہے کہ استحقا قامفعول کا حال ہو کیونکہ پھر تو استتماما بھی فاعل کا حال ہوگا اور اسی طرح انجازاللعدۃ ہے، اور فاعل کے حال کا عطف مفعول کے حال پر نہیں ہے، بات پوری ہوئی۔

اور میں کہتا ہوں: اس میں ایک بحث یہ ہے کہ وضاحت حال کی بحث کے شروع میں اس کے عکس کے ساتھ کی گئی ہے، تو اس نے کہا: فاعل ومفعول کے حالوں میں سے ایک کا عطف دوسرے پر جائز ہے جیسے تیرا کہنا: "زیدا ماشیا و راکبا"، (میں نے زید کو دیکھا اس حال میں کہ وہ پیدل آرہا تھا اور میں سوار تھا) اور وہ چیز جو آگ کے ساتھ تھی وہ پانی کے ساتھ مل گئی ہے، اور وہ ہے جلانا، لفظِ ضرم، ندم کی طرح ہے، معنی ہے، شعلہ زن ہونا لپٹیں مارنا، یعنی پانی نے آگ کی طبیعت لی تو ان پر غم

هذا تفصيل ما ذكر فی الابيات الاربعة من الامارات أن فی ليلة ولادته صلی اللّٰہعليه و سلم تزلزل ايوان كسری و سقط منه أ ربع عشرة شرفة وخمدت النار التی مضی عليها ألف سنة و هی متقدة و غار ماء البحيرة و رأی موا بذان و كان أعلم ا لمجوس فی المنام ، كأن الجمال الشرد العربية الغيرا لمخطومة تقود الخيل العربی حتی جاوزت دجلة وتفرقت البلاد، و اضطرب كسری من التزلزل و السقوط غاية الاضطراب و تحير تحيرا شديدًا ، فلما أصبح جلس علی السرير فقص القصة عند ا لوزراء و الحكماء، و كانوا فی ذلك اذ وصل اليهم خبر ا لنار ، وأخبر أعلم ا لمجوس

کی وجہ سے جامد ہو گیا۔

یہ تفصیل ہے اس کی جو چار شعروں میں ان علامات کا ذکر کیا گیا ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کی رات سے متعلق ہیں:

☆ ایوان کسری میں زلزلہ آیا، ☆ اس کے چودہ کنگرے گر گئے،

☆ اس آگ کا بجھنا جس پر ایک ہزار سال گزر گئے اور وہ جل رہی تھی،

☆ بحیرہ کا پانی گہرائی میں چلا گیا۔

موابذان نے خواب دیکھا یہ موابذان مجوسیوں کا بہت بڑا عالم تھا'' کہ بدکے ہوئے عربی بے لگام اونٹ عربی گھوڑوں کو ہانک رہے ہیں حتی کہ دجلہ کو عبور کر گئے ہیں اور مختلف علاقوں میں پھیل گئے ہیں اور کسری زلزلہ سے اور کنگروں کے گرنے سے انتہائی زیادہ پریشان ہوا، سخت حیران ہو گیا، تو جب صبح ہوئی، وہ تخت پر بیٹھا اور اس نے وزیروں اور حکماء وغیرہ کو یہ قصہ بیان کیا وہ اسی حال میں تھے کہ ان تک آگ کے بجھنے کی خبر بھی پہنچ گئی، تو اس یہ خبر مجوسیوں کے سب سے بڑے عالم کو پہنچائی، یعنی کسری کا خواب دیکھنا، پریشان وحیران ہونا تو اس سے پھر اس بارے سوال کیا:

عن رؤياه و اضطرب كسرى و تحير و سأ له عنها۔

فقال: تحدث حادثة من ناحية العرب، فكتب إلى نعمان بن ا لمنذر أن ارسل رجلا ماهرا يجيب عما أساله، فأرسل عبد المسيح بن عمرو بن بقيلة الغسانى، فسأله فقال: لا أعلمه إنما علمه عند خالى سطيح الكاهن فى الشام، قال: فاذهب و سله، فلما ذهب إلى سطيح وجده مشرفاً على الموت، فسلم عليه ولم يجبه، فأنشد شعرًا فرفع سطيح رأسه فقال: عبد المسيح، على جمل يسيح على سطيح، وقد أوفى على الضريح، ياعبد المسيح، بعثك ملك بنى ساسان لارتجاس الايوان و خمود النيران و رؤيا الموبذان، ياعبد المسيح اذا غاصت بحيرة ساوة، وفاض وادى السماوة، فقد ولد صاحب التلاوة، وظهر خير الأديان، و زال ملك بنى ساسان، و سيملك منهم ملوك و ملكات على عدد الشرفات، و كل ما هو

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک چار دیواری میں تھا۔ جس کا دروازہ بند تھا۔ کسی شخص نے دروازے پر دستک دی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھیجا کہ دیکھ کر آ۔ دروازے پر کون ہے۔ وہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ دروازہ کھولو۔ اور اس کو خوشخبری دو۔ کہ تو میرے بعد خلیفہ ہوگا۔ پھر دوسرے شخص نے دروازے پر دستک دی۔ فرمایا۔ دیکھ آؤ۔ تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔ مجھے فرمایا۔ دروازہ کھولو اور اس کو بشارت دو کہ وہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کے بعد خلیفہ ہوگا۔ پھر کسی اور نے دروازے پر دستک دی۔ فرمایا دیکھ آؤ۔ تو وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دروازہ کھولو اور اس کو بشارت دو۔ کہ تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے بعد خلیفہ ہوگا تو پھر جام شہادت نوش فرمائے گا۔ اسی طرح شواہد النبوہ میں مذکور ہے۔

(لم یرما) بعض شارحین نے کہا۔ یہ بھی جائز ہے کہ ناک ورم زدہ ہو یعنی

حضرت علی حاضر ہوجانا۔

ومن رامه يريمه ريماً على خلاف القياس للضرورة أولكون حركة الميم عارضة، فكان الالتقاء باقياً، والمعنى على الاول، لم يغضبا على القضاء والقدر ولم يتغيرا من حالهما باستشعار الخوف لكمال تمكينهما وصدق يقينهما وعلى الثانى، لم يبرحا وبعض الناس يقرأ لم يُرَمَا، وباذلك من الناظم وانما حمله على ذلك العجز عن تأويل "لم يَرِمَا" وفى قوله "لكون حركة الميم عارضة" بحث، تدبر!.

ثم أورد عليه بعضهم أن هذا الحذف من قبيل الحذف القياسى الضرورات الشعرية والسماع غير معلوم والتوجيه الاول ايضاً بعيد غاية البعد، هذا وهو لا يخلو عن شئ، ثم قال: ولا يبعد أن يكون المراد أنه لم يتورما ببركة النبى صلى الله عليه وسلم الصديق رضى الله عنه مع أن الغار ماوى الحيات، والاولى أن يكون صيغة الواحد مؤكدا بنون الخفيفه المنقلبة ألفاً وقفاً يعنى الصديق لم يتورم أصلاً مع لدغ الحية، انتهى كلامه.

اقول وفيه بحث فإن التوجيه الاول لا يخلو عن قلق واضطراب كما لا يخفى، والثانى يناقض القصه المذكورة الثابته فى كتب السير، والعجب انه نقل القصة بعين ما نقلناه، ثم قال بهذا التوجيه والاولى أن يقال أنه مفرد مؤكد بالنون الخفيفه المنقلبه ألفاً حالة الوقف وان كان

جب غصہ آئے۔ اور رام پریم راماً ضرورت کے تحت خلاف قیاس ہے۔ یا اس لیے کہ میم کی حرکت عارضی ہے۔ پھر التقا یعنی گر جانا باقی ہو۔ اور اس کا معنی تقدیر اول پر یوں ہے۔ کہ وہ دونوں قضا اور قدر پر ناراض نہیں۔ خوف کی وجہ سے ان کا حال تبدیل نہیں ہوتا۔ پکے ارادے اور صدق ویقین کی وجہ سے متغیر نہیں ہوتے۔ اور تقدیر ثانی پر یوں ہوگا۔ لہ یرما اور بعض لوگ اس کو لم یرمَا پڑھتے ہیں۔ ناظم قصیدہ نے اس عجز کو تاویل یَدِما پر محمول کیا۔ اور ایک قول ہیں کہ میم کی حرکت عارضی ہے۔ یہ بھی کہا۔ غور فرمائیے۔

پھر اس کے بعد بعض لوگوں نے کہا۔ کہ یہ خذف قیاسی ہے۔ یہ ضروریات شعری سے نہیں اور سماع معلوم نہیں ہے۔ پہلی توجیہہ بہت بعید ہے اور وہ کسی چیز سے خالی نہیں ہے۔ پھر کہا۔ ممکن ہے اس سے مراد یہ ہو۔ کہ اس کے پاؤں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ورم زدہ نہ ہوئے ہوں۔ باوجود اس کے کہ سانپ کی جگہ سے۔ اور پہلا یہ کہ صیغہ واحد نون مضیفہ سے موکد ہو۔ جو نون مضیفہ الف وقف میں تبدیل ہو۔ یعنی سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا پیر مبارک باوجود سانپ کے کاٹنے سے ورم زدہ نہ ہوا۔

میں کہتا ہوں اس میں قدرے تفصیل ہے۔ اس لیے کہ پہلی توجیہہ قلق اور اضطراب سے خالی نہیں۔ جیسا کہ مخفی نہیں۔ اور دوسری توجیہہ اس ثابت شدہ تفصیل کے منافی ہے۔ جو کتب سیر میں مذکور ہے اور تعجب تو ہے کہ اس قصے کو بعینہ اسی طرح نقل کیا۔ جیسا کہ ہم نے نقل کیا۔ پھر اس توجیہہ کا کہا۔ بہتر یہ ہے کہ ہم یوں کہیں کہ یہ نون مضیفہ موکد کو الف حالت الوقف میں تبدیل کیا گیا۔ اور اگر یوں کہا جائے

فى غير الطلب على معنى ان الصديق رضى الله عنه لم يخبر على مقتضى الألم والورم من القلق والاضطراب وايقاظ النبى صلى الله عليه وسلم بل صبر واحتسب حتى أصبح النبى صلى الله عليه وسلم ورآه متورماً فسأله او على معنى انه لم يتغير من خوف العدو وتغيراً بينا فى التسليم وإن كان منزعجاً، قال القاضى فانزل الله سكينه عليه[1] آمنته[2] التى تسكن عندها القلوب "عليه" على النبى صلى الله عليه وسلم أو على صاحبه وهو الأظهر لأنه كان منزعجاً[3] (وَهُمْ) اى الكفار المصرفون المقهورون (يَقُولُونَ مَا بِالْغَارِ) فى الغار (مِنْ اَرِمٍ) اى أحد ككلم.

ثم بين وجه قولهم بقوله:

۴۸

ظَنُّوا الْحَمَامَ وَظَنُّوا الْعَنْكَبُوتَ عَلَى
خَيْرِ الْبَرِيَّةِ لَمْ تَنْسِجْ وَلَمْ تَحُمِ

(ظَنُّوا الْحَمَامَ وَظَنُّوا الْعَنْكَبُوتَ) الناسجة، والغالب عليها التانيث (عَلَى خَيْرِ الْبَرِيَّةِ) الخليفة[4] متعلق بقوله (لَمْ تَنْسِجِ) بكسر السين وضمها (وَلَمْ تَحُمِ) اى لم تحل الحمام حوله.

روى أنه نبت تلك الليلة على باب الغار شجر، ونسج[5] العنكبوت عليه، والحمامتان الوحشيتان باضتا فى أسفله، فلما وصل الكفار إلى ان

---

[1] سورة التوبة الاية: ۴۰

[2] وعبارة الأصل: اومنه الذى بسكن عندها القلوب والتصريب من تفسير البيضاوى.

[3] انظر، تفسير البيضاوى: ۲۵۴ سورة التوبة الاية: ۴۰ فى تفسير: فانزل الله سكينه عليه وأيده بجنود لم تروها.

[4] فى الأصل "الخليفه" والصواب ما اثبت.

[5] وفى ب: لا [6] وفى ب: نسجت،

کہ غیر طلب میں قلیل ہے اور معنی یوں کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے درد اور ورم کو محسوس نہیں کیا۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جاگنے سے بے خبر رہے بلکہ صبر کیا۔ ثواب کا ارادہ کیا۔ یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود جاگ پڑے اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی حالت درد کو مشاہدہ فرمایا۔ پھر آپ نے پوچھا۔ یا اس کا معنی یہ ہے کہ ان کا رنگ دشمن کے خوف سے تغیر نہیں ہوا۔ اور یہ تغیر ماننے کے قریب بھی نہیں۔ قاضی نے فرمایا، اس کے اوپر سکینہ (اطمینان) کو نازل فرمایا۔ جس سے دل مطمئن ہو جاتا ہے۔ اور وہ اطمینان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا۔ یا اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین پر۔ اور یہی زیادہ ظاہر ہے۔ (وھُمْ) اور کفار مقہور و مغضوب ہو کر بھاگ رہے تھے (یقولون ما بالغار) یعنی غار میں۔ (من ارم) تم سب میں سے ایک۔

پھر ان کے بات کی وجہ بیان کی۔

۷۸

کافروں نے خیال کیا جس غار میں اشرف الخلق جلوہ افروز ہوئے اس کے منہ پر نہ کبوتری نے انڈے دیئے اور نہ مکڑی نے جالا تنا۔ (ظنو الحمام وظنوا العنکبوت) بننے والی مکڑی۔ اور اس پر مؤنث ہونا غالب ہے۔ (علی خیر البریۃ) تمام مخلوقات سے بہتر یہ لم تنسج کا متعلق ہے۔ اس کے کسرہ زیر اور ضمہ پیش سے پڑھا جاتا ہے۔ (ولم تحم) اور کبوتر نے وہاں گھونسلا بنایا۔

روایت میں آیا ہے کہ اسی رات غار کے دروازے پر ایک درخت اُگ آیا۔ اسی میں مکڑی نے جال بنایا۔ اور جنگلی کبوتروں نے اس کے نچلے حصے میں انڈے دیئے۔ جب کفار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں تقریباً دو سو گز کے فاصلے پر پہنچے۔

يبقى[1] بينهم وبين الغار مائتا ذراع، وفي رواية خمسون ذراعاً، أرسلوا واحداً إلى الغار، فلما وصل إلى باب الغار انصرف، قالوا: لم انصرفت قال: رأيت الحمامتين الوحشيتين على باب الغار، فعلمت أنه ليس في الغار أحد. فدعا صلى الله عليه وسلم للحمامتين حتى كثرت ولوّاها الله تعالى في الحرم[2].

٧٩

وِقَايَةُ اللهِ اَغْنَتْ عَنْ مُضَاعَفَةٍ
مِنَ الدُّرُوْعِ وَعَنْ عَالٍ مِنَ الأُطُمِ

(وِقَايَةُ اللهِ) الصادق والصديق (اَغْنَتْ) جعلتهما مستغنيين (عَنْ مُضَاعَفَةٍ مِنَ الدُّرُوْعِ) اى الدروع المضاعفة (وَعَنْ عَالٍ مِنَ الأُطُمِ) بضم الهمزة والطاء اى الحصون المرتفعة جمع اَطَمَةٍ كَقَلْبَةٍ[3].

والحاصل: أن من كان محباً لله تعالى، واثقاً به، متوكلاً عليه حاضراً لديه، لا يحتاج إلى لبس الدروع المضاعفة، والالتجاء إلى الحصون العالية بل وقاية الله وحفظه يصير له دروعاً وحصوناً. ثم أشار إلى تقرير ما في البيت بقوله.

---

[1] وفي ب: بقي

[2] راجع شواهد النبوة: ١٥

[3] وفي الصحاح: الواحدة: أَطَمَةٌ مثل أَكَمَةٍ ٥/١٨٦٢ و اللسان: ١٢/١٩

اور ایک روایت میں ہے۔ کہ پانچسو گز کے فاصلے پر پہنچے۔ انہوں نے ایک شخص کو غار کی طرف بھیجا۔ وہ شخص جب غار کے دروازے پر پہنچا۔ واپس ہوا۔ انہوں نے کہا۔ تو واپس کیوں لوٹا۔ اس نے کہا میں غار کے دہانے پر جنگلی کبوتروں کو دیکھا۔ پھر میں نے سمجھا کہ غار میں کوئی نہیں ہے۔ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبوتروں کے لیے دعا کی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان میں اضافہ فرمایا۔ اور ان کو حرم میں آباد کیا۔ یعنی روضہ مقدسہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام پر۔

۷۹

اللہ تعالےٰ کی حفاظت نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دوہری زرہوں اور بلند قلعوں سے بے نیاز کر دیا۔

(وقایۃ اللہ) صداقت اور صدیق۔ (اعنت) ان دونوں کو مستغنی قرار دیا۔

(عن مضاعفۃ من الدروع) ڈبل آہنی لباس۔ (وعن عال من الاطم) طاء اور ہمزہ کے زبر کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ یعنی بلند قلعے۔ اطمۃ جو کہ طلب کے وزن پر ہے کی جمع ہے۔

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کرنے والا، اعتماد کرنے والا اور اس پر توکل کرنے والا ہو۔ اور خود کو ہر وقت بارگاہ الٰہی میں حاضر سمجھنے والا ہو۔ وہ آہنی لباس کو نہیں پہنتا۔ اور نہ بلند قلعوں کا سوال کرتا ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت اس کے لیے آہنی لباسوں اور بلند قلعوں سے بے نیار کر دیتی ہے۔ پھر اس کے بعد اپنے شعر سابقہ مفہوم کی طرف اشارہ کیا۔

٨٠

مَا سَامَنِي الدَّهْرُ ضَيْماً وَاسْتَجَرْتُ بِهِ
إِلَّا وَنِلْتُ جِوَاراً مِّنْهُ لَمْ يُضَمِ

(مَا سَامَنِي) اذاقني[1] (الدَّهْرُ) الزمان (ضَيْماً) ظلما (وَ) ما (اسْتَجَرْتُ) طلبت الجوار والامن (بِهِ) بالنبي صلى الله عليه وسلم في حال من الاحوال (إِلَّا وَ) الحال أني (نِلْتُ) وجدت۔

وتقدير "قد" في هذا المقام كما قال به بعض الفضلاء، مما لا حاجة إليه اذ كثيرا ما يقع الحال بعد إلا ماضيا مجردا عن "قد" والواو نحو: ما أتيته إلا أتاني، وفي الحديث: ما أيس الشيطان من بني آدم إلا أتاهم من قبل النساء، وذلك لأنه قصد لزوم تعقيب مضمون ما بعد إلا لما قبلها فاشبه الشرط والجزاء صرح به العلامة التفتازاني في شرح التلخيص[2] ومقرونا بالواو وحدها ولم يسمع فيه قد من دون الواو وصرح به الرضي[3]۔

(جِوَاراً) بالكسر، أمانا حاصلا (مِنْهُ) صلى الله عليه وسلم (لَمْ يُضَمِ) صفة جوار أي لم يظلم ذلك الجوار بأن يظلم[4] من طلبه، من الضيم يعني ما عرض لي حادث من الحوادث الا دفع الله تعالى ذلك بيمن الاستجارة والالتجاء إليه صلى الله عليه وسلم لأنه حبيب إله العالمين ورحمة

---

[1] وردت في ب: آذاني

[2] راجع شرح تلخيص المفتاح المسمى بمختصر المعاني: ٢٢١

[3] انظر: شرح الكافية للرضي: ٢/١٢٦

[4] في الاصل "يظلم على" والصواب ما اثبت۔

۸۰

جب کبھی مجھے اہلِ زمانہ نے از رہِ ظلم تکلیف دی تو میں نے آپ سے پناہ چاہی اور میں نے آپ کی بارگاہ سے ایسی پناہ حاصل کی جس پر ظلم نہیں کیا گیا۔

(ماسامنی) مجھے چکھادیا۔ (الدھر) زمانہ۔ (ضیما) ظلم۔ (و) وہ جو (استجرت) انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب و جوار میں امن کو چاہا۔ (الاو) واؤ حالیہ ہے۔ بیشک میں نے۔ (نلت) اس کو پایا۔

اس مقام پر قد کو مقدر تسلیم کیا گیا ہے۔ جس کا بعض فضلا نے کہا ہے۔ جس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت بھی نہیں۔ اس لیے کہ اکثر یہ حال واقع ہوتا ہے۔ مگر قد سے صرف ماضی اور واؤ نحو کی طرح ما اتیتہٗ الا ربانی۔ اور حدیث پاک میں آیا۔ شیطان بنی آدم سے مایوس نہیں ہے۔ وہ ان کے پاس عورتوں کی طرف سے آتا ہے۔ اور یہ اس لیے کہ مابعد کے مضمون کو لازمی ارادہ کیا گیا۔ مگر صرف ماقبل کے لیے تو یہ شرط اور جزا کے مشابہہ ہوا۔ اور اس کی تصریح علامہ تفتازانی تلخیص میں کی ہے۔ اور صرف واؤ کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ اور قد بغیر واؤ کے نہیں بولا جاتا ہے۔ رضی نے اس کی تصریح کی ہے۔

(جوار) زہر کے ساتھ امن حاصل ہے۔ (منہ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ الحیضم قرب و جوار کی تعریف ہے۔ یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑوسیوں پر بھی ظلم نہیں ہوتا۔ یعنی ہر پیش آنے والے حادثے کو اللہ تعالیٰ ان سے دور فرماتا ہے۔ اس لیے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں التجا اور امن چاہتے ہیں۔ اور اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہانوں کے معبود کا محبوب ہے اور

لهم وصاحب الشفاعة على اليقين.

هذا وأما الاستعانة بمن مات من الصلحاء فيتوقف على اثبات أنه يسمع وانه من أهل الجنة على اليقين وأنه ماذون فى الشفاعة وأنه ماذون أن يشفع لشخص زائر تربته مريداً منه العون، وكل ذلك مما لا دليل عليه: من ذا الذى يشفع عنده إلا باذنه[1] ومجرد الظن لا يغنى من الحق شيئاً فلا تطع ماليس لك به علم.

٨١

وَلَا الْتَمَسْتُ غِنَى الدَّارَيْنِ مِنْ يَدِهِ
إِلَّا اسْتَلَمْتُ النَّدَى مِنْ خَيْرِ مُسْتَلَمِ

(وَلَا الْتَمَسْتُ) طلبت (غِنَى الدَّارَيْنِ) الاولى والعقبى (مِنْ يَدِهِ) صلى الله عليه وسلم فى حال (إِلَّا) والحال أنى (اسْتَلَمْتُ) قبلت كما هو رسم المتأدبين عند أخذ شئ من الكبراء (النَّدَى) العطاء الواصل (مِنْ خَيْرِ

[1] سورة البقرة، الاية ٢٥٥

رحمت ہے اور یقینی طور پر شفاعت فرمانے والے ہیں۔

سلف صالحین جن کا انتقال ہو چکا ہے۔ ان سے استعانت یعنی مدد مانگنے میں توقف ہے۔ وہ سنتے ہیں اور یقینی طور پر اہل جنت سے ہیں۔ ان کو شفاعت کی اجازت ہے۔ کہ وہ اپنے زائر کی مدد کرے۔ اور اس پر کوئی دلیل نہیں۔" اور صرف گمان حق سے مستغنی نہیں کر سکتا۔ پس اس کی اطاعت نہ کر۔ جو تمہیں معلوم نہیں۔ سے بزرگان دین اپنی قبور کے اندر مدد فرماتے ہیں۔ اصل یہ آیت کریمہ ہے۔

وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذْ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ جَاءُوكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُوا اللَّهَ تَوَّابًا رَّحِيمًا۔

اس کے علاوہ مشہور کہ ایک اعرابی در پاک پہ حاضر ہوتا ہے اور اس کی شفاعت ہوتی ہے۔ اس پر دلائل زیادہ ہیں نہیں معلوم کہ موصوف نے کیوں یوں کہا۔

(مترجم رضوی)

۸۱

اور میں نے کبھی آپ کے دستِ رحمت سے دین و دنیا کی دولت نہیں مانگی
مگر میں نے اس ہاتھ مبارک سے حاصل کر لی جو بہترین بوسہ گاہ ہے۔

(ولا التمست) میں نے طلب کیا۔ (غنی الدارین) دین اور دنیا یا دنیا اور آخرت (من یدہ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک سے اس حال میں۔ (الا) کہ میں نے (استلمت) قبول کیا۔ جس نے ادب کرنے والوں کا دستور ہے، جب وہ بڑوں سے کوئی چیز لیتے ہیں۔ (الندی) عطا اور وصول ہونے والا۔ (من خیر مستلم) قبول کیا ہوا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ مبارک

مُستلِم، مُقبَل، كناية عن يده صلى الله عليه وسلم۔

والحاصل أن سلب المضار وجلب المنافع يحصل بالتوجه إلى حضرته عليه أكمل التحيات وأفضل الصلوات إلى يوم الميقات۔

ثم لما كان القول فى المعجزات أشار إلى معجزته[1] وهى يقظه قلبه صلى الله عليه وسلم عند النوم وبقاؤه متميزاً مدركاً خلاف ما عليه العادة، وفيه إشارة إلى معجزة اخرى وهى أن نومه لم يكن ناقضاً للوضوء مع القول بأن الهامه فى النوم مبرأ[2] عن طرق الشك، فقال۔

٨٢

لَاتُنْكِرِ الْوَحْىَ مِنْ رُؤْيَاهُ اِنَّ لَهُ
قَلْبًا اِذَا نَامَتِ الْعَيْنَانِ لَمْ يَنَمِ

(لَاتُنْكِرِ) ايها المخاطب (الْوَحْىَ) الإلهام[3] (مِنْ رُؤْيَاهُ) ما يرى فى المنام أى الالهام الذى هو رؤياه صلى الله عليه وسلم بحسبانك أن الرؤيا يفارق حاله الإدراك فى العادة، ثم بين ذلك بوجهين، الأول قوله (اِنَّ لَهُ) للنبى صلى الله عليه وسلم (قَلْبًا) والمراد منه اللطيفة الربانية العارفة المدركة المتميزة[4] لا المضغة اللحمية، الصنوبرى الشكل، المودعة فى الجنب الأيسر۔

(اِذَا) كلما (نَامَتِ الْعَيْنَانِ لَمْ يَنَمِ) ذلك القلب بل يبقى يقظاناً مدركاً

---

[1] وردت فى ب : معجزة۔

[2] فى الاصل "مبراى" والتصويب من "ب"

[3] وردت فى ب الموضعين : الهام [4] وردت فى ب : المميزة۔

سے کنایہ ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے۔ کہ ضرر کو دفع کرنا اور منافع کے حصول کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ متوجہ ہونا پڑتا ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک معجزہ کی طرف اشارہ کیا۔ اور وہ یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قلب مبارک کا دوران جاگنا ہے۔ ان تمام چیزوں کو محسوس کرنا اور سمجھنا جن کو جاگتا ہوا انسان محسوس کر سکتا ہے۔ بلکہ اس سے بھی کہیں زیادہ۔ اور ایک اور معجزہ کی طرف اشارہ کیا۔ اور یہ کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند ناقص وضو نہیں۔ اس لیے نیند کی حالت میں الہام شک سے خالی ہے۔ پھر فرمایا:۔

۸۲

آپ کے خواب کی وحی کا انکار نہ کر کیونکہ آپ کا دل مُبارک
بیدار رہتا ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں سوتی ہیں۔

(لاتنکر) اے مخاطب۔ (الوحی) الہام۔ (من رویاہ) وہ جو انسان نیند میں دیکھتا ہے، وہ الہام جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب ہے۔ جو آپ کے دل مبارک پر وارد ہوتا ہے۔ عادت سے ہٹ کر خواب اور اک اور سمجھ پر وارد ہوتا ہے پھر دو وجھوں سے اُن کے درمیان فرق کو ذکر کیا۔ پہلی وجہ ان لہٗ۔ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قلب الور ہے۔ اور اس سے مراد لطیفہ ربانیہ عارفہ ہے۔ جو مدرکہ اور متمیزہ ہے نہ کہ گوشت کا وہ ٹکڑا جو صنوبری شکل کا ہوتا ہے۔ اور سینے کے بائیں جانب ہوتا ہے۔ اذا۔ جب بھی۔ نامت العینان لم ینم۔ آنکھیں سوتی ہیں۔ تو دل مبارک اس وقت نہیں سوتا۔ بلکہ جاگ رہا ہوتا ہے۔ سمجھ رہا ہوتا

متميزاً لقوله صلى الله عليه وسلم: إن عيني تنامان ولا ينام قلبي[1] ولذا لم يكن نومه صلى الله عليه وسلم ناقضاً للوضوء، والثاني قوله،

٨٣

وَذَاكَ حِينَ بُلُوغٍ مِنْ نُبُوَّتِهِ
فَلَيْسَ يُنْكَرُ فِيهِ حَالُ مُحْتَلِمِ

(وَذَاكَ) اى كان رؤياه وحياً كان (حِينَ بُلُوغٍ) اى بلوغه ووصوله، (مِنْ نُبُوَّتِهِ) لقوله صلى الله عليه وسلم: "الرؤيا الصالحة من الرجل الصالح جزء من ستة واربعين جزءاً من النبوة"[2]

وبيانه أن مدة الوحي كانت ثلاثاً وعشرين سنة، منها ستة اشهر كان النبى صلى الله عليه وسلم يرى الرؤيا، ثم جاء جبريل عليه السلام بعد ذلك، وستة أشهر من ثلاث وعشرين سنة جزء من ستة أربعين جزءاً لان كل سنة اثنا عشر شهراً فيكون ثلاث وعشرون ستة واربعين جزءاً۔

---

[1] راجع: صحيح البخارى ٢/٤٨ فى كتاب التهجد، باب قيام النبى صلى الله عليه وسلم بالليل، الجامع الصحيح ٢/٢٤٨ فى صلاة المسافرين، باب صلاة الليل، وسنن الترمذى ١/٥٩ باب وصف صلاة النبى صلى الله عليه وسلم وسنن الدارمى ص: ٦ باب صفة النبى صلى الله عليه وسلم والموطأ للامام مالك ١/١٢٠ فى صلاة الليل وشرح السنة ٤/٥ باب صلاة الليل ودلائل النبوة للبيهقى ١/٢٧٧ والخصائص الكبرى ١/٦٩

[2] انظر: صحيح البخارى ٨/٦٨ فى كتاب الرؤيا، باب رؤيا الصالحين والجامع الصحيح ٧/٥٣ فى كتاب الرويا، مسند الامام احمد ١/١٤٣ وسنن الترمذى ٢/٥١ فى ابواب الرويا، باب ان رويا المومن جزء من ستة واربعين جزءاً من النبوة وسنن الدارمى: ٢٥٣ باب فى الرؤيا المسلم وسنن أبي داود ٤/١٦٤ باب ماجاء فى الرويا۔

٭ وفى بعض النسخ للمقصدة، فذاك مكان وذاك وتنكر مكان يُنكر۔

ہے اور ہر چیز میں فرق کر رہا ہوتا ہے۔ اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری آنکھیں سوتی ہیں اور میرا دل نہیں سوتا۔ اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیند مبارک ناقص وضو نہیں۔ اور دوسری وجہ یہ کہ

۸۳

پس وہ وقت تھا جب آپ زمانۂ اعلانِ نبوت کے قریب پہنچ چکے تھے پس سن بلوغت میں خواب دیکھنے والے کے حال کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

وذاك یعنی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب مبارک بھی وحی الٰہی ہے۔ حین بلوغ: جب پہنچے اور وصول ہو۔ من نبوته: اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک آدمی کا نیک خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اور اس کی تفصیل یوں ہے کہ وحی کی مدت تیئس (۲۳) سال تھی۔ ان میں چھ ماہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خواب دیکھتے رہے۔ اس کے بعد جبرئیل علیہ السلام حاضر ہوئے۔ اور چھ ماہ تیئس سال چھیالیسواں حصہ ہے۔ اس لیے کہ ہر سال بارہ مہینے کا ہوتا ہے۔ پس تیئس سال چھیالیس اجزاء اور حصے بنے۔

قال بعض الفضلاء: مقصود ازین بیت بعد از اثبات کمالات که مستدعی مرتبه نبوت است دفع منافی نبوت است از وی، یعنی نهایت نقصان که ناقصی در وی توهم آنرا منافی نبوت داند، خواب وغفلت او است، منکر مشو الهام خدای تعالی مرا ورا زجهت خواب دیدن۔[1]

أقول: إما ان يريد من الرؤيا ما يرى النائم أو النوم، وعلى التقديرين لا يخلو عن شئ، أما على الاول فلأنه إما أن يكون متعلقا بيُنكَرُ او الوحی،[2] فان كان الاول فالتعليل غير سديد إذ المتوهم تصور النوم منافياً لا الرؤيا وكذا تعليل نهى أنكار من تصور النوم منافياً للنبوة بأن الرويا وحى وان كان الثانى فالظاهر ان كلمة "من" حينئذ ابتدائية أو بيانية، وأما على الثانى فلان الرؤيا هو ما يرى النائم لا النوم، وأن قوله فى التعليل الثانى "واز برای آنکه این رویا وحی است"[3] غير سديد إذ كون الرويا وحياً انما هو بالمعنى الاول لا الثانى، وههنا أبحاث لا يحتملها المقام۔

ثم فرع على ما ذكر قوله (ف) كيف كما يدل عليه رواية (ليس ينكر فيه) صلى الله عليه وسلم (حال) صفة (مُحْتَلِمٍ) را، الرويا۔

---

[1] عبارة فارسية ترجمتها: والمقصود من هذا البيت بعد ما اورد الكمالات التى تثبت مرتبة النبوة، هو الرد على إنكار النبوة عنه يعنى أنه من الخسارة العظيمة ان يتوهم قليل الفكر ان هذا الامر مناف النبوة وهذا دليل على غفلته وكسله، فلا تكن منكر الالهام الله له فى الرويا۔

[2] كذا فى الاصل وفى "ب" بتنكر أو الوحی۔

[3] جملة فارسية ومعناها: وبناء على ان هذا الرويا وحى۔

بعض فضلاء نے فرمایا۔ کہ اس شعر کا مقصد یہ ہے، کہ وہ کمالات جو مدتیہ نبوت کے لیے ثابت ہیں۔ اور وہ انکار نبوت کے لیے ردّ ہیں۔ یعنی یہ بہت بڑا نقصان ہے کہ کوئی ناقص فکر والا شخص اس میں یہ گمان کرے کہ یہ کام نبوت کے خلاف ہے اور سستی اور غفلت ہے۔ خواب کی حالت میں الہام کے نزول کا منکر نہ بن جانا۔ میں کہتا ہوں کہ رویا سے مراد وہ ہے۔ جو سونے والا دیکھتا ہے۔ یا اس سے سو جانا مراد ہے۔ دونوں حالتوں میں ایک مفہوم سے خالی نہیں۔ پہلا تو یہ کہ فکر یا وحی کے متعلق ہے۔ تو اگر ایسا ہے پھر یہاں تعلیل درست نہیں ہے۔ جب تو متوہم نیند کا تصور منافی ہے نہ کہ خواب کا تصور۔ اور اسی طرح نہی کی تعلیل ہے کہ نیند کا تصور نبوت کے منافی ہے۔ اس لیے خواب (رویا) وحی ہے اور اگر دوسری صورت ہو۔ تو ظاہر یہ ہے کہ یہاں پر لفظ من یا تو ابتدائیہ ہے یا بیانیہ ہے۔ بہر حال جہاں تک دوسری صورت کا تعلق ہے۔ پس رویا وہ ہے تو نیند والا دیکھتا ہے نہ کہ نیند اور تعلیل ثانی کا قول اس لیے کہ یہ رویا (خواب) وحی ہے۔ یہ درست نہیں۔ اسلیے کہ رویا کا وحی ہونا پہلے معنی کے مطابق ہے نہ کہ دوسرے معنی کے مطابق یہاں کئی ایک بحثیں ہیں۔ لیکن یہ تمام ان کا متحمل نہیں۔

پھر ق کے ذکر کو تفصیل سے بیان کیا کہ اس پر روایت کس طرح دلالت کرتی ہے۔ پس ینکر فیہ۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حال صفت ہے۔ محتلم خواب دیکھنے والا۔

ث

۸۴

تَبَارَكَ اللّٰهُ مَا وَحْيٌ بِمُكْتَسَبٍ
وَلَا نَبِيٌّ عَلَى غَيْبٍ بِمُتَّهَمِ

(تبارك) تعالى وتعاظم (الله) علم للذات الواجب الوجود، المستحق لجميع[1] المحامد، الموصوف بصفات الكمال، المنزه عن النقصان والزوال، الخالق للبريات والمكون للكائنات۔

واعلم أنه اختلف فى اشتقاق هذا الاسم، ثم القائلون باشتقاقه اختلفوا فى ما بينهم، فقال البعض: أنه مشتق من الوله وهو شدة المحبة، والاصل ولاه نقلبت الواو بالهمزة ثم أدخلت عليه لام التعريف وأدغمت فى اللام بعد حذف الهمزة: إما بنقل حركتها إلى ما قبلها على ما هو قياس تخفيفها وحينئذ يكون وجوب الادغام على خلاف القياس لأن الادغام فيما تحرك المثلان فى الكلمتين جائز لا واجب وإما بحذف حركتها فيكون مخالفاً لقياس تخفيفها ووجوب الادغام حينئذ على القياس، فهذا الاسم لا يخلو عن خلاف القياس كما أن مسماه خارج عن دائرة القياس وطرق العقل، فقيل «الله» وسمى به لأنه تعالى هو المحبوب الحقيقى الذى تدله فى جماله العارفون ويشتاق الى لقائه المشتاقون۔

وقال البعض: أنه مشتق من اله يأله: إذا تحير، سمى به لأن عقول ذوى النهى

---

[1] فى الاصل "جميع" التصويب من "ب"

اللہ تعالیٰ بڑی برکت والا ہے وحی محنت کیساتھ حاصل نہیں ہو سکتی
اور نہ کسی نبی پر غیب کی خبر بتانے پر تہمت لگائی جا سکتی ہے۔

تبارك۔ بلند و بزرگ ہے اللہ ذات واجب الوجود کا نام ہے۔ تمام تعریفوں کا مستحق ہے۔ کمال کے صفات سے متصف ہے۔ زوال اور نقصان سے بری اور منزہ ہے۔ تمام مخلوقات کا خالق ہے۔ اور کائنات کا نظام چلانے والا ہے۔

جان لینا چاہیے کہ اس اسم کے استقاق میں اختلاف ہے۔ پھر جو لوگ اس کو اسم مشتق کہتے ہیں۔ ان میں بھی اختلاف ہے۔ بعض نے کہا کہ یہ وله سے مشتق ہے۔ اس کا معنی شدت محبت ہے اور اصل میں دلاۃ ہے۔ پھر واؤ کو ہمزہ سے بدل دیا۔ پھر اس پر لام تعریف کو داخل کیا گیا۔ ہمزے کے حذف کے بعد لام کو لام میں مدغم کر دیا گیا۔ بہر حال اس حرکت کا ماقبل کو دیا جانا قیاس کے مطابق تخفیف ہے۔ اور یہاں پر ادغام کا واجب ہونا خلافِ قیاس ہے۔ اس لیے کہ وہ ادغام جس میں دونوں حروف متحرک ہوں۔ متکلمین کے نزدیک جائز تو ہے۔ واجب نہیں۔ اور ایک حرکت کے حذف کرنے سے خلاف قیاس سے خالی نہیں ہے۔ جس طرح کہ یہ مسمٰی دائر قیاس اور عقل کے راستے سے خارج ہے۔ بعض نے کہا کہ اللہ کا نام اس لیے ہے کہ وہی محبوب حقیقی ہے جو عارفین کے جمال میں نظر آتا ہے اور اشتیاق کرنے والے اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے مشتاق ہیں۔

اور بعض لوگوں نے کہا کہ یہ لفظ اَلِهَ یَالَهُ سے مشتق ہے۔ جب متحیر ہو۔ اسلیے نام رکھا گیا کہ منع کرنے والوں کی عقلیں اس کے مبادی میں متحیر ہوں اور اولوالالباب

تتحير فی مبادیٔ "بیداء"[1] جلاله وأنظار اولی الألباب تقصر فی إدراك جماله۔

وقال البعض أنه مشتق من لاه ای ارتفع، سمی به لأن الرفعه الحقیقیة له تعالی وما لغیره من الرفعة مستعار من الرفعة[2] الذاتیة، فهو العلی المتعال الرفیع الرافع یرفع من یشاء[3] قدراً ویخفض من یشاء قهراً۔

وقال البعض: أنه مشتق من لاه یلیه بمعنی احتجب، سمی به لأنه تعالی یحتجب برداء کبریائه وکمال عظمته عن العقول والاوهام فلا یجد العقلاء فی سبیل طلب حقیقته الا التحیر والعجز عن الإدراك، ولا یحصل لهم شیٔ سوی الحیرة والاعتراف بالقصور ولا یسمعون فی وادی شوق إدراك هویته من الهاتف الغیبی الا "وما قدروا الله حق قدره"[4]۔

وقال البعض: انه مشتق من الالاهة وهی العبادة، سمی به لأنه المعبود الحق بکل مکان فی کل زمان وأوان۔

وقال البعض: أنه مشتق من قولك: الهت بالمکان، اذا قمت به، سمی به لیکون عبارة عن دوامه وثباته وإشارة إلی انه أزلی أبدی باق سرمدی لیس لوجوده بدایة ولا لبقائه نهایة۔

وقال البعض: أنه مشتق من اله الفصیل اذا ولع بأمه، سمی به لان العباد

---

[1] فی الاصل محروم والتکمله من "ب"

[2] کذا فی الاصل وفی "ب"۔

[3] وفی ب فی الموضعین: شاء۔

[4] کلمات قرآنیة: سورة الزمر، الایة: ٦٧ وسورة الحج، الایة: ٧٤۔

کی نظریں اس جمال کے ادراک سے قاصر ہوں۔

اور بعض لوگوں نے کہا کہ یہ نام لَاہَ سے مشتق ہے۔ یعنی بلند ہوا۔ یہ نام اس لیے رکھا کہ حقیقی بلندی اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ اور غیر اللہ کے لیے بلندی اور رفعت اس ذات سے مستعار لی گئی ہے۔ وہی علی متعال رفیع اور رافع ہے جس کو چاہتا ہے، بلندی دیتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے قہر کی وجہ سے پستی میں گراتا ہے۔

بعض لوگوں نے کہا کہ یہ لا پلیہ سے مشتق ہے۔ یعنی چھپ گیا۔ یہ نام اس لیے رکھا گیا۔ کہ کبریائی کی چادر اور کمال عظمت میں عقول اور اوہام سے مخفی اور پوشیدہ ہے عاقل لوگ اس کی حقیقت کی طلب میں سوائے حیرت اور تعجب کے کچھ نہیں پاتے اس کے ادراک سے عاجز ہیں۔ اور ذات باری میں سوچنے والوں کو سوائے حیرت اور اعتراف تقصیر کے کچھ نہیں ملتا۔ اور وادی شوق میں ہاتف سے ہی آواز سنائی دیتی ہے، خبردار! وما قدروا الله حق قدرہٖ اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کی قدر نہ پہچانی، جس طرح پہچاننے کا حق تھا۔

اور بعض نے کہا کہ یہ لفظ الاھۃ سے مشتق ہے۔ اور یہ عبادت ہے۔ اس لیے نام رکھا گیا۔ اس لیے کہ وہی معبود برحق ہے۔ ہر مکان ہر زمان اور ہر وقت میں۔

اور بعض نے کہا۔ کہ یہ اَلَھت بالمکان یہ نام اس لیے کہ اللہ تعالیٰ دوام اور ثبات کا مالک ہے اور اس بات کی طرف اشارہ ہے۔ کہ وہ ازلی ہے اور ابدی ہے اور باقی اور سرمدی ہے اس کے وجود کے لیے آغاز نہیں ہے اور اس کے بقا کے لیے اختتام ہے۔

بعض نے کہا۔ کہ یہ لفظ الہ الفصیل سے مشتق ہے۔ جب ماں کو رونے اور

مولعون بالتضرع إليه فى الشدائد -

وقال البعض : أنه مشتق من الهت الى فلان اى سكنت إليه، سمى به لأن القلوب تطمئن بذكره والارواح سكن الى معرفته" الابذكر الله تطمئن القلوب"[1]

(ما وحى) نبوة (بمكتسب) بشئ يحصل بالكسب وتحصيل الاسباب والكمالات بل الله يمن على من يشاء من عباده"[2] (ولا نبى) من الأنبياء (على) خبر (غيب) ماغاب بأن يخبر عن الامور قبل وقوعها -

(بمتهم) منسوب إلى التهمة والكذب بل تقع الاشياء كما اخبر بها معجزة له إذ "لاينطق عن الهوى إن هو إلا وحى يوحى"[3]

قال قاضى فى سورة ابراهيم فى قوله تعالى : ولكن الله يمن على من يشاء من عباده[4] وفيه دليل على أن النبوة عطائية[5]

٨٥

كم أبرأت وصبا باللمس راحته
واطلقت اربا من ربقة اللمم

(كم) مرة (أبرأت) أخلصت عن المرض (وصبا) مريضاً ككتف (باللمس)

[1] سورة الرعد، الاية : ٢٨ وهذه المعلومات اخذها المولف من تفسير البيضاوى ١/٣

[2] سورة ابراهيم الاية : ١١ -

[3] سورة النجم : الاية : ٣

[4] سورة ابراهيم، الاية : ١١ [5] راجع تفسير البيضاوى : ٣٣٧ -

پکارے۔ یہ نام اس لیے رکھا۔ کہ بندے مصیبتوں میں اللہ تعالیٰ کو تضرع اور عاجزی سے پکارتے ہیں۔

اور بعض نے کہا۔ کہ یہ لفظ الہت الی فلان یعنی اس سے قرار پکڑتے ہیں۔ اس لیے نام ہے کہ قلوب ان کے ذکر سے اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے۔ اور روحیں اس کی معرفت سے تسکین پاتی ہیں۔

مادی نبوت بمکتسب کمانے سے جو چیز حاصل ہوتی ہے۔ اسباب اور کمالات حاصل ہوتے ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ بندوں میں جس پر چاہے احسان فرماتے ہیں۔ ولا نبی نبیوں علیہم السلام میں سے علی خبر غیب جو غائب ہو۔ کہ کام کے واقع ہونے سے پہلے خبر دی جائے۔

بنتھ تہمت اور جھوٹ کی طرف منسوب ہو۔ بلکہ اشیاء اسی طرح واقع ہوتی ہیں۔ جس طرح خبر دی جا چکی ہے۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے۔ "لا ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحیٰ" آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی خواہشات سے نہیں بولتے بلکہ وحی الہٰی سے بولتے ہیں۔

قاضی نے سورہ ابراہیم ولکن اللہ یمن علیٰ من یشاء من عبادہٖ کے متعلق کہا کہ اس میں اس بات پر دلیل ہے کہ نبوت عطائی سے ہے۔

۸۵

کتنی ہی بار آپ کے دستِ رحمت نے بیمار کو چھو کر تندرست کر دیا

اور حاجتمند کو قیدِ جنون سے آزادی عطا فرمائی۔

کَمْ کئی مرتبہ۔ ابرات۔ بیماری سے خلاصی پائی۔ وصبا۔ مریض کنف کی طرح

بالمسح (راحته) كفه صلى الله عليه وسلم كقصه الصديق الاكبر رضى الله عنه على ما ذكر۔

وما روى عن البراء (رض) قال: بعث رسول الله صلّى الله عليه وسلّم رهطًا الى أبى رافع فدخل عليه عبد الله بن عتيك بيته ليلاً وهو نائمٌ فقتله، فقال عبد الله بن عتيك: فوضعت السيف فى بطنه حتى أُخذ فى ظهره فعرفت[1] أنى قتلته، فجعلت افتح الأبواب حتى انتهيت الى درجة[2]، فوضعت رجلى فوقعت فى ليلة مقمرة، فانكسرت ساقى فعصبتها بعمامة فانطلقت الى اصحابى، فاتيت النبى صلّى الله عليه وسلّم فحدثته فقال صلى الله عليه وسلم: ابسط رجلك، فبسطت رجلى فمسحها فكانما لم اشتكها[3][4] قط۔

(و) كم (اطلقت) أُخلصت راحته صلى الله عليه وسلم (اربًا) محتاجًا كوصبا (من ربقة) كحكمة، حبل (اللمم) ككرم، الجنون، والمراد منه ما يطلق عليه لفظ اللمم أى جنون كان۔

روى عن ابن عباس رضى الله عنهما: إن امرأة جاءت بابن لها الى رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقالت: يارسول الله، ان ابنى به جنون

---

[1] فى الاصل: فرفعت، والتصويب من "ب"

[2] فى الاصل: "درجنة"

[3] فى الاصل "اشتكا" والتصويب من مشكوٰة المصابيح: ٢٧٦

[4] راجع: الخصائص الكبرى ١/ ٢٣٥ باب ما وقع فى قتل أبى رافع من الايات و مشكوٰة المصابيح باب فى المعجزات۔

باللمس. مس کرنے سے۔ راحتہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہتھیلی مبارک۔ جیسا کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قصہ گزرا۔ اور حضرت براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک رھط (چند آدمی) ابورافع کی طرف بھیجے۔ تو عبداللہ بن عتیک رات کے وقت اس کے گھر میں داخل ہوئے اور وہ سو رہا تھا۔ پھر اس کو جہنم رسید کیا۔ پھر عبداللہ بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا۔ میں نے اپنی تلوار اس کے پیٹ پر رکھی، یہاں تک کہ اس کی پیٹھ تک پہنچ گئی۔ پھر معلوم ہوا کہ اب مردود ہوگیا۔ پھر میں نے دروازے کھولنے شروع کیے۔ یہاں تک کہ آخری درجے تک پہنچ گیا۔ پھر میں نے جب قدم اٹھایا۔ میں چاند کی روشنی میں گر پڑا۔ میری پنڈلی ٹوٹ گئی۔ میں نے عمامے (پگڑی) سے باندھ لی۔ پھر میں اپنے دوست کے پاس گیا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا۔ میں نے واقعہ عرض کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اپنی ٹانگ پھیلاؤ۔ میں نے پھیلائی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن وبرکت سے لبریز دست مبارک سے مس کیا۔ یوں ہوا کہ گویا کبھی تکلیف ہوئی بھی نہ تھی۔

ولہ۔ اطلقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی مبارک کی وجہ سے درد دور ہوا۔ اِربا۔ محتاج وصِبا کی طرح۔ من ابقة حکمت کی طرح رسی۔ اللھم کرم کے وزن پر جنون اس سے مراد جنوں ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک خاتون اپنے بچے کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائی۔ عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرا بیٹا مجنون ہے۔ (جنات کا اثر) اس پر صبح اور شام کھانے کے

وانه ليأخذ[1] عند غدائنا وعشائنا، فمسح رسول الله صلى الله عليه وسلم في[2] صدره و دعا فثع ثعة وخرج من جوفه مثل الجرو[3] الأسود يسعى[4].

٨٦

واحيتِ السَّنَةَ الشَّهباءَ دعوتُهُ
حتّى حكَت غُرَّةً فِي الأعصرِ الدُّهُمِ

(و) كم (احيت) جعلت حية مخضرة ذانبات كثيرة ونعم بكثرة المطر (السنة) عام القحط، قال القاضي في سورة الاعراف في قوله تعالى: ولقد أخذنا آل فرعون بالسنين[5] "السنة غلبت على عام القحط لكثرة ما يذكر عنه وبورخ به، ثم اشتق منها فقيل: اسنت القوم: اذا أقحطوا"[6]۔

(الشهباء) البيضاء لفقد الماء والكلأ فيرى الارض بيضاء نقية، والشهبة: البياض الذي غلب على السواد۔

(دعوته) دعاوه المبارك، روى عن انس بن مالك رضي الله عنه: أنه أصابت الناس سنة في[7] عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، فبينا النبي صلى الله عليه وسلم يخطب في يوم جمعة، قام أعرابي فقال: يارسول الله هلك المال وجاع العيال،

---

[1] في الاصل "يأخذ" والتصويب من مسند الدارمي: ٨

[2] سقطت من الاصل [3] في الاصل الجراد۔

[4] راجع: مسند الدارمي: ٨ باب ما اكرم الله به نبيه من ايمان الشجر به والبهائم والجن والخصائص الكبرى ٢/٦٩ باب آية صلى الله عليه وسلم في ابراء المرض و ذوي العاهات وشرح الشفا على القاري ١/٦٥ [5] سورة الاعراف، الاية: ١٣٠ [6] راجع تفسير البيضاوي: ٢١٩ [7] كذا في الاصل وفي المراجع الاخرى "على"۔

وقت جنات کا اثر ہوتا ہے۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو سینے پر مس کیا اور دعا فرمائی۔ اس بچے نے الٹی کی اور اس کے پیٹ سے ایک کالا کیڑا نکلا اور چلتا بنا۔

۸۶

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا نے قحط زدہ سال کو سرسبز و شاداب کردیا یہانتک کہ وہ سال تاریک زمانوں میں روشن اور چمکتی پیشانی کے مشابہ ہو گیا۔

دا اور بہت سی احیت۔ ان کو زندہ اور سرسبز نباتات اور زیادہ نعمتوں والا۔ بنایا۔ السنہ قحط کے سال۔ قاضی نے سورہ اعراف کی آیت ولقد اخذنا آل فرعون باالسنین ہم نے آل فرعون کو دو سالوں کے ساتھ پکڑ لیا۔ کے بارے فرمایا لفظ سنہ کو اغلباً قحط کے سال کے لیے استعمال فرمایا۔ اس لیے کہ اس قسم کے سال کو کثرت سے یاد کیا جاتا ہے۔ اور تاریخ میں بھی اس کا تذکرہ کر دیا جاتا ہے۔ پھر اس سے مشتق کیا۔ کہا گیا۔ اسنت القوم۔ جب قوم کو قحط زدہ کیا جائے۔

الشھباء۔ سفید پانی اور سبزہ نہ ہونے کی وجہ سے تو زمین سفید نظر آتی ہے اور شھبۃ اس سفیدی کا نام ہے جو کالے پن پر غالب ہو۔

دعوتہٗ مبارک دعا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانے میں لوگوں کو ایک سال قحط کا شکار ہوتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن خطبہ دیا۔ ایک اعرابی کھڑا ہوا۔ عرض کرنے لگا۔ مال ہلاک ہو گیا اور عیال بھوکا ہو گیا۔ ہمارے

فادع الله لنا، فرفع يديه وما نرى فی السماء قزعة فوالذی نفسی بیده ما وضعهما حتی ثار السحاب بأمثال الجبال، ثم لم[1] ینزل عن منبره حتی رأیت المطر یتحادر[2] علی لحیته، فمطرنا یومنا ذلك ومن الغد ومن بعد الغد حتی الجمعة الأخری، وقام ذلك الاعرابی أو غیره فقال: یارسول الله، تهدم البناء وغرق المال، فادع الله لنا، فرفع یدیه وقال: اللّٰهم حوالینا ولا علینا، فما یشیر الی ناحیة من السحاب إلا انفجرت[3] وصارت المدینة مثل الجوبة وسال وادی[4] قناة[5] شهراً ولم یجیٔ أحد من ناحیة الاحدث[6] بالجود۔

وفی روایة قال: اللّٰهم حوالینا ولا علینا، اللّٰهم علی الاکام والظراب وبطون الاودیة ومنابت الشجر، قال[7] "فاقلعت وخرجنا نمشی فی الشمس"[8] (حتی) غایة لقوله "احیت" (حکمت) شابهت تلك السنة المدعو لها، یقال، فلان یحکی الشمس حسناً ویحاکیها بمعنی والمحاکاة المشابهة۔

(غرة) مفعول "حکت" والغرة بالضم بیاض فی جبهة الفرس فوق الدرهم وغرة کل شئ أوله وأکرمه (فی الاعصر) جمع عصر۔

---

[1] سقطت من الاصل والتکملة من الجامع الصحیح ۲/۲۵ [2] کذا فی الاصل وفی المراجع الاخری "یتحادر"۔
[3] کذا فی الاصل انفرجت [4] فی الاصل "الوادی" بحرف التعریف [5] وقناة: بالفتح واد بالمدینة وهی احد اودیتها الثلاثة علیه حرث مال، وقد یقال وادی قناة، سمی قناة لان تبعا مر به فقال: هذه قناة الارض، کذا فی معجم البلدان ۴/۱۰۴ تحت المادة "قناة" [6] فی الاصل "حدث" [7] فی الاصل مخروم والتکملة من الجامع الصحیح ۲/۵۲۔
[8] راجع: صحیح بخاری ۱/۱۲۳ باب الاستسقاء فی الخطبة یوم الجمعة وکتاب الاستسقاء ۲/۱۹ باب من اکتفی بصلاة الجمعة فی الاستسقاء، و"الجامع الصحیح" ۲/۲۵ کتاب صلاة الاستسقاء، باب الدعاء فی الاستسقاء وسنن ابی داؤد ۱/۱۶۴ باب رفع الیدین فی الاستسقاء، و"سنن ابن ماجه" ۱/۹۰ کتاب اقامة الصلوة: باب ما جاء فی الدعا فی الاستسقاء، ومسند احمد" ۳/۱۰۴ ومسند الامام الشافعی ۷۹ کتاب العیدین وسنن النسائی ۳/۱۵۴ فی باب الاستسقاء و"الموطا للامام مالك" ۱۷۷ فی الاستسقاء۔

لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک ہاتھ بارگاہ خداوندی میں پھیلائے۔ ہم آسمان میں کوئی غبار تک نہیں دیکھ رہے تھے۔ اس ذات پاک کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ یہاں تک کہ پہاڑوں جیسے بادل آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نہیں اترے تھے۔ ہم نے دیکھا کہ بارش کا پانی آپ کی داڑھی مبارک سے ٹپک رہا تھا۔ وہ دن کل اور پرسوں بارش برستی رہی۔ یہاں تک پھر جمعے کا دن آیا۔ پھر وہی اعرابی یا کوئی دوسرا کھڑا ہوا۔ عرض کیا یا رسول اللہ! عمارتیں گر رہی ہیں، مال غرق ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ سے ہمارے لیے دعا فرمائیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کے لیے ہاتھ مبارک اٹھائے اور عرض کیا۔ یا اللہ بارش ہمارے اوپر نہ ہو۔ ارد گرد ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بادل کے جس ٹکڑے کی طرف اشارہ کیا۔ وہ کھلتا گیا۔ اور مدینے کی فضا صاف ہوگئی۔ وادی قناہ ایک مہینے تک بہتی رہی۔ جو شخص بھی باہر سے آیا یہی بات سنائی۔

اور ایک روایت میں آیا۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ نے فرمایا۔ اے اللہ ہمارے ارد گرد ہو، اوپر نہ ہو۔ اے اللہ پہاڑ کی چوٹیوں اور پتھروں، وادیوں اور باغوں پر بارش ہو۔ پھر موسم صاف ہوا۔ اور ہم دھوپ میں باہر نکلے۔ حتی۔ یہاں تک کہ احیت کے قول تک۔ حکت یہ سال اس مشابہہ کیا گیا۔ جیسے کہ کہا گیا کہ فلاں شخص سورج کی خوبصورتی بیان کر رہا ہے۔ اور اس کو حکی کے لفظ سے بیان کر رہا ہے اور معاکاۃ مشابہت ہے۔

غرۃ۔ یہ حکت کا مفعول ہے۔ غرۃ۔ پیش کے ساتھ گھوڑے کی پیشانی پر درہم سے زیادہ سفیدی کو بولتے ہیں۔ غرہ کا معنی یہ ہے کہ اول اور عزت والا منی الاعصر

(الدهم) كنتق جمع الأدهم اي السواد لشدة خضرة الزرع والنبات فيها حتى[1] تضرب إلى السواد، وفي الصحاح: العرب تقول لكل أخضر أسود وسميت قرى العراق سواداً لكثرة خضرتها[2] يعني تلك السنة المدعو لها لكثرة الزرع والأثمار و النبات والأشجار فيها أحسن واكرم من اولاك الأعصر مع كثرة الخصب والرخاء فيها حتى كأنها بمنزلة الغرة من الفرس الادهم واولاك الأعصر بمنزلة باقي الأعضاء، ويتعلق بقوله "أحيت".

٨٧

بِعَارِضٍ جَادَ اَوْ خِلْتَ البِطَاحَ بِهَا
سَيْبًا مِنَ اليَمِّ اَوْ سَيْلاً مِنَ العَرِمِ

(بعارض) سحاب، في الصحاح: العارض السحاب ومنه قوله تعالى: هذا عارض ممطرنا[3] اي ممطرنا لأنه معرفة ولايجوز أن يكون صفه لعارض وهو نكرة[4] انتهى. تدبر!

(جاد) أمطر مطراً كثيراً من الجود بالفتح وهو المطر الغزير (أو) إلى أن (خلت) ظننت (البطاح) جمع الأبطح وهو المسيل الواسع فيه رقاق[5] الحصى (بها) بسبب ذلك العارض (سيباً) عطاء، والسيب مصدر، ساب الماء سيباً[6] اى جرى[7] والسيب بالكسر مجرى الماء (من اليم) البحر (أو سيلاً من العرم) هي

---

[1] وردت في ب: متى [2] انظر: الصحاح ١٩٢٤/٥ تحت المادة "دهم".

[3] في الاصل "ممطرنا" محرقا، سورة الاحقاف، الاية: ٢٤

[4] راجع الصحاح ١٠٨٥/٣، تحت المادة "عرض".

[5] كذا في الاصل وفي ب: دقاق [6] في الاصل، جرت، والتصويب من ب.

الدھم۔ عنق کے بعد ورک پر یہ ادھم کی جمع ہے یعنی کالا پن۔ جو سبزے اور نباتات میں زیادہ ہرے ہونے کی وجہ سے نظر آتا ہے۔ اس لیے اس کو کالا کہا گیا۔ اور صحاح میں آیا کہ عرب ہر سبز کو کالا کہتے ہیں۔ اور عراق کو زیادہ سبزے کی وجہ سے کالا کہا گیا۔ یعنی یہ سال زیادہ کھیتوں، پھلوں، پودوں اور درختوں کی وجہ سے کالا کہلایا گیا۔ جو زمانے پر خوبصورت اور اچھا منظر پیش کر رہی ہیں۔ زیادہ چٹانوں اور پتھروں کی وجہ سے گویا کالے گھوڑوں کی پیشانی پر سفید نشانی قدرے درہم کے ہے۔ اور باقی سبزہ وغیرہ گھوڑے کے باقی اعضا کے مانند کالے ہیں۔ اور یہ احیت کے متعلق ہے۔

۸۷

حضور علیہ السلام کی دُعا نے قحط سالی کو ایسے بادل کے ذریعے ختم کیا جو موسلا دھار برسا یہاں تک کہ تم وادیوں کے بارے خیال کرتے کہ یہ دریا سیلاب ہے یا عرم کا طوفان۔

بعارض بادل صحاح میں ہے کہ عارض سے مراد بادل ہے اور اسی سے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ھٰذا عارض ممطرنا۔ یعنی ہمارے لیے بارش برسانے والا ہے۔ اس لیے کہ معرفت ہے۔ اور یہ جائز ہے یا نہیں۔ کہ یہ عارض صفت ہو۔ حالانکہ عارض نکرہ ہے غور فرمائیے۔ ختم ہوا۔

جاذ زیادہ بارش برسی۔ جود سے ہے زبر کے ساتھ۔ اس کا معنی موسلا دھار بارش ہے۔ او۔ یہاں تک کہ حفت گمان کیا۔ البطاح ربطح کی جمع ہے۔ زیادہ بہنا۔ جس کے اندر خوب رقت اور کنکریوں کا بہاؤ ہو۔ بہا۔ بادل کے سبب۔ سیبا۔ عطا کرنا۔ سیب مصدر ہے۔ ساب الماء سے سیبا کا معنی ہے جاری ہوا۔ سیب زیر کے ساتھ ہو۔ تو اس کا معنی پانی کی گزرگاہ ہے۔ من الیم۔ سمندر۔ او سیلاً

مايمسك الماء من البناء وغير إلى وقت الحاجة أى سيل الوادى .

ثم أنه لما ذكر نبذاً من المعجزات والعلامات التى وجدت قبل الولادة وبعدها ونبذاً من الأخلاق إجمالاً ؛ كان السامع تاق واشتاق إلى تفصيلها، فقال معتذراً عنه .

٨٨

دَعْنِي وَوَصْفِيَ آيَاتٍ لَهُ ظَهَرَتْ
ظُهُورَ نَارِ الْقِرَى لَيْلاً عَلَى عَلَمِ

(دعنى) اتركنى (ووصفى آيات) أى مع وصفى علامات ومعجزات مصدقة (له) صلى الله عليه وسلم (ظهرت) تلك آيات ظهوراً مثل (ظهور نار القرى) الضيافة (ليلاً) كما هو عادة أسخياء العرب (على علم) جبل .

ثم أشار الى فائدة فى[1] وصفها مع أن لها كمالاً[2] فى نفسها بقوله :

٨٩

فَالدُّرُّ يَزْدَادُ حُسْناً وَهُوَ مُنْتَظِمٌ
وَلَيْسَ يَنْقُصُ قَدْراً غَيْرَ مُنْتَظِمِ

(فالدر يزداد حسناً) من حيث الحسن (وهو منتظم) مجتمع فى السلك مراعى فيه ترتيبه اللائق (وليس) الدر (ينقص قدراً) من حيث القدر والمرتبة وهو

[1] سقطت من ب

[2] سقطت من الاصل والتكملة من ب .

من العرم۔ جو پانی مکانوں وغیرہ سے وادی میں جا پڑتا ہے۔

پھر جب صاحب کتاب معجزات اور علامات جو قبل اور بعد از ولادت با سعادت ظاہر ہو چکیں تھیں ذکر کیا۔ اور ایک حصہ اخلاق عالیہ کا بھی ذکر کیا۔ کہ سامع مشتاق اور خواہش رہے۔ تاکہ اس کو سنا جائے۔ پھر معذرت کرتے ہوئے کہا ہے

۸۸

مجھے چھوڑیئے تعریف مصطفےٰ علیہ السلام کرنے دیجئے آپ کے معجزات اتنے روشن ہیں جتنی مہمانی کی وہ آگ جو رات کو پہاڑ پر روشن ہوتی ہے۔

دعنی مجھے چھوڑ دو۔ ووصف آیات میری تعریف میں معجزات اور علامات ہیں جو تصدیق کرنے والی ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ تمام نشانیاں اس طرح ظاہر ہوئیں۔ ظہور نار القری۔ مہمانداری۔ لیلا جس طرح کہ عرب کے سخیوں کی عادت ہے۔ علیٰ علم۔ پہاڑ پر۔

پھر ایک فائدے کی طرف اشارہ کیا۔ اس کو بیان کیا کہ یہ بھی ایک بذات خود کمال ہے۔

۸۹

پس ہار میں پرویا ہوا موتی قدر و قیمت میں بڑھ جاتا ہے اور نہ پرونے سے بھی اس کی قدر کم نہیں ہوتی۔

فالدر یزداد حسنا۔ حسن کی وجہ سے۔ وھو منتظم ایک لڑی میں پروئی ہوئی ہیں۔ ان میں ترتیب کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ ولیس موتی ینقص قدرا۔ قدر

(غير منتظم) والكلام تمثيل، ثم علل قوله "دعني" بقوله:

٩٠

فَمَا تَطَاوَلَ آمَالُ الْمَدِيحِ إِلَى
مَا فِيهِ مِنْ كَرَمِ الْأَخْلَاقِ وَالشِّيَمِ

(فما) نافية (تطاول) طاول (آمال) جمع أمل (المديح) المادح (الى) تفصيل (ما فيه) صلى الله عليه وسلم (من كرم الاخلاق) أى الاخلاق الكريمة.

(والشيم) جمع شيمة وهو الخلق يعنى تفصيل اخلاقه وشمائله وتبيين مفصله بل مجمله ليس شان البشر بل إنما هو من شان خالق القوى والقدر، ومن تلك الآيات.

٩١

آيَاتُ حَقٍّ مِنَ الرَّحْمَانِ مُحْدَثَةٌ[١]
قَدِيمَةٌ صِفَةُ الْمَوْصُوفِ بِالْقِدَمِ

(آيات حق) قرآنية نازلة (من الرحمان) الذى تقتضى رحمة[٢] تنزيلها لتربية الخلائق وهدايتهم وإرشادهم (محدثة) من حيث اللفظ، رد على الحنابلة (قديمة) من حيث المعنى، رد على المعتزلة، ثم أشار إلى وجه قدمها بقوله[٤]: (صفة الموصوف) الذى وصف (بالقدم)، وقدم الموصوف يستلزم قدم الصفات كما

---

[١] كذا فى الاصل وفى ب: هى [٢] كذا فى الاصل وفى ب: محكمة.

[٣] فى الاصل: رحمة، [٤] كذا فى ب: قدمها وهى.

اور مرتبے کی وجہ سے کوئی موتی کم نہیں۔ اور وہ غیر منتظم۔ یہ کلام تمثیل ہے۔ پھر قول دعنی کی تعلیل اس قول (شعر) سے کی۔

۹۰

پس کتنی لمبی ہیں اُمیدیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کریمانہ عادات اور پسندیدہ خصلتوں کے بارے تعریف کرنے والے کی۔

فما۔ نافیہ ہے۔ تطاول۔ آمال امل۔ (امید) کی جمع ہے۔ المدیح۔ تعریف کرنیوالا۔ إلی۔ تفصیل مافیہ جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم میں موجود ہیں۔ من کرم الاخلاق۔ اخلاق کریمہ۔ والشیمِ۔ شیمۃ۔ کی جمع ہے۔ اور وہ خلق ہے۔ اخلاق و شمائل کی تفصیل مفصل اور مجمل کو بیان اور ظاہر کرنا۔ یہ بشر کی طاقت سے باہر ہے۔ بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ہی ممکن ہیں۔

۹۱

قرآن کی سچی آیتیں جو رحمٰن کی طرف سے نازل ہوئی ہیں باعتبار تلفظ اور نزول کے حادث ہیں اور باعتبار اس کے کہ وہ قدیم ذات کی صفت ہیں قدیم ہیں۔

آیات حق۔ قرآنی آیات جو نازل شدہ ہیں۔ من الرحمان۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو اب کی رحمتوں کے متقاضی ہیں۔ لوگوں کی رشد اور راہنمائی کے لیے ان کا نزول ہوا ہے۔ محدثۃ۔ لفظ کی وجہ سے حنبلیوں کا رد ہے۔ قدیمۃ۔ یہ معتزلہ کا بامعنی رد ہے۔ پھر اس کے قدیم ہونے کی طرف اس قول سے اشارہ کیا۔ صفۃ الموصوف۔ وہ جس کی صفت بیان ہوئی ہے۔ بالقدم۔ موصوف کا مقدم ہونا صفات کے قدیم ہونے کو لازم ہے۔ جس طرح کہ اپنی جگہ میں اس کو پختگی

قرر في موضعه.

٩٢

لَمْ تَقْتَرِنْ بِزَمَانٍ وَهْيَ تُخْبِرُنَا
عَنِ الْمَعَادِ وَعَنْ عَادٍ وَعَنْ إِرَمِ

(لم تقترن) تلك الآيات (بزمان) من الأزمنة إذ لا يتصور بالنسبة إليه تعالى ماضٍ ولا مستقبل ولا حال لتنزهه عنه (وهي) بسكون الهاء (تخبرنا عن المعاد) أي البعث كقوله تعالى: وهو الذي يبدء الخلق ثم يعيده[1] (وعن عاد) اولاد عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوح عليه السلام قوم هود عليه السلام سموا باسم أبيهم كما سمى بنو هاشم باسمه.

(وعن ارم) كعنب، اسم جنة بناها شداد بن عاد.

روى انه كان لعاد ابنان: شداد و شديد فملكا[2] و قهرا ثم مات شديد فخلص الامر لشداد و ملك المعمورة و دانت له ملوكها، فسمع ذكر الجنة فبنى على مثالها في بعض صحارى عدن جنة في ثلاث مئة سنة، وكان عمره تسع مئة، قصورها من الذهب والفضة، وأساطينها من الزبرجد والياقوت، وفيها أصناف الأشجار والأنهار، وسماها ارم، فلما تمت سار إليها بأهله، فلما كان منها على مسيرة يوم وليلة، بعث الله تعالى عليهم صيحة من السماء فهلكوا،

---

[1] سورة الروم، الاية: ٢٧

[2] سقطت من الاصل والتكملة من "ب".

سے بتایا۔

۹۲

وہ آیات قرآنیہ کسی خاص زمانے سے وابستہ نہیں تاہم وہ ہمیں آخرت قوم عاد اور قبیلہ ارم کے حالات کی بھی خبر دیتی ہیں۔

لم تقترن۔ یہ آیتیں۔ بزمان۔ زمانے سے اس طرح کہ اللہ تعالیٰ کی طرف زمانہ حال مستقبل یا ماضی منسوب بھی نہیں کر سکے۔ کیونکہ زمان سے بلند و بالا ہے۔ وھی ھاء کے سکون کے ساتھ۔ تخبرنا عن المعاد۔ ای بھیجا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ وہ ذات جو مخلوق پیدا کرتی ہے اور اسی کی طرف مخلوق کا لوٹنا ہے۔ وعن عاد۔ اس سے مراد عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوح علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد ہے۔ ہود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم اپنے باپ دادا کے نام سے موسوم ہوئی جیسا کہ بنوہاشم دادا کے نام سے موسوم ہوتی۔

وعن ارم۔ عیب کے وزن پر۔ اس جنت کا نام شداد بن عاد نے بنائی۔

روایت ہے۔ کہ شداد کے دو بیٹے تھے۔ (۱) شداد (۲) شدید۔ دونوں دولتمند اور قاہر ہے پھر شدید مرا اور حکومت شداد کے لیے خاص ہوگئی۔ پھر اس نے جنت کا ذکر سنا۔ پھر اس جنت کی مثل بنایا۔ عدن کے مضافات میں تین سو سال میں جنت بنائی۔ اس کی عمر نو سو سال تھی۔ اس کی عمر نو سو سال تھی۔ اس کے محل سونے اور چاندی کے تھے۔ اور زبرجد و یاقوت کے بنے ہوئے تھے۔ اس میں کئی قسم کے درخت اور نہریں تھیں۔ اس کا نام ارم رکھا۔ جب جنت مکمل ہوئی۔ تو اس نے اپنے گھر والوں کے ساتھ سیر کی۔ جب وہ ابھی ایک دن اور رات کی مسافت پر

وعن عبد الله بن قلابة أنه خرج فی طلب ابله فوقع عليها[١]۔

٩٣

دَامَتْ لَدَيْنَا فَفَاقَتْ كُلَّ مُعْجِزَةٍ
مِنَ النَّبِيِّينَ إِذْ جَاءَتْ وَلَمْ تَدُمِ

(دامت) فاستمرت تلك الايات (لدينا) عندنا ولم تفن بعد الوقوع[٢] كما هو حكم سائر المعجزات۔

(ففاقت) علت، (كل معجزة) وهی أمر خارق للعادة، يظهر على يد مدعی النبوة عنده تحدی المنكرين وبه يمتاز عن الكرامة۔

واعلم ان الأمور الخارقة للعادة لا تخلو من أن تصدر ممن هو مقرون بالايمان والعمل الصالح أولاً فان كان الاول، لا تخلو من أن لا يكون مع ذلك مقروناً بكمال العرفان والطاعة بحسب الامكان او يكون، وعلى الثانی إما أن يكون مع ذلك مقروناً بدعوى النبوة أو لا۔

فهذه ثلاثة أقسام، الاول يسمى "معونة" وهو ما يظهر لعوام المسلمين تخليصاً لهم عن المحن والمكاره[٣] والثانی معجزة والثالث كرامة وان كان الثانی لا يخلو إما أن يكون موافقاً للدعوى أولا، فالأول استدراج والثانی إهانة كما أن مسيلمة الكذاب دعا لأعور، أن يصير عينه العوراء صحيحة فصارت عينه الصحيحة عوراء، والارهاص داخل فی الكرامة، والسحر ليس من الأمور

---

[١] راجع النور السافر ص ٤٠، ٥، فی بيان ما حدث فی ٩١٤ھ [٢] كذا فی الاصل وفی ب: الوجود۔
[٣] فی الاصل، بطلبين، والصواب ما اثبت۔

تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے ان پر چیخ بھیجی۔ پھر وہ ہلاک ہو گئے۔ اور عبداللہ بن قلاب سے روایت ہے۔ کہ وہ اونٹ کی تلاش میں نکلے تھے۔ تو وہاں ڈھیر کر دیا گیا۔

۹۳

وہ آیاتِ مبارکہ ہمارے پاس رہیں اور تمام انبیاء کرام کے ہر معجزہ پر بلند ہوئیں کیونکہ وہ معجزات آئے اور ہمیشہ نہ رہے۔

دامت۔ یہ آیات ہمیشہ رہیں۔ لدینا۔ ہمارے پاس اور واقع ہونے کے بعد فنا نہ ہوئیں۔ جیسا کہ سارے معجزات کا حکم ہے۔

ففاقت۔ علت۔ کل معجزہ۔ ہر وہ کام جو عادت کے خلاف ہو۔ اور نبوت کے دعویدار کے ہاتھ پر اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب منکر مطالبہ کرتے ہیں اور اسی وجہ سے وہ کرامت سے ممتاز ہے۔

اور جان لینا چاہیے۔ کہ وہ امور جو خلاف عادت ہیں۔ ان کے ظاہر کرنے والے کا صاحب ایمان و عمل صالح ہونا اشد ضروری ہے۔ اگر پہلی قسم ہے تو ضروری ہے کہ وہ کمالِ عرفان و طاعت جہاں تک امکان سے ہو خالی نہ ہو۔ اور یا خالی ہو۔ دوسری صورت میں یا تو دعویٰ نبوت ساتھ لازمی ہو۔ یا نہیں۔

تین قسمیں ساری بن گئیں۔ پہلی قسم کو معونتہ کہتے ہیں۔ جو عام مسلمانوں کیلئے ظاہر ہوتی ہے۔ منکروں کے مطالبے کا اس میں دخل نہیں ہوتا۔ اور دوسری قسم معجزہ ہے اور تیسری قسم کرامت ہے۔ اور اگر دوسری قسم خالی نہ ہو۔ یا تو دعویٰ کے موافق ہو گا۔ یا نہیں۔ پہلی قسم استدراج کی ہے۔ اور دوسری قسم اہانت کی ہے۔ جیسا کہ مسیلمہ کذاب نے نابینا عورت کے لیے دعا کی اور صحیح ہو گئیں۔ اور صحیح آنکھ نابینا

الخارقة ، يعنى فاتت ـ

(كل معجزة) صدرت (من النبيين اذ جاءت ولم تدم) تلك المعجزة كدوامها هى ـ

٩٤

مُحَكَّمَاتٌ فَمَا يُبْقِيْنَ مِنْ شُبَهٍ
لِذِى شِقَاقٍ وَلَا يَبْغِيْنَ مِنْ حَكَمٍ

(محكمات) جعلت حاكمة فى الخليقة اذ الأحكام كلها تستفاد منها (فما) نافية (يبقين) من الابقاء (من شبه) باطلة (الذى شقاق) خلاف وعداوة (ولايبغين) يطلبن[1] ـ

(من حكم) حاكم سواها إذ لا أحق منها ، والسنة والاجماع والقياس ماخوذ منها بقوله تعالى : وما أتاكم الرسول فخذوه ومانهاكم عنه فانتهوا[2] "ومن يشاقق الرسول من بعدما تبين له الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين[3] فاعتبروا يا أولى الأبصار[4]

٩٥

مَا حُورِبَتْ قَطُّ إِلَّا عَادَ مِنْ حَرَبٍ
أَعْدَى الأَعَادِى إِلَيْهَا مُلْقِىَ السَّلَمِ

---

[1] فى الاصل : المكان ، والتصريب من ب [2] سورة الحشر ، الاية ، ٧

[3] سورة النساء ، الاية ، ١١٥ [4] سورة الحشر ، الاية : ٢ ـ

ہوگئی۔ جوارہاص کرامت میں داخل ہے اور سحر (جادو) امور فارقہ میں داخل نہیں۔

کل معجزہ۔ جو صادر ہو۔ من النبیین اذ جارت ولم تدم۔ وہ معجزہ ہمیشہ

کی طرح۔

۹۴

وہ آیاتِ مبارکہ (ایسا) فیصلہ کرنے والی ہیں کہ کسی مخالف کا شک باقی

نہیں رہنے دیتیں اور نہ ہی اپنے فیصلوں میں کوئی حکم طلب کرتی ہیں۔

محکمات۔ مخلوقات میں اس کو حاکم بنایا۔ اس لیے کہ تمام احکام اس سے

مستفاد ہوتے ہیں۔ فما۔ نافیہ ہے۔ یبقین۔ یہ ابقائے سے بنا ہے۔ من شبہ۔

باطل۔ لذی شقاق۔ اختلاف اور دشمنی۔ ولایبغین۔ طلب کرتے ہیں۔

من حکم۔ اس کے سوا کوئی حاکم حقدار نہیں۔ سنۃ اجماع اور قیاس اسی سے

ماخوذ ہے۔ فرمایا وما اتاکم الرسول فخذوہ، ومانھاعنہ فانتھو۔ تمہیں جو کچھ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عطا فرمائیں۔ اسے لو اور جس سے منع فرمائیں۔ اس سے رُک

جاؤ۔ ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین لہ الھدیٰ ویتبع غیر سبیل المومنین

اور جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرے۔ اس کے بعد کہ اس کے لیے

ہدایت روشن اور ظاہر ہوگئی۔ اور مسلمانوں کے راستے سے الگ راہ چلا۔ اے

دیکھنے والو اس میں عبرت کا درس ہے۔

۹۵

جب کبھی ان آیاتِ قرآنیہ کا مقابلہ کیا گیا تو سخت ترین دشمن نے سلامتی

کے لئے ہتھیار ڈال دیئے۔

(ما حوربت) عورضت تلك الايات (قط) بفتح القاف وضم الطاء المشددة يذكر بعد الماضى المنفى ليستغرق النفى جميع الأزمنة فى حال من الأحوال (إلا) والحال أنه (عاد) رجع وتقدير "قد" ههنا مما لاحاجة إليه على ما مر (من حرب) كطلب اى رجع من حربه بها (أعدى الاعادى) جمع الاعداء (اليها) متعلق بقوله (ملقى السلم) كفرس وعنب، الصلح يعنى ما عارض احد تلك الايات إلا عجز عن معارضتها والاتيان بمثلها لبلاغتها ووقوعها فى مرتبة الاعجاز فيها على ما هو الرأى الصحيح فى وجه اعجاز القرآن.

وقيل: لاخباره عن المغيبات، وقيل: لأسلوبه الغريب[١] وقيل: لصرف الله تعالى العقول عن المعارضة وفى نظر[٢] الكل فتدبر واشار إلى الوجه الاول بقوله:

٩٦

رَدَّتْ بَلَاغَتُهَا دَعْوَى مُعَارِضِهَا
رَدَّ الْغَيُورِ يَدَ الْجَانِي عَنِ الْحُرَمِ

(ردت) منعت (بلاغتها) اى بلاغة الايات البالغة حد الاعجاز، والبلاغة عبارة عن كون الكلام مطابقاً لمقتضى الحال مع فصاحته[٣] والاعجاز فيه أن يرتقى ببلاغته الى حد يعجز البشر عن معارضته[٤] والاتيان بمثله (دعوى معارضها)

---

[١] فى الاصل "التغريب" والصواب ما اثبت.

[٢] سقطت فى الاصل والتكملة من ب.

[٣] وفى ب: فصاحة.

[٤] فى الاصل "معارضة" والثواب ما اثبت.

ھا حوریت۔ یہ آیتیں عارض ہوگئیں۔ قط۔ قاف کے زبر اور طاء مشدودہ کے پیش کے ساتھ ماضی منفی کے بعد ذکر کرتے ہیں۔ تاکہ مال کے جمیع احوال کو شامل ہو سکے۔ الا۔ اور حال یہ ہے کہ۔ عاد۔ لوٹا۔ اور یہاں پر قد مقدر ہے۔ تفصیل کی ضرورت نہیں۔ گزر چکی ہے۔ من حَرَبٍ۔ طلب کے وزن پر۔ یعنی اس کے ساتھ جہاد سے واپس آیا۔ اعدی الاعدای۔ اعدار کی جمع ہے۔ الیھا یہ ملقی السلم کا متعلق ہے۔ سلم کا وزن فرس اور عنب کی طرح ہے۔ صلح یعنی آیات میں سے جب بھی کوئی آیت عارض ہو۔ تو اس کے مقابلے سے اعدار عاجز ہوتے ہیں۔ اور بلاغت کی وجہ سے اس کا جواب نہیں لا سکتے۔ اور یہ آیتیں مرتبہ اعجاز پر فائز ہیں جن کے بارے صحیح راتے ہی ہے۔

اور بعض لوگوں نے کہا۔ ان آیات کے ذریعے غیب کی خبر دی گئی ہے اور بعض نے کہا کہ ان کا اسلوب خوبصورت ہے۔ اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسانی عقول کو اس کے مقابلے سے عاجز رکھا، غور کیجیے۔ اور پہلی وجہ کی طرف اشارہ کر دیا۔

۹۶

آیاتِ قرآنیہ نے مخالف کے دعوے کو اس طرح ٹھکرا دیا جس طرح غیرت مند آدمی مجرم کا ہاتھ اپنی پردہ نشینوں سے روک دیتا ہے۔

ردت۔ منع کیا۔ بلاغتھا۔ یعنی ان کی بلاغت حد اعجاز تک پہنچی ہوئی ہے۔ بلاغت اس عبارت کو کہتے ہیں۔ جو فصاحت کے ساتھ ساتھ مقتضائے حال کے مطابق ہو۔ اس میں اعجاز یہ ہے کہ بلاغت کی وجہ سے یہ آیات اس مرتبے تک جا

اى الايات بحيث عجزوا مع كمال بلاغتهم عن[1] معارضة أقصر سورة مع تهالكهم على ذلك حتى أعرضوا عن المعارضة بالحروف إلى المنازعة بالسيوف زداً مثل (ردّ الغيور) ذى الغيرة (يد الجانى) المجرم (عن الحرم) أهله ـ

٩٧

لَهَا مَعَانٍ كَمَوْجِ الْبَحْرِ فِي مَدَدٍ
وَفَوْقَ جَوْهَرِهِ فِي الْحُسْنِ وَالْقِيَمِ

(لها) اى للآيات (معان) كائينه (كموج البحر فى مدد) نصرة فكما ان موجه ينصر بعضه بعضاً فى الظهور على التواتر والتوالى كذالك معانيها ينصر بعضها بعضاً فى الظهور على التواتر على المتأملين بحسب صفا الباطن والعرفان بحيث لا ينتهى الى حدٍ، قال امير المومنين على ابن أبى طالب رضى الله عنه، لو شئت لاوقرت سبعين بعيراً من تفسير فاتحة الكتاب[2]، وقال بعض العلماء: لكل آية ستون ألف فهم وما يبقى من فهمها[3] أكثر ـ

(و) لها معان كائنة (فوق جوهره) أى البحر (فى الحسن) إذحسنه حسن ظاهرى زينة الحيواة الدنيا، وحسنها حسن حقيقى زينة الاولى والعقبى (والقيم) كعنب جمع قيمة إذ قيمة توجب غناء الدنيا وما الحيواة الدنيا الالهو

---

[1] وفى ب: من

[2] انظر: مرقاة المفاتيح ٣٤١/٤ فى كتاب فضائل القران ـ

[3] الاصل "فهمها" وهو خطأ وصوابه "فهمها" ـ

پہنچی ہیں۔ جس کے مقابلے سے انسان عاجز ہو جاتا ہے۔ اور اس کی مثل نہیں لا سکتا۔
دعویٰ معارضہا۔ یعنی ان آیات کے مقابلے میں بلاغت کی وجہ سے عاجز ہیں۔
یہاں تک کہ ایک چھوٹی سورت کا جواب بھی نہیں لا سکتے۔ جب حروف کا مقابلہ نہ
کر سکے۔ تو تلوار سونت کر میدان میں نکل آتے۔ رد الغیور۔ غیرت والوں کی طرح۔
یدا الجانی۔ مجرم۔ عن الحرم۔ حرم کے رہائشی۔

۹۷

ان آیاتِ قرآنیہ کے معانی ہیں جو دریا کی موج کیطرح ایک دوسرے کی تائید کرتے
ہیں اور وہ خوبصورتی اور قیمتوں میں اس کے موتیوں سے بڑھ کر ہیں۔

لہا۔ یعنی آیات کے لیے۔ معانٍ۔ ثابت ہیں۔ کموج البحر فی مداد۔ امداد یعنی
جس طرح موجیں ظاہر ہونے میں تواتر اور تسلسل کے ساتھ ایک دوسرے کی مدد کرتی
ہیں۔ اسی قرآن پاک کے معانی ظاہر ہونے میں تواتر اور تسلسل کے ساتھ غور و فکر
کرنے والوں کے لیے ایک دوسرے کی مدد کرتی ہیں۔ جس کی جس قدر عرفان اور
باطن کی صفائی ہوتی ہے۔ اس قدر پاتا ہے۔ یہاں تک کہ ان کا حد نہیں ہے۔ امیر
المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اگر میں چاہوں تو صرف سورہ فاتحہ کی
تفسیر ستر اونٹوں کے بوجھ کے برابر لکھوں۔ بعض علماء نے فرمایا۔ کہ ہر آیت کے
ساٹھ ہزار معانی ہیں۔ اور ان مفاہیم میں زیادہ باقی ہیں۔

و۔ اور اس کے معانی ثابت ہیں۔ فوق جوھرہ۔ یعنی سمندر۔ فی الحسن۔ اس کا
حسن ظاہری ہے۔ جو کہ دنیاوی زندگی کی زینت ہے۔ اور اس کا حسن حقیقی بھی ہے۔ جو
دنیا اور آخرت کا حسن ہے۔ والقیم۔ عنب کے وزن پر قیمت کی جمع ہے۔ اسکی

ولعب وقيمتها توجب ثروة العقبى والآخرة خير وأبقى : ثم نزع على ما ذكر:

٩٨

فَمَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصَى عَجَائِبُهَا
وَلَا تُسَامُ عَلَى الْإِكْثَارِ بِالسَّأَمِ

(فما تعد) تفصيلا (ولا تحصى) اجمالاً (عجائبها) جمع عجيب يعنى معانيها العجيبة وفوائدها الغريبة لا تدخل تحت العدد والإحصاء، ولا تنتهى الى حد ونهاية لقوله صلى الله عليه وسلم فى القرآن: "لا تنقضى عجائبه"[1] فى المفاتيح[2]: اى لا تنتهى معانيه العجيبة وفوائده العريبة.

(ولا تسام) لا تطلب شرى العجائب والمعانى الغريبة، (على الاكثار) اى مع إكثار النظر والتدبر فيها والمطالعة لها أو مع إكثار الله تعالى اياها اى مع كونها كثيرة غير متناهيه طلبا متلبساً.

(بالسام) بالملال بخلاف سائر الكتب والجواهر وغيرها من الامتعة يعنى لا ينقص وقعها وعظمتها فى القلوب بكثرتها أو بكثرة مطالعتها بل يزداد ولا يرغب عنها بل يرغب فيها لقوله صلى الله عليه وسلم: "ولا يشبع منه العلماء"[3]

---

[1] رواه الترمذى ٢/١٤ ابواب فضائل القرآن، باب ماجا فى فضل القرآن والدارمى ص ٤٢٣ باب فضل من قرأ القرآن.

[2] راجع: مرقاة المفاتيح ٤/٣٥٨ فى كتاب القرآن.

[3] رواه الترمذى عن على ٢/١٤، ابواب فضائل القرآن، باب ماجا فى فضل القرآن والدارمى ص: ٤٢٥

قدر و قیمت سے بندہ دنیا سے بے پرواہ ہو جاتا ہے۔ اور دنیاوی زندگی تو لہو و لعب ہے۔ اور اس کی قدر و قیمت سے آخرت کی دولت نصیب ہوتی ہے اور آخرت بہتر اور باقی رہنے والی ہے پھر جو ذکر کیا۔ اسکی تفصیل بیان کی۔

۹۸

آیات مبارکہ کے عجائیات نہ گنے جا سکتے ہیں اور نہ جمع کیے جا سکتے ہیں اور کثرت کے باوجود انہیں ملال طبع کے ساتھ خریدا نہیں جاتا۔

فما تعد۔ تفصیل۔ ولا تحصی۔ اجمال۔ عجائبھا۔ عجیب کی جمع ہے یعنی اس کے عجیب اور حیران کن معانی اور بے مثال فوائد شمار اور گنتی سے باہر ہیں اور ان کے معانی و مفاہیم ختم ہونے والے نہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کے بارے فرمایا۔ کہ قرآن اعلیٰ وارفع اور عجیب و غریب معانی ختم نہیں ہوتے۔

ولا تسام۔ یہ معانی عجیب و غریب ختم نہیں ہوتے۔ اس کے باوجود کہ اس میں نظر و تدبر اور مطالعہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے اندر بے حساب معانی و مفاہیم رکھے ہیں۔ اور اس کا علم حاصل کرنے والے بھی زیادہ ہیں۔

بالسام۔ ملال و غم کے ساتھ تمام کتب کے خلاف جواہر یا دوسری نفع مند چیزیں۔ یعنی قرآن پاک کی عظمت و توقیر مسلمانوں کے دلوں میں باوجود کثرت مطالعہ کم نہیں ہوتی۔ بلکہ روز افزوں ترقی پر ہے۔ اس سے دل متنفر نہیں ہوتے۔ بلکہ میلان کرتے ہیں۔ اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اس سے علماء سیر نہیں

ويحتمل ان يكون المعنى: ولا تطلب الآيات مع إكثار تلاوتها وتكرارها طلباً متلبساً بالملال بل باللذات والنشاط والطرب على خلاف ما هو المتعارف لقوله صلى الله عليه وسلم: "ولا يخلق عن كثرة الرد"[١] وفي المفاتيح[٢] أي عن كثرة التلاوة يعني لا يبلى بكثرة التلاوة بل يصير بكل مرة يقرأ القارى اكثر لذة. ثم أشار الى فائدة قراءته بقوله:

٩٩

قَرَّتْ بِهَا عَيْنُ قَارِيهَا فَقُلْتُ لَهُ
لَقَدْ ظَفِرْتَ بِحَبْلِ اللهِ فَاعْتَصِمِ

(قرت) أضاءت، في الصراح[٣] القرة والقرور، روشن شدن چشم از شادى[٤] من باب علم، (بها) بسبب الايات وبتلاوتها والتدبر في معانيها والعمل بمقتضاها (عين قاريها) وقرة العين عبارة عما يحصل له بالاشتغال بها من الفرح والسرور والوقار والنور والانتهاء على ما دل عليه قوله صلى الله عليه وسلم:

يقول الله سبحانه تعالى، من شغله القرآن عن ذكرى ومسألتى أعطيته افضل ما أعطى السائلون[٥]" "وتعلموا القرآن واقرءوه فان مثل القرآن لمن تعلمه فقرأه وقام به كمثل جراب ملئ مسكاً يفوح ريحه في كل مكان[٦]" وقوله صلى الله عليه وسلم في سورة

---

[١] نفس المرجع [٢] انظر: مرقاة المفاتيح ٣٥٨/٤ في كتاب فضائل القرآن.

[٣] راجع: الصراح، ٣٩٥ [٤] كلمات فارسية ومعناها بالعربية: إضارة العين سروراً وفرحاً.

[٥] انظر: سنن الدارمي ص: ٤٢٨ في باب فضل كلام الله على سائر الكلام وجامع الترمذي ١١٦/٢، ابواب فضائل القرآن: باب ما جاء في فضل القرآن ومشكوٰة المصابيح: ١٨٦ كتاب فضائل القرآن.

[٦] راجع: سنن ابن ماجا ٢٠/١، باب فضل من تعلم القرآن وعلمه ومشكوٰة المصابيح: ١٨٧ فضائل القرآن.

ہوتے۔ ممکن ہے اس کا یہ معنی ہو۔ کہ قرآن پاک کی کثرت سے تلاوت اور تکرار آیات سے بھی ملال وحزن کا تصور تک نہیں ہوتا۔ بلکہ اس لذت نشاط وطرب کا حصول ہوتا ہے۔ بخلاف اس کے جو ظاہر ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ ولا یخلق عن کثرۃ الرد۔ اور مفاتیح میں ہے کہ زیادہ تلاوت کرتے انسان تھکتا نہیں بلکہ مزید مزہ آتا ہے۔

اگلے شعر میں تلاوت کے فائدے کی طرف اشارہ کیا۔

۹۹

ان آیات مبارکہ کے لبسبب انہیں پڑھنے والے کی آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں تو میں نے اسے کہا بیشک تو کامیاب ہو گیا ہے اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑے رکھ

(قرت) روشن ہوئی۔ صراح میں ہے۔ القرۃ والقرور خوشی سے آنکھوں کا روشن ہونا۔ علم یعلم کے باب سے ہے۔ بہا۔ آیتوں کی تلاوت اور اس کے معنی کے اندر غور کرنے کے سبب اور اس کے تقاضے پورے کرنا۔ عین قاریہا۔ تلاوت سے آنکھوں کو ٹھنڈک حاصل ہوتی ہے۔ خوشی سرور وقار نور اور شوق میں اضافہ ہوتا ہے۔ جس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان دلیل ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: جس کو قرآن پاک کی تلاوت نے میرے ذکر وفکر سے روکے رکھا۔ میں اس سوال کرنے والوں سے بہتر عطا کروں گا۔ اور قرآن پاک کی تعلیم دو۔ اور تجوید پڑھاؤ۔ قرآن سیکھے۔ اور تجوید کے ساتھ پڑھنے والے کی مثال یوں ہے جیسا کہ کوئی برتن خوشبو سے بھرا ہوا ہو۔ اور اس سے ہر طرف خوشبو پھیل رہی ہو۔ سورۃ کہف کے بارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ جس نے سورہ کہف کو جمعے کے

الكهف: "من قرأها يوم الجمعة أضاء له من النور ما بين الجمعتين"[١]۔

والقراءة ههنا يحتمل أن يكون المراد بها بالمصحف وبدونه، وإن كان الاول أولى لاشتماله على بركة الطهارة والرؤية والتادب فى الجلوس والحمل والمس والتمكن من التفكر فيه وانبساط معانيه ومشقة ترديد الاوراق، قال صلى الله عليه وسلم: "قراءة الرجل القرآن فى غير المصحف ألف درجه وقراءة مصحف يضعف على ذلك إلى ألفى درجة"[٢]۔

(نقلت له) للقارى ترغيباً له على الدوام والثبات على ذلك والاحسان والاخلاص فيه والله (لقد ظفرت) فزت (بحبل الله) بما يتوصل به إليه اى القرآن حبل الوصال إليه، لقوله صلى الله عليه وسلم: وهو حبل الله المتين و هو الصراط المستقيم[٣] (فاعتصم) فكن متمسكاً به دائماً على سبيل الاحسان والإخلاص لئلا تدخل تحت[٤] قوله صلى الله عليه وسلم: رب تال للقرآن والقرآن يلعنه، وقوله: "من قرأ القرآن يتأكل به الناس جاء يوم القيامة ووجهه[٥] عظم ليس عليه لحم"[٦] أو كن متمسكاً به بضم العمل والتعلم إلى قراءة۔

ثم أشار الى أدنى فائدة من فوائد القراءة والعمل بمقتضاه فقال،

١٠٠

إِن تَتْلُهَا خِيفَةً مِنْ حَرِّ نَارِ لَظَى
أَطْفَأْتَ حَرَّ لَظًى مِنْ وِرْدِهَا الشَّبِم

(ان تتلها) من التلاوة أو من التلو (خيفة) خوفا (من حر) حرارة (نار لظى) جهنم (اطفات) من الاطفاء ومعناه بالفارسية: فروكشتن آتش وجز آن

[١] انظر: مشكوٰة المصابيح: ١٨٩ فى فضائل القرآن۔

[٢] أخرجه صاحب مشكوٰة المصابيح: ١٨٨ فى كتاب فضائل القرآن بلفظ: وقراته فى المصحف تضعف۔

[٣] نفس المرجع ص: ١٨٥ [٤] كذا فى ب: فى

[٥] فى الاصل: وجه، والتصويب من ب [٦] مشكوٰة المصابيح: ١٨٨، كتاب فضائل القرآن۔

دن پڑھ لیا۔ دونوں جمعوں کے درمیان کا حصّہ اس کیلئے نور سے منور اور روشن ہوتا ہے۔

ممکن ہے کہ یہاں قراءت سے مراد قرآن پاک میں تلاوت ہے یا کسی اور کتاب میں پڑھنا اگر پہلا مفہوم ہو تو اس لیئے تلاوت سے پاکیزگی قرآن کا دیکھنا بیٹھنے میں ادب کا ملحوظ رکھنا۔ قرآن پاک کا اٹھانا، اس کو مس کرنا، غور وفکر میں بٹھانا، اس کے معانی سے سرور حاصل کرنا۔ ان تمام چیزوں پر مشتمل ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ قرآن پاک کی تلاوت کسی اور کتاب سے ہزار درجے بہتر ہے۔ اور قرآن پاک سے تلاوت اس سے دوگنا دو ہزار درجے بہتر ہے۔

نقلت لہ۔ پڑھنے والے کو ترغیب دیا ہمیشہ پامردی احسان اور اخلاص سے پڑھو۔ خدا کی قسم لقد ظفرت۔ کامیاب ہوا۔ بحبل اللہ۔ جس کے ذریعے بندہ پہنچتا ہے۔ وہ قرآن ہے۔ گویا قرآن اللہ تعالیٰ تک پہنچانے والی رسی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ وہی حبل متین ہے وہی صراط مستقیم ہے۔

فاعتصم۔ اخلاص اور اچھے طریقے سے ہمیشہ قرآن کو مضبوطی سے تھامے رکھ۔ تاکہ تیرے اوپر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان صادق نہ آئے۔ بہت سے قرآن پڑھنے والے ایسے ہیں جن پر قرآن لعنت بھیجتا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔ جو شخص قرآن لوگوں کو دکھانے کے لیے پڑھتا ہے۔ قیامت کے دن اس حال میں آئیگا۔ کہ اس کا چہرہ مکمل ہڈی کا ہوگا۔ اس کے گوشت نہیں ہوگا۔ یا اسکو مضبوطی سے پکڑنا، عمل اور سیکھنے سکھانے کے حوالے سے۔

اسکے بعد قرآن کے کم ترین فائدے کی طرف اشارہ کیا۔ جو قرآن پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کا تقاضا ہے۔

۱۰۰

اگر تو ان آیات مبارکہ کی جہنم کے خوف سے تلاوت کرے گا تو ان کے ٹھنڈے پانی سے جہنم کی گرمی بجھا دے گا۔

ان تتلھا۔ یہ لفظ یا تو تلاوۃ اور یا تلو سے بنا ہے۔ حیفۃ۔ خوف۔ من حر۔ گرمی۔ نادلظی۔ جہنم۔ اطفات۔ بجھانا۔ اور فارسی میں اس کا معنی ہے۔ فروشتن آتش د

(حر لظى من وردها) بالكسر، الماء المورود عليه أي من ماء الآيات[1]

(الشبم) البارد ككتف والمراد من مائها، إما الثواب الحاصل من التلاوة والعمل بمقتضاها أو محاجاتها وشفاعتها لأصحابها۔

١٠١

كَأَنَّهَا الْحَوْضُ تَبْيَضُّ الْوُجُوهُ بِهِ
مِنَ الْعُصَاةِ وَقَدْ جَاؤُوهُ كَالْحُمَمِ

(كأنها) أي الآيات الكريمة باعتبار اشتمالها على ما نزيل أدناس المعاصي ويهذب عنها العاصي وينور القلب والقالب ويصفي الظاهر والباطن من بيان التوحيد والصفات والأفعال وسلوك الطريق إليه تعالى والأحكام والأعمال والقصص والمواعظ وغير ذلك مما ينتظم به المعاش والمعاد، (الحوض) الذي يرد عليه العاصون من المؤمنين بعد إخراجهم من النار وقد كانوا فحماً لقوله صلى الله عليه وسلم: ناس اصابتهم النار بذنوبهم أو قال بخطاياهم فأماتهم إماتة حتى إذا كانوا فحماً اذن بالشفاعة فجئ بهم ضبائر ضبائر فبثوا على أنهار الجنة" الحديث، حتى ينتسلوا فيه ويصير أبدانهم مبيضة مشرقة بعد ما كانت مسودة مظلمة[2]۔

عن أنس رضى الله عنه أنه قال صلى الله عليه وسلم: نزلت على آنفا سورة، فقرأ: بسم الله الرحمن الرحيم انا اعطيناك الكوثر فصل لربك وانحر ان شانئك هو الأبتر، ثم قال: أتدرون ما الكوثر؟ فقلنا: الله ورسوله أعلم،

---

[1] سقطت فى الاصل والتكمله من ب۔

[2] رواه مسلم فى صحيحه ١/١١٨ باب ذكر الشفاعة۔

جزآن۔ حرلظی من وردھا۔ زیر کے ساتھ ماء مورود یعنی آیات کے پانی سے۔

الشبوء۔ ٹھنڈا کتف کے وزن پر پانی سے مراد یا تو تلاوت سے حاصل شدہ ثواب اور مقتضاء پر عمل کرنا ہے۔ یا پڑھنے والوں کی جو قرآن پاک نے شفاعت کرنا ہے۔

۱۰۱

گویا کہ وہ آیاتِ مبارکہ حوضِ کوثر ہیں جس سے گنہگاروں کے چہرے روشن ہو جاتے ہیں جبکہ وہ کوئلوں کی طرح اسکے پاس سیاہ چہرے لیکر آئے

کانھا۔ یعنی آیات کریمہ۔ ان کے ذریعے لوگوں کے میل دور ہوتے ہیں۔ گناہ دُھلتے ہیں۔ دل اور ڈھانچے منور ہوتے ہیں۔ ظاہر اور باطن صاف ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ اس توحید، صفات الٰہیہ، افعال الٰہیہ سلوک طریق احکام اعمال قصص مواعظ اور دنیا و آخرت کے مضامین ہوتے ہیں۔ الحوض۔ وہ تالاب جس پر جہنم سے نکلنے کے بعد گنہ گار آئیں گے۔ اور جوق در جوق آئیں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "لوگوں کو گناہوں یا خطاؤں کی وجہ سے عذاب پہنچ جائے گا۔ پھر وہ مر جائیں گے۔ اس وقت جب وہ فحم ہوں گے" یہانتک کہ وہ اس میں نہائیں گے۔ ان کے جسم سفید چمکنے والے بن جائیں گے۔ اس کے بعد کہ کالے سیاہ بن چکے ہوں گے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ میرے اوپر یہ سورہ یکبارگی نازل ہوئی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ پڑھی۔ انا اعطینٰک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک ھو الابتر۔ پھر اس کے بعد فرمایا۔ تم جانتے ہو۔ کوثر کیا

قال فإنه نهر وعدنيه ربي، عليه خير كثير، وهو حوض يرد عليه امتي يوم القيامة، آنيته عدد النجوم.[1]

وروی "حوضی مسيرة شهر، ماؤه أبيض من اللبن وريحه أطيب من المسك وكيزانه كنجوم السماء، من شرب منه فلا يظمأ أبداً"[2]

(تبيض) أی تصير مبيضة منورة مشرقة، حال أو مستانفة لبيان وجه الشبه (الوجوه) تعبير عن الكل بالجزء (به) ای بذلك الحوض، وفی بعض النسخ "بها" أی بتلك الآيات والأولی أولی (من العصاة) حال من الوجوه، جمع عاص كالقضاة جمع قاض، أصله عصية، قلبت الياء الفاً تو ضم الفاء.

قال الشيخ الرضی فی شرح الشافية: وإذا كسر علی فعلة فی المعتل اللام وجب ضم الفاء ليعتدل طرف الكلمة بالثقل فی أولها والخفة "بالقلب"[3] فی آخرها، وقال الفراء: أصله فعل بتشديد العين فاستثقل فابدل الهاء من أحد المثلين "ثم أبدل الفاء لفتحة ماقبلها"[4]

---

[1] راجع: الخصائص الكبری ۸۵/۱ وجواهر البحار ۴۷/۱ والبخاری ۲۱۹/۶ تفسير سورة كوثر.

[2] رواه الترمذی عن عبد الله بن عمر: ۶۷/۲، ابواب صفة القيامة، باب ماجاء فی صفة اوانی حوض، و"الدارمی: ۳۸۳ باب فی الكوثر" و"مسلم" فی صحيحه: ۶۶/۷ باب إثبات حوض نبينا صلی الله عليه وسلم وصفاته، كتاب الفضائل.

[3] سقطت من الاصل والتكملة من شرح الشافية للرضی: ۱۶۳

[4] التكملة من نفس المرجع.

ہے۔ ہم نے کہا اللہ جل جلالہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم بہتر جانتے ہیں۔ یہ وہ نہر ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے میرے ساتھ وعدہ کیا۔ اس کے اوپر خیر کثیر (بہت زیادہ بھلائی) ہے۔ وہ ایک حوض ہے قیامت کے دن میری امت وہاں آئے گی۔ وہاں اسکے کٹورے ستاروں کے برابر ہوں گے۔

ایک روایت میں آیا کہ میری حوض کا فاصلہ ایک مہینہ کی مسافت ہے۔ اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید ہے۔ مشک سے زیادہ خوشبودار ہے اور اس کے برتن آسمان کے ستاروں کے مانند ہیں۔ جس نے اس سے ایک مرتبہ پی لیا۔ وہ پھر پیاسا نہیں ہوگا۔

تبیض۔ یعنی سفید، منور، چمکدار بن جائے گی۔ یہ حال ہے یا مستانفہ ہے وجہ شبہ کو بیان کرنے کی وجہ سے۔ الوُجُوہ۔ کل کو جزر سے تعبیر کیا گیا۔ بہ۔ اس حوض کے ساتھ بعض نسخوں میں بہ کی جگہ بہا کا لفظ ہے۔ یعنی ان آیات کے ساتھ۔ اور پہلا بہتر ہے۔ من العصاۃ۔ وجوہ سے حال ہے۔ عاصی کی جمع ہے۔ جیسا کہ قضاۃ قاضی کی جمع ہے۔ اصل میں عصیۃ ہے یاء کو الف بنایا۔ پھر فا کو اس میں ضم ہے۔

شیخ رضی نے شرح شافیہ میں کہا ہے۔ فعل لام کا کوئی فعل اگر توڑ دیا جائے تو فاء کا اس کے ساتھ ضم کرنا واجب ہوتا ہے۔ تاکہ کلمے کا کنارا ثقل سے معتدل ہو جائے۔ اور بالقلب کی خفت اس کے آخر میں ہے۔ اور فراء نے کہا کہ اس کا اصل فعل تھا۔ عین مشدد تھا۔ یہ بولنے میں بھاری لگتا تھا۔ تو اس کو دو مثلوں میں سے ھاء سے بدل دیا۔ پھر فاء سے تبدیل کیا۔ اس لیے اس سے قبل نتیجہ ہے۔

(و) الحال أن العصاة (قد جاروه) اي الحوض (كالحمم) مشبهين بالحمم كالتهم جمع حمة وهو الرماد والفحم وكل ما احترق من النار.

١٠٢

وَكَالصِّرَاطِ وَكَالْمِيزَانِ مَعْدِلَةً
فَالْقِسْطُ مِنْ غَيْرِهَا فِي النَّاسِ لَمْ يَقُمِ

(و) الايات (كالصراط) الذي هو جسر ممدود على متن جهنم أحد من السيف[1] وأدق من الشعر يعبره الخلق (وكالميزان) الذي يوزن به الاعمال وله كفتان ولسان وشاهين (معدلة) من حيث العدل والتمييز بين المحق والمبطل والمسئ والمحسن، ثم فرع عليه:

(فالقسط) بالكسر العدل، ومنه أقسط الرجل وعليه قوله تعالى: "إن الله يحب المقسطين[2] والقسوط الجور، ومنه قوله تعالى: وأما القاسطون فكانوا لجهنم حطباً[3] الناشئ (من غيرها) اى غير الايات غير مثبت بها بخلاف السنة والاجماع والقياس على ما مر (في الناس) متعلق ب (لم يقم) لم يرج أو لم يوجد أصلاً.

---

[1] في الاصل "الصيف" بالصاد محرفا والثواب ما اثبت.

[2] سورة المائدة، الاية: ٤٢

[3] سورة الجن، الاية: ١٥

ڈ۔ حالیہ ہے۔ بیشک گنہ گار (تلا جاروہ)۔ یعنی حوض۔ کالحمو۔ حمم کے مشابہہ۔ جیساکہ تہمو ہے حمۃ کی جمع ہے، اور مٹی یا گرد و غبار کو کہتے ہیں، اور فحم ہر وہ چیز ہے۔ جس کو آگ جلاتے۔

۱۰۲

اور یہ آیاتِ مبارکہ انصاف کرنے کے لئے مثل پُل صراط اور مثل میزان کے ہیں ان کے بغیر لوگوں میں عدل قائم نہیں ہو سکتا۔

ڈ۔ اور آیات۔ کالصراط۔ وہ پل جو جہنم کی پیٹھ پر ہے۔ تلوار سے زیادہ تیز ہے اور بال سے باریک ہے۔ وکالمیزان۔ جس پر اعمال تولے جائیں گے اس کے دو ہتھیلی اور زبان ہوگی۔ معدلۃ۔ عدل کی حیثیت سے نیکوکار و بدکار اور حق والوں اور باطل والوں کے درمیان فرق اور تمیز ہے۔ پھر اس پر تفریع بٹھائی۔

فالقسط۔ کسرے کے ساتھ ہے۔ اس سے عدل مراد ہے اور اسی سے اقسط الرجل بنا ہے۔ اور اسی پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ ان اللہ یحب المقسطین۔ اور قسوط سے جور مراد ہے۔ جیساکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ واما القاسطون فکانو لجھنو حطبا۔ چلنے والا۔ من غیرھا۔ یعنی آیاتوں کے سوا جو اس کو ثابت نہیں کرتیں۔ بخلاف سنۃ اجماع، اور قیاس جو کہ گزر چکا۔ (فی الناس) بہ لویقو۔ کا متعلق ہے یعنی بالکل پایا نہیں گیا۔ اور کیسے پلتے۔

كيف وقد قال النبي صلى الله عليه وسلم في القرآن: ومن ابتغى الهدى في غيره أضله الله تعالىٰ[1] فالعدل منحصر في الايات حصراً حقيقتاً لا ادعائياً كما زعم البعض، ثم إنكار الايات بعد ظهور برهانها وسطوة سلطانها، لما كان موجباً للتعجب أشار إلى أنه لا غرو فيه بقوله:

١٠٣

لَا تَعْجَبَنْ لِحَسُودٍ رَاحَ يُنْكِرُهَا
تَجَاهُلاً وَهُوَ عَيْنُ الحَاذِقِ الفَهِمِ

(لا تعجبن) لا تكن متعجبا (لحسود) مستنكرا إنكاره (راح) أمسى (ينكرها) اى الايات (تجاهلا) إظهاراً للجهل بها من نفسه تكبراً أو عناداً[2] (و) الحال (هو عين) خيراً ونفس (الحاذق) بالذال المعجمة، الكامل الماهر بها، يعلمها انها من عند الله تعالى وانها "يهدى للتى هو أقوم"[3] (الفهم) ككتف الكامل الفهم بثمراتها وفوائدها وغرائبها لكن مرض الحسد والعناد لا يدعه أن يذعنها وينقاد لها فينكرها. كما:

١٠٤

قَدْ تُنْكِرُ العَيْنُ ضَوْءَ الشَّمْسِ مِنْ رَمَدٍ
وَيُنْكِرُ الفَمُ طَعْمَ المَاءِ مِنْ سَقَمِ

(قد تنكر) تكره (العين) البصر (ضوء الشمس) ويعده حرارة محضاً لا

---

[1] اخرجه الترمذى ٢/١٤٢، ابواب فضائل القرآن، باب ما جاء فى فضل القرآن وابن حبان فى صحيحه ١/٢٨٧ ومسلم فى صحيحه ٢/٢٣٨ واحمد فى "مسنده" ٤/٣٦٦ والدارمى ٢/٤٣١ -

[2] فى الاصل، وعناء، والتصويب من ب.

[3] كلمات قرآنيه، سورة الاسراء، الاية: ٩

کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ومن ابتغی الھدیٰ فی غیرہ اضلہ اللہ تعالیٰ۔ پس اس لیے عدل حصر حقیقی سے آیات بنیات کے اندر ہے نہ کہ حصر ادعائی ہے۔ جیسا کہ بعض لوگوں نے گمان کیا ہے۔ پھر برہان کے ظاہر ہونے کے باوجود اور اس حاکمیت کے ہوتے ہوتے انکار آیات کرنا واقعی تعجب کا موجب ہے۔ اور اسی طرف اشارہ فرمایا۔

۱۰۳

آپ ہرگز بہت حسد کرنیوالے پر جو ماہر و سمجھ دار ہونے کے
باوجود دانستہ جاہل بنکر آیات مبارکہ کا انکار کرتا ہے تعجب نہ کریں

لاتعجبن۔ متعجب نہ ہو۔ لحسود۔ ان کے انکار کو مکروہ سمجھتے ہوتے۔ راح۔ شام کرتا ہے۔ ینکرھا۔ یعنی آیتوں۔ تجاھلاً۔ تکبر یا عناد کی وجہ سے جان بوجھ کر جہالت اور لاعلمی کا اظہار کرنا۔ و۔ حالیہ ہے۔ ھو عین۔ خیر یا نفس۔ الحاذق۔ کامل ماہر۔ دال معجمہ کے ساتھ وہ جانتا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور بیشک یہ یھدی للتی ھی اقوم۔ الفھم۔ کتف کے وزن پر کامل سمجھداری اسطرح کہ اس سے فائدے اور ثمرات حاصل ہوں۔ لیکن حسد کا مرض اس کو نہیں چھوڑتا یہاں تک کہ اس کو غبار آلود کرتا ہے۔ اس کا پیچھا کرتا ہے اور مکروہ بناتا ہے۔

۱۰۴

کبھی آنکھ آشوب زدہ ہونے کے باعث سورج کی روشنی کو ناگوار
جانتی ہے اور کبھی منہ بیماری کیوجہ سے پانی کے (خوش) ذائقہ ہونے کا انکار کردیتا ہے

قد تنکر۔ ناپسند کرتی ہے۔ العین۔ آنکھ۔ ضوء الشمس۔ اس سے مراد

فائدة فيه غير الايذاء مع أنه تنور العالم به وفيه الفوائد ما لا يحصى، (من رمد) لأجل ألم حصل لها، يقال: رمد الرجل بالكسر يرمد رمداً، هاجت عيناه[1] ولله در من قال:

عجب نبود گر از قرآن نصيبى نيست جز نقشى

كه از خورشيد جز گرمى نه بيند چشم نابينا[2]

(وينكر الفم طعم الماء) لذته وبعده تفهاً مراً مع أنه عذب بارد ولذيذ حسن (من سقم) لأجل مرض حصل له.

ثم لما ذكر نبذاً من أحواله قوى محرك الاقبال عليه والتوجه اليه حتى كأنه شاهد، فخاطب بقوله:

١٠٥

يَا خَيْرَ مَنْ يَمَّمَ الْعَافُوْنَ سَاحَتَهُ

سَعْياً وَفَوْقَ مُتُوْنِ الْأَيْنُقِ الرُّسُمِ

(يا خير من يمم) قصد (العافون) الطالبون للمعروف، من "عفوته" أتيته لطلب المعروف واعتفيته مثله.

(ساحته) حريم داره الواسع صلى الله عليه وسلم، يعني يا أيها الافضل

---

[1] في الاصل "عينيه" والصواب ما اثبت.

[2] بيت فارسى ومعناه: ليس من العجب اذا لم يتبق من القرآن الا رسمه كما لا تستفيد عين الاعمى من الشمس غير حرارتها.

سورج کی حرارت ہے۔ جس سے انسان گرمی اور اذیت محسوس کرتا ہے۔ اس کے باوجود کہ سورج سے جہاں منور و روشن ہوتا ہے اور اس کے بے شمار فوائد ہیں من رمد۔ درد کی وجہ سے حاصل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ رمد الرجل بالکسر یرمد رمدا۔ آنکھیں دھنس گئیں ۔

یہ عجب نہیں ہے کہ کوئی شخص قرآن پاک سے فائدہ نہ اٹھائے اور اس کو صرف نقش ہی نظر آئیں۔ اس لیے کہ نابینا بھی سورج سے سوائے گرمی اور کیا پاتا ہے۔

وینکر الفم طعم الماء۔ اس کی لذت لذیذ۔ ٹھنڈا اور میٹھا پانی بھی اس کو کڑوا لگتا ہے۔ من سقم۔ وہ بیماری اس کو لاحق ہے۔

پھر جب اس کے احوال کا ایک حصہ ذکر کیا۔ پھر اس کی توجہ کی حرکت مضبوط ہوگئی۔ یہاں تک کہ گویا اس نے مشاہدہ بھی کیا۔ اپنے اس قول کے ساتھ مخاطب ہوتے۔

۱۰۵

اے بہترین ان لوگوں کے جن کے آستانے کا سائل ارادہ کرتے ہیں
دوڑتے ہوئے اور تیز رفتار اونٹنیوں کی پشتوں پر سوار ہو کر

یاخیر من یمم۔ ارادہ کیا۔ العافون۔ نیکی کے متلاشی۔ یہ لفظ عفوتہ سے نکلا ہے۔ یعنی تم معروف کو طلب کرنے کے لیے آتے۔ اور تو نے اس کے مثل معاف کیا۔

ساحتہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر (حرم) مبارک کا وسیع ہونا۔ اے

الذی قصد الطالبون للاحسان حریمه لیأخذوا منك أنواع العلوم والحکم واصناف الخیرات والنعم وفنون ما یحصل به خیر الدنیا والعقبی وطریق الوصول إلی الله تعالی والزلفی، (سعیا) حال کونهم ساعین مسرعین بالأقدام (و) کائنین (فوق متون) ظهور (الاینق) جمع ناقة، أصله انوق استثقل الضمة علی الواو فقدموها فقالوا[١] اونق، ثم عوضوا من الواو یاءً، فقالوا الاینق۔

(الرسم) کعنق جمع رسوم کرسول، یقال: ناقة رسوم: تؤثر فی الارض من شدة الوطی یعنی الراکبین النوق اللاتی تؤثر[٢] فی الارض من شدة العدو، والمراد منه التعمیم علی معنی أن کل ما تیسر له کیف ما کان توجه إلیه[٣]، ویحتمل أن یکون المراد الاولیاء والانبیاء والأبرار والمقربین أو الصلحاء والصدیقین أو الجن والانس أو[٤] من علی الارض أو من فی السماء۔

١٠٦

وَمَنْ هُوَ الآيَةُ الْكُبْرَى لِمُعْتَبِرٍ

وَمَنْ هُوَ النِّعْمَةُ الْعُظْمَى لِمُغْتَنِمِ

(و) یا (من هو الآیة) العلامة (الکبری) أو الدلیل علی الدین الحق والصراط المسقیم والارشاد[٥] الیه وما یحصل به سعادة الدارین، (لمعتبر) لمن یعتبر

---

[١] فی الاصل، فقال، والتصویب من ب [٢] فی الاصل "تؤثرون" والصواب ما اثبت۔

[٣] سقطت فی الاصل والتکملة من ب۔

[٤] کذا فی الاصل وفی ب: و۔

[٥] وفی ب: الاشارة۔

وہ افضل جگہ جس کی طلب اور ارادہ طالب لوگ احسان کے حصول کے لیے کرتے ہیں. تاکہ اس سے قسم قسم کے علوم، حکمتیں، بھلائیاں، نعمتیں، فنون اور دنیا وعقبیٰ کی سعادت وخیر اللہ جل شانہ، تک وصول حاصل ہو۔سعیاً۔کوشش۔اس حال میں کہ وہ اس کے حصول کے لیے سر توڑ کوشش کر رہے ہیں۔ ڈ۔ثابت ہیں۔ فوق متون۔پیٹھوں۔الاینق۔ناقہ کی جمع اونٹنی۔اس کی اصل انوق ہے۔واو پر ضمہ ثقیل تھا۔اس کو مقدم کیا۔پھر کہا۔اونق۔واو کا عوض یا، کو لایا۔پھر کہا۔الاینق۔

الرسم۔عنق کی طرح رسوم کی جمع ہے۔جیسا کہ رسول کہا جاتا ہے۔ناقۃ رسوم تیز چلنے کی وجہ سے زمین میں نشانِ قدم بن جاتے ہیں۔اس سے مراد تعمیم (عام ہونا) ہے۔یعنی اونٹوں پر سوار لوگ جب زمین پر دشمن کی شدت کی وجہ سے نشانِ قدم بنا کے چلے جاتے ہیں۔اس سے مراد تعمیم (عام ہونا) ہے۔یعنی ہر وہ چیز جو آسان ہو۔خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو۔اس کی طرف توجہ کی جاتی ہے۔اور اس کا یہ بھی احتمال ہے۔کہ اس سے مراد اولیا، علیہم الرحمۃ انبیاء علیہم السلام ابرار مقربین صلحاء اور صدیقین مراد ہوں خواہ ان کا تعلق انسانوں سے ہو یا جنات سے۔وہ زمین پر ہوں یا آسمان پر۔

۱۰۶

اے وہ ذاتِ مقدس جسکا وجودِ مسعود عبرت حاصل کرنے والے کیلئے بہت بڑی نشانی ہے اور اے وہ ذاتِ مقدس جو غنیمت جاننے والے کیلئے نعمت عظمیٰ ہے

د۔اے۔من ھو الایۃ۔علامت۔الکبریٰ۔رشد وہدایت صراط مستقیم اور دین حق پر دلیل۔اور جس کے ذریعے دونوں جہانوں کی سعادت حاصل ہوتی

وينظر ويتدبر إذ هو المنتفع[١] به، (و) يا۔

(من هو النعمة العظمى لمغتنم) لمن يعده غنيمة ويجعل[٢] هواه تابعاً لرضاه أو يكون عنده أحب مما سواه من الاباء والأبناء والازواج والعشائر والاموال والتجارات والمساكن بخلاف من شغله حب هذه الاشياء فانه لم يحظ بهذه النعمة وحرم واستبدل الذى هو أدنى بالذى هو خير[٣]۔

١٠٧

سَرَيْتَ مِنْ حَرَمٍ لَيْلاً إِلٰى حَرَمٍ
كَمَا سَرَى الْبَدْرُ فِىْ دَاجٍ مِنَ الظُّلَمِ

(سريت) سرى وأسريت بمعنى اذا سريت ليلاً اى سريت يا نبى الله (من حرم) مكة، لما روى أنه كان نائماً فى بيت أم هانى بعد صلاة العشاء فاسرى به ورجع من ليلة، وقص القصه عليها، وقال: مثل لى النبيون، فصليت بهم، ثم خرج الى المسجد وأخبر به قريشاً، فتعجبوا منه استحالة، وارتد ناس ممن آمن به، وسعى رجال إلى أبى بكر صديق رضى الله عنه فقال: ان كان قال ذلك لقد صدق، قالوا: أتصدقه على ذلك؟ قال: إنى لأصدقه على أبعد من ذلك، فسمى

---

[١] فى الاصل: المشفع، والتصويب من ب۔

[٢] وفى ب: يحصل۔

[٣] كلمات قرآنية فى سورة البقرة: الاية ٦١۔

ہے۔ لمعتبر۔ اس شخص کے لیے جو عبرت پکڑے۔ دیکھے اور غور کرے۔ جب وہ اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ و۔ اے۔

من ھو النعمۃ العظمیٰ لمغتنم۔ جو اس کو غنیمت شمار کرے اور جس کی خواہشات اللہ تعالیٰ کی رضا کے تابع ہوں۔ اور اس کے نزدیک باپ دادا، بیٹوں، بیویوں، رشتہ داروں، مالوں، تجارتوں، رہائش گاہوں سے زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہو۔ بخلاف اس شخص کے جو ان چیزوں سے محبت کرتا ہے۔ وہ اس نعمت عظمیٰ سے حصہ نہیں پا سکتا۔ محروم رہ جاتا ہے۔ ادنی (دنیا) کو اعلیٰ (دین) سے تبدیل کر دیتا ہے۔

۱۰۷

آپ نے رات کے تھوڑے سے حصے میں ایک حرم سے دوسرے حرم کی طرف
سیر فرمائی جیسے چودھویں کا چاند سخت اندھیروں والی رات میں سفر کرتا ہے

سری اور اسریت دونوں اس معنی میں ہیں۔ کہ یا نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ تشریف لے گئے۔ من حرم۔ مکہ مکرمہ سے۔ جیسا کہ روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ام ہانی کے گھر نماز عشا کے بعد آرام فرماتے تھے۔ تو آپ کو لے جایا گیا۔ اور رات کے وقت واپس تشریف لاتے اور یہی قصہ بیان کیا۔ اور فرمایا۔ انبیاء کرام علیہم السلام میرے لیے حاضر کیے گئے۔ میں نے ان علیہم السلام کو نماز پڑھائی۔ پھر مسجد کی طرف نکلے۔ اور قریش کو اس کی خبر دی اور انہوں نے اس بات کو ناممکن اور محال جان کر تعجب کا اظہار کیا۔ اور کچھ لوگوں نے ایمان کے باوجود اس واقع کا انکار کیا۔ لوگ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، کے پاس آ گئے۔ اور کہا کہ اگر

الصديق، وقيل من المسجد الحرام[1] لما روى أنه عليه الصلوٰة والسلام قال، بينما أنا فى المسجد الحرام فى الحجر عند البيت بين النائم واليقظان اذ أتانى جبرائيل عليه السلام بالبراق[2].

(ليلاً) ظرف "سريت" قال: العلامة التفتازانى فى المطول: "ذكر الليل مع أن الاسراء لا يكون إلا بالليل للدلالة على تقليل المدة وأنه اسرى فى بعض الليل[3]، قال السيد السند رحمة الله تعالى عليه: "الدلالة على البعضية مذكورة فى الكشاف[4] واعتراض عليه بأن البعضية المستفادة من التنكير هى البعضية فى الأفراد لا البعضية فى الأجزاء، فكيف يستفاد من قوله "ليلاً" أن الاسراء كان فى بعض من أجزاء ليلة واحدة، فالصواب أن[5] تنكيره لدفع توهم كون الاسراء فى ليال أو لافادة تعظيمه[6].

(الى حرم) منزل محترم مبارك وهو المسجد الأقصى الذى فى بيت المقدس الذى ورد فيه: أول الارض التى بارك الله تعالى فيها، ارض بيت المقدس، المحشر والمنشر فى البيت المقدس، وينصب الصراط على جهنم إلى

---

[1] انظر: السيرة الحلبيه ١/٣٦٦ فى ذكر المعراج والمستدرك للحاكم ٣/٦٢ فى كتاب معرفة الصحابة.

[2] راجع: الجامع الصحيح ١/٩٠ فى كتاب الايمان، باب الاسراء برسول الله صلى الله عليه وسلم.

[3] راجع: المطول: ٢٢٨

[4] انظر: فى الكشاف ٢/٤٣٦، سورة بنى اسرائيل، الاية: ا فى تفسير: سبحان الذى اسرى بعبده ليلاً قال الزمخشرى: أراد بقوله ليلاً بلفظ التنكير تقليل مدة الاسراء وانه أسرى به بعض الليل.

[5] لم ترد فى ب [6] وردت فى ب العظمة.

حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایسی بات کہے۔ تو کیا آپ اس کی تصدیق کریں گے۔ آپ نے فرمایا۔ میں تو اس سے بھی اگر عجیب ترین بات ہو۔ میں سچ ماننے کے لیے تیار ہوں (اس لیے کہ میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم سچ ہی فرماتے ہیں) اس وجہ سے آپ کا نام نامی صدیق پڑ گیا۔ اور کہا گیا مسجد حرام سے۔ جیسا کہ روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ کہ میں مسجد حرام میں بیت اللہ شریف کے قریب نیند اور جاگ کے درمیان تھا کہ میرے پاس اچانک حضرت جبرائیل علیہ السلام براق پر سوار آتے۔

لیلا۔ سریت کا ظرف ہے۔ علامہ تفتازانی نے مطول میں کہا ہے۔ رات کو اس لیے ذکر کیا۔ کہ اسرار کا تصور رات میں ہوتا ہے۔ اور رات میں سیر کرنے اور چلنے کو اسراء کہتے ہیں۔ اور بے شک آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے مختصر حصے میں سیر فرمائی۔ سید المسند رحمۃ اللہ نے فرمایا۔ لیلاً سے مراد بعض رات کا ہونا تفسیر کشاف میں بھی مذکور ہے اور اس بعضیت پر اعتراض کیا گیا۔ کہ نکرہ سے جہاں بعض لینا مراد ہو۔ وہ بعضیت افراد کی ہوتی ہے؟ کہ اجزاء کی پھر لیلاً سے کیسے مراد لیا جا سکتا ہے کہ اس رات کا ایک مختصر سا حصہ مراد ہے۔ درست بات یہ ہے کہ یہاں لیلاً کا نکرہ ہونا اس وہم کے دفع کرنے کے لیے ہے کہ اسراء (سیر) راتوں میں نہیں ہوتی۔ بلکہ ایک رات میں۔ اور یا اس سے تعظیم اور برتری کا فائدہ مراد ہو۔

الی حزم محترم اور مبارک منزل ہے۔ اور وہ مسجد اقصیٰ جس کو بیت المقدس کہتے ہیں۔ جس کے بارے آیا۔ وہ پہلی زمین جس میں اللہ تعالیٰ نے برکت نازل فرمائی۔ وہ بیت المقدس کی زمین ہے۔ حشر و نشر کا انعقاد بھی بیت المقدس

الجنة بأرض بيت المقدس ويوضع الميزان يوم القيامة ببيت المقدس[١]۔

إن قيل: أن مكة أشرف من بيت المقدس، فما الحكمة فى إسرائه من الأشرف إلى الأدون، أجيب:

أن البيت المقدس ارض المحشر والمحاسبة فحمل اليها ليضع قدميه عليها فيسهل الحساب على أمته ببركة قدميه، وقيل: ان البقاع الفاضلة مكة ومدينة وبيت المقدس، فنال بركة البقعتين، فأراد أن ينال بركات البقاع كلها، سرى (كما سرى) مثل سرى۔

(البدر) القمر، سمى بدراً ليلة اربعة عشر لمبادرته الشمس بالطلوع كأنه يعجلها[٢] المغيب، وقيل: لمبادرو سرعته فى السير تلك الليلة، من بدرت الى الشئ أبدر بدوراً" أسرعت فى سرعة السير وقطع المسافة البعيدة فى المدة القليلة۔

وفيه[٣] أنه كما يحصل للبدر فى تلك الليلة كمال فى النور كذلك له صلى الله عليه وسلم حصل تلك الليلة حكم عجيبة وعلوم غربية كما دل

---

[١] انظر: السيرة النبوية لابن زنى وحلان ١/٩٥

[٢] وردت فى ب: يعلجها للغيب۔

[٣] فى الاصل "فى" والتصويب من "ب"

میں ہوگا۔ اور پلصراط بھی جہنم پر جنت تک بیت المقدس کی زمین میں ہوگا۔ اور قیامت کے دن میزان بھی بیت المقدس میں قائم ہوگا۔

اگر کہا جائے۔ کہ مکہ مکرمہ بیت المقدس سے اشرف و افضل ہے۔ پھر اس میں کیا حکمت ہے۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اشرف سے ادون (ادنیٰ) کی طرف تشریف لے گئے۔

میں اس کا جواب دیتا ہوں۔ کہ بیت المقدس محشر اور محاسبے کی زمین ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس لیے تشریف لے گئے۔ تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدمین مبارک کی برکت سے آپ کی امت پر قیامت کے دن حساب دینا آسان ہو جائے۔ اور کہا گیا۔ کہ زمین کے افضل ٹکڑے مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور بیت المقدس ہیں۔ دو ٹکڑوں کی برکتیں مل گئیں۔ پھر ارادہ کیا۔ کہ تمام مقدس زمینوں کی برکتیں آپس مل جائیں۔ کما سری۔ سری کی طرح۔

البدر۔ چاند۔ چودھویں رات کی چاند کو بدر اس لیے کہتے ہیں۔ کہ سورج سے طلوع ہونے میں پہل کرتا ہے۔ گویا کہ چاند مخفی طور پر سورج سے طلوع ہونے میں جلدی کرتا ہے۔ اور بعض نے کہا۔ اس کو بدر اس لیے کہتے ہیں۔ مبادرت اور تیزی سے اس رات چاند کی رفتار ہوتی ہے۔ "بدرت الی الشئی ابدر بدروا؟" سیر اور چلنے میں تیز رفتاری دکھائی۔ اور زیادہ مسافت مختصر سے وقت میں طے کیا۔

جس طرح کہ چودھویں رات کے چاند کو اس رات کمال کا نور حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اس رات عجیب حکمتیں

عليه قوله صلى الله عليه وسلم : علمني ربي ليلة الاسراء علوماً شتى فعلم أخذ على كتمانه، وعلم خير في فيه، وعلم أمرني أن ابلغه[1] ومقامات رفيعة لا يصل إليها أحد من الخلق، وعجائب قدرة الله تعالى كذهابه[2] في برهة من الليل مسيرة شهر، ورؤية البراق وإحياء وانبياء ملكوت السموات.

(في ليل (داج) ساتر (من الظلم) لأحل الظلمات.

واعلم أن الاسراء من المسجد الحرام إلى البيت المقدس قطعى ثبت بالكتاب ومن الارض إلى السماء مشهور ومن السماء الى الجنة أو العرش أو غير ذلك آحاد.

١٠٨

وَبِتَّ تَرْقَى إِلَى أَنْ نِلْتَ مَنْزِلَةً
مِنْ قَابِ قَوْسَيْنِ لَمْ تُدْرَكْ وَلَمْ تُرَمِ

(وبت) عطف على[3] "سريت" وهو من الأفعال الناقصة موضوع[4] لاقتران مضمون الجملة بوقت يدل عليه وهو الليل.

---

[1] راجع السيرة الحلبية ١/٤٠٣ في ذكر المعراج.

[2] في الاصل لذهابه، والتصويب من ب.

[3] سقطت من الاصل والتكملة من ب.

[4] كذا في الاصل وفي ب : موضع.

اور غریبہ علوم حاصل ہوتے۔ اس مفہوم پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث مبارکہ دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ' نے لیلۃ اسراء (معراج کی رات) مجھے مختلف علوم سکھائے۔ بعض علوم کے چھپانے کا حکم فرمایا۔ بعض کے ظاہر کرنے اور پوشیدہ رکھنے میں مجھے اختیار دیا گیا۔ اور بعض علوم کو دوسروں تک پہنچانے کا حکم دیا۔ اور اللہ تعالٰے نے وہ بلند مقامات مجھے عطا فرمائے۔ کہ جن تک مخلوق میں کوئی بھی نہیں پہنچ سکتا۔ اور یہ بھی قدرت الٰہی کے عجائب میں سے ہے۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کے مختصر سے حصے میں مہینہ بھر کی مسافت کی مقدار لے جائے گئے۔ اسی طرح براق کا دیکھنا۔ انبیاء کرام علیہم السلام کی زندگی اور آسمانوں کی بادشاہی۔

فی۔ رات۔ داج۔ چھپانے والی۔ من الظلم۔ اندھیروں کی وجہ سے۔

جان لینا چاہیے۔ کہ مسجد حرام سے بیت المقدس تک اسرار دلیل قطعی سے ثابت ہے۔ زمین سے آسمان تک جانا حدیث مشہور سے ثابت ہے۔ اور اس کے علاوہ دوسری تفاصیل آحاد (خبر واحد) سے ثابت ہیں۔

۱۰۸

اور آپ رات میں ترقی فرماتے رہے یہاں تک کہ آپ نے
قاب قوسین کی وہ منزل پالی جو کسی نے نہ پائی اور نہ اسکی تمنا کی جاسکتی ہے

وبت۔ یہ "سریت" پر عطف ہے۔ اور یہ افعال ناقصہ سے ہے۔ اسس لیے وضع کیا گیا ہے۔ کہ مضمون جملہ کو ملائے۔ اس وقت جب اس پر دلالت کرے۔ اور وہ رات ہے۔

(ترقى) تصعد من "رقيت فى السلم بالكسر رقيا ورقيا"، اذا صعدت و ارتقيت مثله (إلى أن نلت) وجدت (منزلة) مرتبة عظيمة ناشئة (من قاب) قدر (قوسين) كناية عن كمال القرب أى وجدت منزلة عظيمة ناشئة من كمالات القرب منه تعالى۔

(لم تدرك) أى لم تكن تلك المنزلة مدركة[1] لأحد من الخلق بمعنى لم يبلغها أحد ولم يعلمها۔

(ولم ترم) ولم تكن تلك المنزلة مطلوبة لأحد يعنى لم يتمنها أحد من الانبياء والرسل والمقربين لعلمه بأنها مختصه به صلى الله عليه وسلم أو لعدم علمه بها۔

١٠٩

وَقَدَّمَتْكَ جَمِيْعُ الأَنْبِيَاءِ بِهَا
وَالرُّسُلُ تَقْدِيْمَ مَخْدُوْمٍ عَلَى خَدَمٍ

(وقدمتك) جعلتك مقدما إماما (جميع الانبياء بها) اى فى تلك البقعة المباركة المقدسة وهو بيت المقدس، روى أنه صلى الله عليه وسلم لما دخل مسجد بيت المقدس أحى الله تعالى جميع الأنبياء فجعلوه إماما فصلى صلى الله عليه وسلم بهم[2]

---

[1] وفى ب: مدركا۔

[2] راجع: السيرة الحلبيه ١/٣٧٤ فى ذكر المعراج۔

ترتقی۔ چڑھتا ہے۔ یہ رقیت فی السلم زیر کے ساتھ۔ رَقیا و رُقیا سے بنا ہے جب آپ اوپر کو چڑھے۔ اِلیٰ ان نلت۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پایا۔ منزلۃ۔ عظیم مرتبہ۔ من قاب۔ اندازہ۔ قوسین۔ حد درجہ قرب سے کنایہ ہے۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے کمالات قرب سے مرتبہ عظیم پایا۔

لم تدرک۔ یہ مقام پانا اور حاصل کرنا محال اور ناممکن ہے۔ کسی بھی شخص کے لیے ناممکن ہے یعنی آج تک نہ اس مرتبے تک کوئی پہنچا۔ اور نہ کسی کو یہ مرتبہ معلوم ہوا۔

ولم ترم۔ نہ تو یہ عظیم مرتبہ انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کسی کو مطلوب تھا۔ یعنی کسی نے اس مرتبے کو پانے کی تمنا تک بھی نہیں کی۔ اس لیے کہ رسل عظام اور انبیاء کرام علیہم السلام اور مقربین کو معلوم تھا۔ کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے۔ یا یہ مرتبہ و مقام ان کو معلوم ہی نہ تھا۔

۱۰۹

اور مسجد اقصیٰ میں تمام انبیاء و رُسل نے ذنماز کیلئے آپ کو یوں آگے کر
دیا جیسے مخدوم کو خادموں پر آگے کیا جاتا ہے۔

وقدمتک۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو امام بنایا۔ جمیع الانبیاء بہا۔ زمین کے اس مقدس اور متبرک گوشے میں جس کو بیت المقدس کہتے ہیں۔ روایت ہے کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد بیت المقدس میں داخل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو زندہ فرمایا۔ انہوں نے آپ کو اپنا امام بنایا۔ تمام رسول علیہم السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز

(والرسل) عطف على الانبياء، تقديماً مثل (تقديم مخدوم على خدم) كخدم جمع خادم يعنى أن تقديمهم له صلى الله عليه وسلم كان لما أنهم علموا أنه صلى الله عليه وسلم أفضلهم وأكرمهم عند الله تعالى وأنه متبوعهم وهو تابعوه۔

١١٠

وَأَنْتَ تَخْتَرِقُ السَّبْعَ الطِّبَاقَ بِهِمْ
فِي مَوْكِبٍ كُنْتَ فِيْهِ صَاحِبَ الْعَلَمِ

(وانت) لاغيرك على ما تفيده تقديم المسند إليه على الخبر الفعلى، وما قبل من أن قوله أنت من تقديم ما حقه التاخير لإفادة التخصيص وأنه من باب سريطة التفسير، ففيه ما فيه، (تخترق) تقطع السموات۔

(السبع الطباق) بعضها فوق بعض (بهم) منهم اى أنت قطعت السموات من بين الانبياء لاغيرك، اذكل منهم ما[له] جاوز مقامه على ما جاء فى حديث المعراج، حال كونك كائناً (فى موكب) جمع عظيم من الملائكة والموكب بكسر الكاف جماعة الفرسان (كنت فيه) ذلك الموكب (صاحب العلم) اى صاحب الحكم والامر والعز

[له] ومكتوب هنا بين السطرين "ما نافية"

پڑھی۔ والرسل۔ انبیاء پر عطف ہے۔ آگے ہونا۔ جیساکہ تقدیم مخدوم علی خدام۔ کرم کے وزن پر اس کی جمع خادم ہے۔ اور دیگر حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مقدم ہونا اس لیے بھی ہے۔ تاکہ وہ جان لیں۔ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے اللہ تعالیٰ کے حضور افضل اور اکرم ہے۔ انبیاء کرام علیہم السلام تابع اور آقائے دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم متبوع و راہنما ہیں۔

۱۱۰

اور آپ انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ سات آسمان طے فرماتے گئے ایسے سواروں کے لشکر میں جس میں آپ جھنڈے والے (سردار) تھے

وانت۔ آپ ہی۔ مسند الیہ کا خبر فعلی پر تقدیم کا فائدہ دیتا ہے۔ اور بعض لوگوں نے کہا۔ یہاں انت سے تقدیم کی وجہ تخصیص کا فائدہ حاصل ہوا۔ حالانکہ اس کا مقام مؤخر تھا۔ اور شریعۃ التفسیر کے باب سے ہے۔ جو اس کی تفصیل ہے وہی اس کی تفصیل ہے۔ تخترق۔ یعنی آسمانوں کو طے کیا۔ السبع الطباق۔ بعض بعض کے اوپر ہیں۔ بھم۔ ان میں سے یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمانوں کو اس حال میں طے کیا کہ انبیاء کرام علیہم السلام ہیں سے کوئی بھی آپ کے ساتھ نہیں تھا۔ یعنی دیگر انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کوئی بھی اپنے مقام سے آگے نہیں بڑھا۔ جس طرح کہ حدیث معراج میں ذکر آیا۔ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملائکہ کا انبوہ عظیم تھا۔ موکب۔ ک کے زیر کے ساتھ ہے۔ اس سے مراد گھڑ سواروں کی جماعت ہے۔ کنت فیہ۔ وہ جماعت

والشرف لأنه[1] فى بدء علم.

١١١

حَتّى إِذا لَمْ تَدَعْ شَأْواً لِمُسْتَبِقٍ
مِنَ الدُّنُوِّ وَلَا مَرْقىً لِمُسْتَنِمِ

(حتى) غاية لتخترق[2] (إذا لم تدع) تترك[3] (شأواً) سبقا من شأوت القوم شأواً إذا سبقتهم (المستبق من الدنو) اى لم تترك سبقا لطالب[4] السبقة فى القرب منه تعالى بل وصلت إلى مالم[5] يصل إليه أحد من الانبياء والمرسلين والملائكة المقربين (ولا مرقى) معرجاً (لمستنم) طالب للرفعة فى القرب منه تعالى.

١١٢

خَفَضْتَ كُلَّ مَقامٍ بِالإِضافَةِ إِذْ
نُودِيتَ بِالرَّفْعِ مِثْلَ المُفْرَدِ العَلَمِ

(خفضت) وضعت، جواب إذ (كل مقام) من المقامات العاليه للانبياء المرسلين والملائكة المقربين (بالاضافة) بالنسبة الى مقامك الذى أعطيت (اذ نوديت بالرفع) اى بكونك مرفوعاً معظماً، دفعاً (مثل) رفع (المفرد) المنفرد بالفضائل والكمالات.

[1] فى الاصل، لانه، والصواب ما اثبت. [2] فى الاصل "لتخرق" محرفا.
[3] لم ترد فى ب
[4] فى الاصل، لغالب، والتصويب من ب.
[5] كذا فى الاصل وفى ب: لا.

صاحب العلم۔ حکم امر عزت اور شرافت کے مالک۔ نہ یہ کہ آپ کے ہاتھ میں جھنڈا تھا۔

۱۱۱

یہاں تک کہ آپ نے کسی آگے بڑھنے والے کیلئے کوئی قرب کا درجہ نہ چھوڑا
اور نہ کسی اوپر چڑھنے والے کیلئے کوئی چڑھنے کی جگہ چھوڑی۔

حتیٰ۔ یہاں تک کہ۔ اذا لم تدع۔ نہیں چھوڑا۔ شاواً۔ آگے ہونا۔ جیسے " ساوت القوم شاواً" جب میں نے ان کو عبور کیا۔ لمستبق من الدّنو۔ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبقت اور قرب نے تمام منازل طے فرماتے۔ اب کسی طالب سبقت کے لیے کوئی گنجائش نہیں۔ بلکہ جہاں تک انبیاء و مرسلین علیہم السلام اور ملائکہ مقربین پہنچ سکتے تھے آپ ان تمام حدوں کو عبور کر گئے۔ ولا مرقی۔ معرج (بلندی اور عروج کی جگہ، لمستنم۔ اللہ تعالیٰ کے قرب کے طالب کے لیے۔

۱۱۲

آپ نے ہر مرتبہ کو اپنے مرتبہ کی نسبت نیچے چھوڑ دیا جب
آپ عَلَم مفرد کی طرح بلند مرتبہ کے ساتھ پکارے گئے

حفضت۔ آپ نے رکھا۔ یہ جواب ہے۔ جب۔ کل مقام۔ انبیاء کرام اور رسل عظام علیہم السلام اور مقرب فرشتوں کے بلند و بالا مقامات۔ بالاضافہ اس مقام کے ساتھ نسبت جو آپ کو عطا کیا گیا۔ اذ نو ویت بالرفع یعنی آپ بلند و رفیع اور صاحب منزلت ہیں۔ مثل بلندی۔ المفرد۔ فضائل و کمالات میں منفرد۔

(العلم) المشهور بها فى العالم فكما هو رفيع المنزلة بالنسبة الى من سواه كذلك أنت يا رسول الله رفيع القدر والمنزلة بالنسبة إلى جميع الاخلائق ولا يخفى ما فى هذا البيت من حسن الجمع بين الخفض والاضافة والنداء والرفع والمفرد والعلم .

١١٣

كَيْمَا تَفُوْزَ بِوَصْلٍ أَيِّ مُسْتَتِرٍ
عَنِ الْعُيُوْنِ وَسِرٍّ اَيِّ مُكْتَتَمِ

(كيما تفوز) تظفر، علة للرفع (بوصل) بالله تعالى (اى مستتر) كامل فى الاستتار بحيث لا يطلع عليه أحد (عن العيون) الأبصار (و) تفوز ب (سر اى مكتتم) كامل فى الاكتتام والاستتار، إذا ظفرت بما ذكر .

١١٤

فَحُزْتَ كُلَّ فِخَارٍ غَيْرَ مُشْتَرَكٍ
وَجُزْتَ كُلَّ مَقَامٍ غَيْرَ مُزْدَحَمِ

(ف) قد (حزت) بالحاء المهملة والزاء المعجمة اى جمعت (كل فخار) كرجال، كل ما يفتخر به (غير مشترك) فيه اى جمعت كل ما يفتخر به[٢] بحيث لا شركة فيه لغيرك بل لا يطلع عليه غيرك (وجزت) بالجيم والزاء

[١] كذا فى الاصل وفى ب : من .

[٢] لم ترد فى ب .

العلم۔ جس کی وجہ سے سارے جہان میں مشہور ہیں۔ پس جس طرح وہ بلند منزلت کے مالک ہیں۔ جب آپ کی نسبت اپنے سے سوا کسی طرف کی جاتی ہے۔یعنی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ دوسروں کی نسبت قدر بلند شان و منزلت والے ہیں۔ اور اس شعر میں جس خوبی کے ساتھ حفض اضافہ ندا، رفعت مفرد اور نداء کو جمع کیا گیا۔ مخفی نہیں ہے۔

۱۱۳

تاکہ آپ بہرہ ور ہوں ایسے وصال سے جو بہت پوشیدہ ہے
آنکھوں سے اور ایسے راز سے جو نہایت چھپا ہوا ہے

کیما تفوز تو کیسے کامیاب ہوگا۔ رفع کیلئے علت ہے۔ بوصل اللہ تعالیٰ کے ساتھ۔ ای مستتر چھپنے میں کامل یعنی کوئی اس پر اطلاع نہ پاسکے۔ عن العیون۔ آنکھوں سے کامیاب ہوتا ہے۔ سِرّ ای مکتتم یعنی اکتتام اور استتار (چھپنے) میں کامل ہے۔

۱۱۴

پس آپ نے کسی دوسرے کی شرکت کے بغیر ہر لائق فخر چیز حاصل فرمائی
اور آپ کسی دوسرے کے اجتماع کے بغیر ہر مقام سے گذر گئے

ف۔ پس۔ حزت۔ حاء مہملہ اور زاء معجمہ سے ہے یعنی جمع کیا۔ کل فخار رجال کے وزن پر۔ جس چیز پر انسان فخر کر سکے۔ غیر مشترک یعنی وہ تمام صفات جمع کی گئیں جس پر فخر کیا جا سکے۔ جن صفات میں دوسرا کوئی شریک نہیں۔ اور ان صفات سے کوئی بھی شخص باخبر نہیں۔ وجزت جیم اور زاء معجمہ

المعجمة، عبرت (كل مقام غير مزدحم) فيه أى وصلت إلى مقامات عالية خالية عن مزاحمة الغير۔

١١٥

وَجَلَّ مِقْدَارُ مَا وُلِّيْتَ مِنْ رُتَبٍ
وَعَزَّ اِدْرَاكُ مَا اُوْلِيْتَ مِنْ نِعَمٍ

(وجل) عظم (مقدار) قدر (ما وليت) جعلت واليا عليه[1] (من رتب) جمع رتبة كتهم جمع تهمة (وعز) قل بحيث لا يكاد يوجد أو شق على الخلائق (ادراك) بلوغ (ما أوليت) أعطيت من ادراك التمر أى بلغ أو فهم ما أعطيت۔

(من نعم) جمع نعمة يعنى عظم قدر الذى جعلت واليا عليه من المراتب العالية والدرجات المتتالية ويشق[2] على الانبياء والمرسلين والملائكة المقربين الوصول إلى الذى أعطيت من النعم الجسام والالاء العظام۔

١١٦

بُشْرىٰ لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا
مِنَ الْعِنَايَةِ رُكْنًا غَيْرَ مُنْهَدِمِ

(بشرى) خبر يسر فتخصيص المبتدا بالصفة كائنة (لنا معشر) جماعة (الاسلام) نصب على المدح أو على الاختصاص اى مخصوصا بهذه البشرى جماعة

---

[1] لم ترد فى ب۔

[2] كذا فى الاصل وفى ب: شق۔

کے ساتھ عبور کیا۔ کل مقام غیر مزدحم یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان مقامات رفیعہ پر کسی مزاحمت کے بغیر فائز اور براجمان ہو گئے۔

۱۱۵

جن رتبوں کے آپ مالک بنائے گئے ان کی مقدار بہت عظمت والی
ہے اور جو نعمتیں آپ کو عطا کی گئیں ان کا سمجھنا مشکل ہے

وجل۔ عظیم ہوا۔ مقدار۔ اندازہ۔ ماولیت۔ اس کے اوپر والی بنایا۔ من رتب۔ رتبہ کی جمع ہے تھو کی طرح جو کہ تھمہ کی جمع ہے۔ وعز۔ یعنی کہیے کہ اس کا حصول مرتب نہیں۔ اور مخلوق کے لیے اس کا پانا مشکل ہے۔ ادراک۔ بلوغ (پہنچنا) کا۔ اولیت۔ نتیجہ کے پانے سے اس کو دیدیا۔ جو بلاغت اور فہم و فراست آپ کو عطا کی گئی تھی۔

من نعم۔ نعمت کی جمع ہے۔ یعنی جن مراتب عالیہ اور درجات تنتالیہ پر آپ پر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو والی اور مالک بنایا ہے۔ ان درجات کا حصول انبیاء کرام رسل عظام علیہم السلام اور ملائکہ مقربین کا پہنچنا محال اور ناممکن ہے۔ جن عظیم نعمتوں اور نشانیوں سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نوازا گیا ہے۔

۱۱۶

اے گروہِ اسلام ہمارے لیے بڑی خوشخبری ہے کہ ہمارے لیے
اللہ تعالیٰ کی مہربانی کا ایسا ستون ہے جو کبھی گرنے والا نہیں

بشریٰ۔ خوش کن خبر ہے۔ بتدا کو صفت کے خاص کرنا ثابت ہے۔ لنا معشر۔ جماعت۔ الاسلام۔ مدح یا اختصاص پر منصوب ہے۔ یعنی تمام لوگوں

الاسلام من بين الخلائق، ثم بينها بقوله (إن لنا من العناية) من عناية الله تعالى وانعامه (ركناً) جانباً اقوى لايخذل من التجأ[1] اليه، ولاينصر من هو مخذول لديه، وهو الملة الحنيفة السهلة البيضاء (غير منهدم) متغير.

١١٧

لَمَّا دَعَا اللهُ دَاعِيْنَا لِطَاعَتِهِ
بِأَكْرَمِ الرُّسُلِ كُنَّا أَكْرَمَ الأُمَمِ

(لمّا) ظرف بمعنى إذ، يستعمل استعمال الشرط يليه فعل ماض لفظاً أو معنى وعامله جوابه.

(دعا الله داعينا) مفعول دعا، واسكان الياء للضرورة، وقد جاء في السعة أيضاً نحو: أعط القوس باريها[2] (لطاعته) متعلق بداعينا.

(بأكرم الرسل) متعلق دعا بدليل قوله صلى الله عليه وسلم: "انا أكرم الاولين والاخرين على الله ولا فخر"[3] ولأن كل نبي كان في الكمال والتكميل بالغاً إلى حد يبلغنا غيره، ولما كان نبينا صلى الله عليه وسلم في الكمال

---

[1] في الاصل "النجي" وهو خطا والصواب ما اثبت.

[2] والمثل في "مجمع الامثال ١/١٩" و"المستقصى ١/٢٤٧" و"جمهرة الامثال ١/٦٧" و"حسن التوسل إلى صناعة الرسل ص، ٢٠٧

[3] رواه الترمذي عن ابن عباس ٢/٢٠٢، ابواب المناقب، باب ما جاء في فضل النبي صلى الله عليه وسلم، ونقله العلامة علي قاري في شرح الشفا ١/٧٣.

ہیں مسلمان اس خوشخبری کے ساتھ ہیں۔ پھر اس کو اپنے اس قول سے بیان کیا۔
ان لنا من العنایة۔ اللہ تعالیٰ کی عنایت اور انعام سے رُکنا۔ مضبوط ترین
کنارہ التجا کو نہیں چھوڑتا۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا کرنا چھوڑ دے
اس کی مدد نہیں کرتا۔ اور یہی ملت حنفیہ اور روشن و آسان ہے۔ غیر
منہدم معتبر نہیں ہوتا۔

۱۱۷

جب اللہ تعالےٰ نے اپنی اطاعت کیطرف ہمیں بُلانے والے (محبوب) کو
اکرم الرسل کہہ کر پکارا تو ہم بھی سب امتوں سے اشرف ہوگئے

لما۔ ظرف بمعنیٰ از ہے۔ شرط کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ فعل ماضی
کے ساتھ لفظاً یا معناً ہوتا ہے۔ اور اس کا عامل جواب شرط ہوتا ہے۔

دعا اللہ داعینا۔ دعا مفعول ہے یا ضرورت کے تحت ساکن ہے اور
کے اندر بھی اسی طرح آیا۔ جیسا کہ اعط القوس باریھا لطاعتہ داعینا کے
متعلق ہے۔

باکرم الرسل۔ یہ دُعا کے متعلق ہے۔ نبی کریم صلّی علیہ وسلّم کے اس
فرمان کے ساتھ انا اکرم الاولین والآخرین علی اللہ ولا فخر۔ میں اوّلین
و آخرین (تمام مخلوقات) میں اللہ تعالیٰ کے حضور معزز و محترم ہوں اور میں فخراً
نہیں کہتا۔ اور اس لیے بھی کہ ہر نبی کمال و تکمیل میں اس حد تک پہنچا ہے۔ جس
حد تک پہنچنا کسی اور نبی کے لیے ممکن ہو۔ جبکہ ہمارے آقا حضور سید الرسل
صلّی اللہ علیہ وسلّم کمال و تکمیل میں اس مقام پر فائز ہیں۔ جہاں تک کسی اور کا پہنچنا

والتكميل بالغاً إلى حد لم يبلغه غيره ، كان أفضل الانبيا ،وسيد المرسلين صلوات الله عليه وعليهم ،كذلك : (كنا اكرم الامم) لان شرف الأمة بشرف نبيهم .

١١٨

رَاعَتْ قُلُوبَ العِدَى أَنْبَاءُ بِعْثَتِهِ
كَنَبْأَةٍ اَجْفَلَتْ غُفْلاً مِنَ الْغَنَمِ

(رَاعت) افزعت وخوفت من "رعت فلاناً وروعته فارتاع أى أفزعته ففزع (قلوب العدى) بكسر العين ،الأعداء وهو جمع لا نظير له كذا فى الصحاح[١] (انباء) اخبار، جمع نبا وهو الخبر الذى له شان ،كذا فى بعض الشروح (بعثته) كونه مبعوثاً الى الخلق يعنى أفزعت قلوب الأعداء ،المحرومين اخبار تدل على نبوته من الامور الواقعة قبل الولادة وحين الولادة أو ماثبت فى شانه صلى الله عليه وسلم فى التوراة وغيره أو المعجزات الكثيره المتتاليه أو مجرد الخبر الواصل إليهم من كل ناحية أنه[٢] نبى الله ،افزاعاً .

(كنباه) مثل إفزاع صوتٍ قطيعاً (اجفلت) هربت مسرعة بمجرد ذلك الصوت أو كانت عادته الهرب بسرعة لأدنى شئ من "اجفل القوم" هربوا

---

[١] راجع الصحاح ١٨٤٧/٦ تحت المادة "عدى" .

[٢] فى الاصل :أى ،التصويب من ب .

محال اور ناممکن ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افضل الانبیاء اور سید الرسل ہیں۔ صلوات اللہ علیہ و علیہم اجمعین۔ اسی طرح۔ کنا اکرم الامم۔ اس لیے کہ امت کی شرافت اور عزت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عزت اور شرافت سے ہے۔

۱۱۸

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جلوہ گری نے دشمنوں کے دلوں کو خوفزدہ کر دیا
جیسے بے خبر بکریوں کے ریوڑ پر شیر کی گرج کپکپی طاری کر دیتی ہے

راعت۔ ڈرے اور خوف کھائے۔ رعت فلاناً و روعتہٗ فارتاع۔ میں نے فلاں کو ڈرایا۔ میں نے اس کو ڈرایا پس وہ ڈر گیا۔ قلوب الھدیٰ عین کے زیر کے ساتھ۔ یہ جمع ہے۔ اس کی قتال نہیں۔ اسی طرح صحاح میں ہے۔ انباء خبریں نبا کی جمع ہے۔ عظمت اور شان اور شان والی خبر کو کہتے ہیں۔ بعض شروحات میں اسی طرح آیا۔ بعثہٖ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مخلوق کی طرف مبعوث ہونا۔ یعنی محروم دشمنوں کے دل خوف زدہ ہو گئے۔ یہ خبریں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے پہلے اور ولادت باسعادت کے وقت ظاہر ہونے والے واقعات پر دلالت کرتی ہیں۔ یا وہ عظمت جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے تورات وغیرہ کتب سماویہ میں ثابت ہیں۔ یا اس سے معجزات کثیرہ مراد ہیں۔ یا اس سے مراد صرف وہ خبر (اطلاع) ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے نبی ہیں۔ جس سے ہر طرف دشمنوں کے دلوں میں خوف و خطر پیدا ہوا۔

کنباۃ۔ افزاع کی طرح وزن ہے۔ ہیبت ناک آواز (شیر کی آواز کی طرح) اجفلت۔ صرف آواز سن کر گھبرا گئی۔ یا اس کی عادت تیزی سے بھاگنا تھی۔ جیسا کہ

کہا جاتا ہے۔"اجفل القوم" یعنی وہ تیزی سے اس ہیبت ناک آواز کی وجہ سے بھاگے۔ غفلاً یعنی وہ اس آواز کی حقیقت اور نا آشنا تھیں کہ یہ آواز خیر ہے یا کہ شر ہے۔ وہ بجلی کا کڑکا تھا یا صوت ہادی۔ عرب کی زمین جس نے ساری ہلا دی۔ اور غفل عین معجمہ کے پیش کے ساتھ ہے۔ غافل کی جمع ہے۔ جیسا کہ بزل اور بادل اسی طرح بعض شروح میں آیا۔ اور بعض میں یوں آیا۔ غفل کی جمع کا واحد غافل نہیں آتا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ غفل اسم تفضیل اغفل کی جمع ہو اور عین کو ضرورت کے تحت ساکن کیا گیا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ یہ وزن اسم فاعل قیاسی کا نہیں ہے۔ اور نہ اسم فاعل سماعی کا۔ پس درست وہ ہے۔ دوسری بار کہا۔ اور دوسری بار کا کہنا ٹھیک نہیں تو پھر پہلی بات ٹھیک ہے۔

بہر حال اس کا یہ کہنا لا یبعد آخر تک، اس میں قدرے تفصیل ہے۔ غور و تدبیر کریں۔ اور جو توجیح ہم نے ذکر کی۔ اس کو کوئی رد نہیں کر سکتا۔ اجفال لغت میں بھاگنے کو کہتے ہیں نہ کہ بھگانے کو، یہاں تک کہ جو کچھ کہا گیا۔ اس کی طرف محتاج ہیں۔ اور اس کی آخری توجیہ یہ ہے کہ یہاں غفلاً منصوب بحذف باء التعدیہ ہے۔ لیکن اس کا صحیح ہونا سننے پر موقوف ہے۔ اس حال کہ گرجدار اور خوفناک آواز موجود ہو۔

من الغنم۔ یعنی کفار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صرف آواز مبارک سے اس قدر خوفزدہ ہو گئے۔ جیسا کہ بکریاں صرف آواز سے ڈر جاتی ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

"ایک مہینہ کی مسافت کے برابر مجھے رعب سے نوازا گیا۔"

مسرعين حال كون ذلك[1] القطيع (غُفُلاً) غافلات عن حقيقة ذلك الصوت أنه شر، والفعل بضم العين المعجمة، جمع غافل كبزل وبازل كذا في بعض الشروح، وفي بعضها: أن جمع غافل لم يجي على غفل ولايبعد أن يكون جمع أغفل اسم تفضيل وأسكن العين للضرورة، والحق أن هذا الوزن إن لم يكن قياساً في اسم فاعل ولم يكن مسموعاً فالصواب ما قال الثاني والا فالاول.

واما قوله: ولايبعد .... آه .... ففيه بحث فتدبر! وبما ذكرنا من التوجيه لايرد عليه[2] ان الاجفال في اللغة بمعنى الفرار لا الافرار حتى يحتاج الى ما يقال وغاية التوجيه أن غفلاً منصوب بحذف باء التعدية لكن صحته موقوفة على السما حال كون ذلك القطيع كائناً.

(من الغنم) يعني أن الكفار يفزعون ويبهتون بمجرد خبره صلى الله عليه وسلم كالغنم تفزع من مجرد الصوت كما قال صلى الله عليه وسلم:

نصرت بالرعب مسيرة شهر.[3]

---

[1] سقطت من الاصل والتكملة من ب.

[2] سقطت من الاصل والتكملة من ب.

[3] راجع: صحيح البخاري ۱۲/۲ كتاب الجهاد والسير، باب قول النبي صلى الله عليه وسلم، نصرت بالرعب مسيرة شهر" والخصائص الكبرى ۱۹۳/۲ وشرح الشفا لعلي القاري ۳۶۵/۱

١١٩

مَا زَالَ يَلْقَاهُمْ فِي كُلِّ مُعْتَرَكٍ
حَتَّى حَكَوْا بِالْقَنَا لَحْماً عَلَى وَضَمِ

(مازال) النبي صلى الله عليه وسلم (يلقاهم) يحاربهم (فى كل معترك) موضع حرب (حتى) غاية يلقاهم (حكوا) شابهو (بالقنا) على الرماح، تناً كعلى جمع قناة، وهو الرمح (لحماً) مفعول حكوا كائناً (على وضم) شئ يوضع عليه اللحم من خشب أو غير يقال له[1] بالفارسية "تناره" يعنى استمر قتال النبي صلى الله عليه وسلم للكفار إلى أن شابهوا كائنين على رماح أهل الاسلام التى هى بمنزلة الوضم للقصاب لحماً كائناً على وضم القصاب فكما أن القصاب حريص دائما لا يفتر على ذبح الحيوانات كذلك اهل الاسلام حريصون على قتلهم لا يفترون ولا يبالون بهم[2] حتى.

١٢٠

وَدُّوا الْفِرَارَ فَكَادُوا يَغْبِطُونَ بِهِ
أَشْلَاءً شَالَتْ مَعَ الْعِقْبَانِ وَالرَّخَمِ

(ودوا) أحبوا أى الكفار الباقون رأوا حال القتل (الفرار) منه صلى الله عليه وسلم (فكادوا) قاربوا لما رأوا انهم لا يجدون عنه صلى الله عليه وسلم محيصاً.

---

[1] سقطت من الاصل والتلكه من ب

[2] وفى ب: لهم.

۱۱۹

آپ ہر معرکہ میں کافروں کا مقابلہ کرتے رہے یہاں تک
کہ دشمن نیزوں کے سبب تختۂ قصاب پر گوشت کے مشابہ ہو گئے

مازال۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ بلقاھم۔ اُن کے خلاف جہاد فرماتے۔ فی کل معترک۔ ہر میدانِ جنگ میں۔ حتی۔ جنگ کے اختتام پر۔ حکوا۔ انہوں نے مشابہت اختیار کی۔ بالقنا۔ نیزوں پر قنا علی کے وزن پر ہے۔ قناۃ اس کی جمع ہے۔ اس سے نیزہ مراد ہے۔ لحما۔ یہ حکوا کا مفعول ہے۔ علیٰ و ضم۔ کوئی چیز جس پر گوشت رکھا جائے۔ لکڑی یا اس کے علاوہ کوئی چیز ہو۔ اس کو فارسی میں قنارہ کہتے ہیں۔ یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسلسل جہاد فرماتے رہے۔ یعنی کفار کا گوشت اہل اسلام کے نیزوں کے لیے ایسا ہو گیا۔ جس طرح قصاب کے تختے پر گوشت ہوتا ہے۔ اور جس طرح قصاب بلا جھجک ہمیشہ جانوروں کو ذبح کرتا رہتا ہے۔ اسی طرح اہل اسلام بھی بلا تردد کفار (سرکش) اور حملہ آور) پر حملہ آور ہوتے ہیں یہاں تک کہ۔

۱۲۰

دشمنوں نے بھاگنا پسند کیا پس قریب تھا کہ وہ بھاگنے کے سبب
رشک کرتے گوشت کے ٹکڑوں پر جو عقابوں اور مردار خوار چیلوں کے ساتھ بلند ہو رہے تھے

ودوا۔ میدان جہاد میں بچے کچھے کفار نے جب قتل کفار کو دیکھا تو انہوں نے پسند کیا۔ چاہا۔ الفرار۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فرار اور بھاگنا۔ فکادوا۔ قریب تھا۔ انہوں نے دیکھا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا کوئی راستہ

(يغبطون) بكسر العين، يتمنون، والغبطة أن يتمنى مثل حال المغبوط من غير أن يريد بزوالها[1] تقول غبطة بما نال (به) الفرار (اشلاء) أعضاء جمع شلو وهو العضو (شالت) ارتفعت (مع العقبان) جمع عقاب وهو طائر (و) مع.

(الرخم) جمع رخمة كطلبة، طائر أبقع تشبه النسر فى الخلقه يعنى أنهم لغاية جبنهم ومغلوبيهم وخذلانهم وعدم وجدانهم إلى الهرب سبيلاً قاربوا أن يتمنوا أن يحصل لهم حال أعضاء متفرقة على وجه الارض بأن يحسبهم العقبان والرخم جيفاً فتأخذهم كما تأخذها.

والنكتة فى اختيار الغبطة على الحسد ما تقرر من أن الحاسد لايسود[2] ولا يحصل له المقصود، فخافوا أن لو اختاروه لايحصل لهم ما تمنوا، فاختاروا الغبطة رجاء أن يحصل لهم تلك الحال[3] القبيحة غاية القبح مع أنها مطلوبهم ومقصودهم، وأما ما قيل من أنهم تمنوا أن يذهب بهم العقبان فيما بين الاشلاء ليختفوا فيها لإبدالها مخافة أن يعرفوا ففيه تامل.

[1] وعبارة ب: تتمنى مثل حال المغبوط من غير أن تريد زوالها.

[2] وفى الاصل: "يسر"، والتصويب من ب.

[3] سقطت من الاصل والتكملة من ب.

نہیں دیکھا۔ یغبطون۔ عین کے زیر کے ساتھ۔ وہ تمنا کرتے ہیں۔ اور غبطہ یہ ہے۔ دل کی اتھاہ گہرائیوں سے چاہنا اس کے زوال کو سوچے بغیر۔ غبطہ کسی چیز کے ملنے پر بولا جاتا ہے۔ بہ فرار۔ اشلاءً اعضاءِ شلو کی جمع ہے اور عضو کو کہتے ہیں۔ شالت۔ بلند ہو گئے۔ مع العقبان۔ عقاب کی جمع ہے اور وہ ایک پرندہ ہے۔ (وَ) ساتھ۔

الرخم۔ رخمة کی جمع ہے طلبة کے وزن پر۔ ایک ابقع پرندہ ہے جو شکل و شباہت میں نسر پرندے جیسا ہے۔ وہ لوگ اپنے بخل مغلوبیت رسوائی اور راہ فرار اختیار نہ کرسکے کی وجہ سے اس جہالت تک پہنچ چکے ہیں۔ کہ وہ تمنا کرتے ہیں کہ ہمیں زمین پر اعضاء متفرقہ نصیب ہوں کہ ہم عقاب اور رخم کی مدا ور کو حاصل کرسکیں۔

